ORI
891.431
meerlsihr
70582

00070582

Digitized with financial assistance from the
Government of Maharashtra
on 03 December, 2015

3397

70582

TO

DOCTOR FRANCIS BALFOUR,

SENIOR MEMBER OF THE MEDICAL BOARD;

FORT WILLIAM.

DEAR SIR,

YOU were one of the first to encourage and recommend my exertions as a Hindoostanee Scholar, and certainly ought not to be the last in receiving the only testimony of gratitude, which an Author can offer in this way, to his friends; permit me therefore to dedicate this small work to you. Were you not otherwise entitled to such a mark of respect from me, the esteem and regard which I have ever cherished for a Gentleman of distinguished liberality of sentiment, an ingenious Physician, and a general scholar, would at once have pointed you out, as one of the most appropriate patrons of any publication in a language, for which, you have done a great deal, though it lay not in the immediate line of your studies in India. Should I have till now inadvertently omitted to thank you in public, for the large collection of pure Hinduwee verbs, with which you kindly assisted me, many years ago, I take this opportunity of stating how much I owe, in that department alone, to the zeal and discrimination you then evinced, as a Hindoostanee scholar.

I remain, Dear Sir,

With affection and respect,

Yours very truly,

JOHN GILCHRIST.

Baghi Oordoo

PREFACE.

THE beautiful Fairy Tale compoſed ſome twenty or thirty years ago by Meer Huſun, in Hindooſtanee verſe, is here preſented to the reader, with ſome little variations and enlargement in proſe, for the uſe of beginners, in that popular language. The preſent performance was undertaken and completed at my ſuggeſtion, by the Hindooſtanee Meer Moonſhee, Meer Buhadoor Ulee, on the firſt eſtabliſhment of a regular plan of inſtruction in the Hindooſtanee and Perſian by the Govenment. Since that period, our progreſs in every branch of Oriental literature, has been ſo very rapid, as to oblige us to reviſe, newmodel, and enlarge the books on general principles of utility, as a ſtandard of Hindooſtanee proſe compoſition. It was my wiſh to combine in this work the advantages of a vocabulary with the pleaſure of peruſing a very entertaining novel, and for this reaſon, we have in many places been more prolix in the enumeration of particular things, ſuch as fruits, diſhes, muſical inſtruments &c. than there was any neceſſity for, had we not conceived ſuch a detail very beneficial to beginners. The ſheets in their paſſage through the preſs, have been ſubmitted, as all our literary labours are, to the examination and correction of Meer Sher Ulee Ufsos, and the other learned natives in this department, I fondly truſt, with the beſt effects. If any irregularity of ſtyle be perceptible in the preſent work, it may ſafely be attributed to the above cauſe, for the proſe writer, Meer Buhadoor Ulee, himſelf, is remarkable for the moſt perſpicuous plain ſtyle in all his compoſitions. The public may now expect the poem by Meer Huſun in the courſe of a few months, with the life of that celebrated modern poet of India. This will enable every Hindooſtanee ſcholar to appreciate the worth and utility of the Nufri Benuzeer, by contrafting it with the original performance itſelf, and I have little doubt, that this copy will ſtand the teſt of ſuch a compariſon, with conſiderable credit to Meer Buhadoor Ulee, as well as to Meer Sher Ulee, and the reſt of the natives who reviſed it, previous to publication. Until we adopted the reformed mode of exhibiting the Hindooſtanee in the Perſian character, it

was frequently impoſſible to decide, whether any particular word was maſculine or feminine, ſingular or plural, whence much altercation aroſe about the explication of ſentences, thus rendered very ambiguous in their beſt authors. Our preſent poets and learned men, on their firſt arrival, found the new arrangement ſo very hoſtile to all laxity of grammar and ſtyle, that even they were occaſionally caught tripping, where it would have been otherwiſe impoſſible to detect them. A curious inſtance of this ſort, which lately occurred, may be worth relation in this place, becauſe it elucidates the native character moſt admirably, and may conſequently eſtabliſh an anomaly in the Hindooſtanee, which muſt ultimately be admitted as a rule, and followed of courſe by future grammarians. Many words, as nouns, adjectives and verbs, have the appearance in this tongue of poſtpoſitions, and generally require either the inflected maſculine in the genetive, or the feminine form of that caſe. *All* adjectives, maſculine nouns and ſimple poſtpoſitions or adverbials, uſed as compound poſtpoſitions, require the maſculine inflection *ke*. Murd *ke* age, before the man; murd *ke* nuzdeek, near the man. Feminine nouns on the contrary, though uſed poſtpoſitionally, almoſt invariably require the feminine genetive ſign *kee*, murd *kee* turuh, like a man; murd *kee* turuf, towards a man. By ſome miſhap, or other, one of our beſt poets, on his arrival in Calcutta, wrote *kee*, I preſume inadvertently, for *ke* before *manind* like, introduced as a poſtpoſition. I objected to the poſſibility of manind ever being met with as a noun, and aſſerted, that it could not therefore either be of the feminine gender, nor in my opinion did it ever govern the feminine genetive. My learned friend perſiſted in his aſſertion, and had moreover the addreſs to perſuade thoſe Hindooſtanees, whom I would conſult, that he, as a Poet and native of Hindooſtan, muſt be right, and I, as a foreigner, muſt neceſſarily be wrong. I appealed to the beſt claſſic authors in ſupport of my rules, but alas! they never had yet diſcriminated in writing ke, kee, or even kue, from each other, the point in diſpute was therefore left as much undetermined as ever, by a reference, which under other orthographical circumſtances, ought to have decided the matter at once. From every oral experiment I have made with people not under the influence of, nor previouſly inſtructed by, my learned friend to introduce *kee* manind, I have conſtantly heard them ſay *ke* manind and ſtill adhere to my original belief, although in this work, for very obvious reaſons, the *kee* with *manind* may often ſtare the reader in the face. It is even poſſible enough, that proof of *kee* being right may be yet brought from the *rudeef* or rhyming chime of a poem ending in *ee*, but even this can have no farther weight with me, than the acknowledged prevalence of poets, with reſpect to metre and grammar in every language, ought to have with judicious grammarians, for we all know, that ſenſe and reaſon are ſacrificed

on a pinch, to ſound and rhyme, by the bards of every age, and clime, and by none perhaps more frequently than by thoſe of Hindooſtan. Let me, on his occaſion, invite every friend to rational enquiry and the inveſtigation of truth, to diſcover, if poſſible, whether my opponent or I be wrong and however mortifying to my pride as an author, let me beſeech the candid inveſtigator to favour me with the reſult, that I may recant or not accordingly. To prove how very injurious to real ſcience, every thing like poſitiveneſs of opinion muſt be, in diſcuſſions of this nature, I need only mention one curious apparent anomaly, in the poſtpoſitional department of Hindooſtanee grammar. The word *miſl* as a noun is feminine, but uſed as a poſtpoſition it never governs *kee*. Toom upnee miſl meň ja bytho, go and be ſeated in your poſt, i, e, with people like you. Hum ne aj tuk oos *ke* miſl kiſee ko nu dekha, I have never ſeen till this day a man like him.

This ſeeming irregularity puzzled all my people very much, and would certainly have ſtaggered me alſo, had I not accounted for it immediately by adverting to the various forms of this word in Arabic, both as a noun and an *adjective*. Taking it as the *latter*, introduced poſtpoſitionally into the Hindooſtanee, *ke* before it is perfectly [illegible] and in its capacity as a feminine noun, *kee* is equally regular, as [illegible] above. *Maneńd* ſeems a mere adverbial, that can have no [illegible] *ke*, on any idea or pretence whatever, but rather than give [illegible] our Poet even inſiſted, that the mere tranſpoſition of words [illegible] tongue was always ſufficient to alter the regimen entirely. According to him, murd *kee* turuf, towards the man, if ſo far tranſpoſed, ſhould be, turuf murd *ke*, now as no language is more flexible in the ſimple poſition of words, than the Hindooſtanee, it muſt follow, were our Poets notion juſt, that it in fact poſſeſſes no ſuch thing, as a grammar. This idea is in reality what the great body of the Hindooſtanee literati have long been driving at, for no other earthly reaſon than their own ignorance of the exiſtence and excellence of thoſe rules, which they daily, as ſpeakers and writers, put in practice, but of which they can no more give any rational detail or account, than the man in the moon. What may not the brute beaſts of the field be brought to practiſe, in the courſe of years, and where is the difference between them and human beings, if the latter are unable to reaſon, and think with propriety, upon the nature and laws of that ſpeech, which they uſe as men? Many may [illegible]

ſome months ago, was acting officially among the natives and told his officers in a mild but firm manner, that he expected to be treated, on the ſhoe ſcore with due reſpect, as their ſuperior. They replied, that as his predeceſſor never ordered them to unſlipper in his preſence, they were not prepared to pay him any more attention, and inſiſted on their right to wear their ſhoes by preſcription. The Gentleman very wiſely put up with this remonſtrance, but at the ſame time ordered his own ſweeper and every other ſervant to come ſlippered alſo, under the penalty of a ſound ſlippering to the very firſt tranſgreſſor. Theſe orders were no ſooner iſſued than the recuſants came in a body, and promiſed never to encroach with their ſhoes again, provided his worſhip would revoke the inſtructions juſt given to his own domeſtics. The Gentleman complied, and has never ſince had the ſmalleſt cauſe of complaint againſt his people for diſobedience, inſolence, or diſreſpect of any kind, and they are all now on the beſt terms with him imaginable, as a man of great temper and not leſs diſcrimination. If any man of common ſenſe, who may yet travel in Hindooſtan will only uſe the precaution effectually to prevent his Calcutta bred Moonſhees from giving his viſitors their due about the ſlippers, before they are introduced, I could ſtake my exiſtence, that we never would be expoſed to the inſults and degradation, we muſt ſtill ſubmit to, in this capital, on that ſcore alone. The fact is, that every native knight of the ſhoe, who accompanies Gentlemen from the Preſidency to the country, takes ſpecial care to dub his brethren there of the ſame order immediately, leſt their politeneſs might expoſe the cloven foot and at once betray that inſolence, which is founded on our total ignorance, in this reſpect, of the real manners and cuſtoms of the Eaſt. Why are the higher ranks even often ſeen to converſe with and interrogate a durwan or mihtur at our gates; about the temper and underſtanding of the maſter of the houſe, before they poſitively approach him, but for the purpoſe of aſcertaining apriori, whether he be, what they ludicrouſly term, a *Juriſhtu* or lone kee chirya, for their purpoſe. When the natives thus diſcover, that the landlord is a bird of a different feather, they wiſely act accordingly and reſerve their inſolent demeanour for thoſe only, whom they deem gulls enough to encourage and defend it. A native Gentleman, well known in Calcutta, was once interrogated, by a friend of mine, on the point in queſtion and he honeſtly acknowledged, that I was perfectly right in my opinions on that matter, but he very archly added, no

It conſtantly has occured to me, that when a native has made a blunder in any part of his vernacular tongue, he would much rather deceive me, and eſtabliſh a falſe rule in the Hindooſtanee to miſlead people by it to all eternity, or ſwear there was no grammar in the language, than manfully declare, that he had inadvertently been guilty of an error and would avoid it carefully in future.—When one interrogates them cloſely reſpecting the right and wrong way of uſing a word, and they have unluckily been clearly out in their conjectures about it, they generally reſort to their famous ſalvo in all ſuch dilemmas. Haň dono dŏŏr ŏŏſt hueň ſahib, "true Sir, both are right, and to this my learned friend Meer Sher Ulee Ufsos had recourſe, by aſſuring me that, "manind oos ke uor oos kee manind ek hee hue." Be it ſo, but as falſe facts and falſe rules founded upon them are not new in the hiſtory of literature, we never can be too cautious in our admiſſion of ſuch innovations, from which the abſurd and contradictory rules of many tongues may have oftener taken their origin, than we can now conceive, without more experience in the riſe, progreſs and downfal of particular languages, than will ever fall to the ſhare of an age, far leſs to that of one man. The preſent enquiry reminds me greatly of my reſearches into the manners and cuſtoms of the natives, publiſhed ſome years ago in the Antijargonift, for the information and general benefit of them and my countrymen. That my aſſertions there on the ſubject of the ſhoe intruſion have been ſince confirmed to me from all quarters of this country, is a fact, which I may yet have an opportunity of demonſtrating to my readers, for although the whole of my doctrines have been contradicted by the higheſt black authorities in Britiſh India, I never will deſert from the purſuit, until I convict them, or am convicted by them, of deliberate falſehood in this buſineſs, which, as a writer, I took up on the pureſt principles of doing good to every one in the the ſmalleſt degree intereſted in the iſſue of that diſcuſſion. In it, as in the Hindooſtanee, I ſhall preſs boldly forwards to that goal, which has hitherto cheered me through a thorny path, with the light of truth, in ſpite of the dark lanthorn of prejudice and miſplaced partiality, by which it has long been obſcured from public view. The man who moſt ſeriouſly adviſed his readers not to wet their wafers with ſpittle, and to refrain from every act at all offenſive to the natives, is not very likely to be the very firſt perſon who would wantonly perſiſt in exacting any degrading homage from them, at the expence of his veracity, and perhaps his own future proſpects in life. Even now, after much provocation from his opponents, he is ſo far from encouraging or countenancing harſh meaſures to enforce that reſpect, which the inhabitants owe us as Gentlemen, that he feels much pleaſure in the anticipation of the following fact, which will ſooner or later appear, with many others of a ſimilar nature, in a projected work, on that theme alone. A young Gentleman,

the ſociety of Gentlemen uncovered, who were as wiſe as himſelf in this reſpect.

The moſt effectual mode of convincing the inhabitants of India, that any given perſon is capable of managing them with propriety, is to evince a firmneſs of mind in the ſupport of what they are conſcious is right, founded upon diſcriminative talents and local information, which ought in no inſtance to bend under a ſpecies of baſhfulneſs or falſe modeſty, that the natives know not how to appreciate and will in all caſes moſt groſsly abuſe. Many of them have been ſo very ſucceſsful in this way of intruding upon other gentlemen, as to induce them to make a ſimilar attempt, more than once, on my forbearance alſo, but they have invariably found reſolution and perſeverance ſufficient in me to inſiſt upon and maintain that reſpect at all hazards, which they knew was my right as a man, who can boaſt of ſome little experience and obſervation in this country.

I would not barter this determination for all the unmeaning ſlaviſh incenſe that they pretend to offer on the ſhrine of the very ſame goodnature, which they trample under foot and turn into ridicule in their own circles, at the expence of their patrons and friends among us, who they obſerve very patiently ſubmit to that inſolence and evident diſreſpect, which they durſt not ſhow to each other, on any pretence whatever. One of the learned natives, who was, or pretended to be, too much of a Gentleman to condeſcend to pull off his ſhoes before a Subaltern Officer, proved himſelf in a Court of Juſtice very lately not above committing a forgery, or ſome thing very like it, to defraud me of a few rupees, and to charge the Officer his maſter, ſo many more than he actually diſburſed for him. This is no bad nor uncommon ſpecimen of thoſe black Gentlemen, who, their advocates ſay, would be diſgraced by paying us only common civility.

It may be neceſſary to ſtate, that my reaſons for adopting the ſmall Arabic type, for this Hindooſtanee publication, were, in the firſt place, to expedite its appearance, and in the ſecond, to accuſtom the Hindooſtanee ſtudents to this particular letter. As I began a number of works at the ſame period, there was no other remedy than to uſe ſeveral different fonts upon them. The ſmall Arabian character is much uſed in books printed at home, and is on the whole ſo very diſtinct, that few real Hindooſtanee ſcholars can ever be at the ſmalleſt loſs to decipher it, in its application here to that language. The reader has only to peruſe, with the ſlighteſt attention, a ſingle page to enable him to overcome every difficulty that can occur in this letter, when compared with the nuſtaleeq, and as it is of very eaſy imitation by a pencil, he may yet find it of great uſe for writing notes in the oriental languages. I once ſaw a Perſian eſſay on logic, written entirely in this way, by Dr. Francis Balfour, with much neatneſs and accuracy, that he very properly recommended

00070582

الله اکبر

نثر بے نظیر

سحر البیان مثنوی کی

جس کا مصنف میر حسن ہی

تالیف کیئی ہوئی میر بہادر علی حسینی

کی مدرسۂ جدید کے لیے عہد میں زبدۂ نویسنان

عظیم الشان مشیر خاص شاہ کیوان بارگاہ

انگلستان مارکویس ولزلی گورنر جنرل

بہادر دام ظلہ کے حکم سے خداوند

نعمت جان گلکرست صاحب

بہادر دام اقبالہ کے

نہیں ہی بحث کا طوطی ترا دہن مجھ سے

سخن ہی سن لے تو رنگیں ترا چمن مجھ سے

سخن مرا ہی مقابل مرے سخن کے میں

کہ میں سخن سے ہوں مشہور اور سخن مجھ سے

سنہ ۱۸۰۳ عیسوی مطابق سنہ ۱۲۱۸

ہجری ہندوستانی چھاپے

خانے میں چھاپا کیا

ہوا منشی آفتاب

الدین

کا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قلم سے لکھوں پہلے نام خدا کہ حاصل ہو دل کا مرے مدعا

وہ کیا ہی کہ ہو یہ کہانی تمام بحق نبی سرور خاص و عام

جسکی زیبایش لایق ہی ایسے خالق کو جسنے مجرد و مادی پیدا کئے ادراک و حواس

جو اُن میں قابل تھے اُن کو دیے انسان کو اُن میں شریف تر بنایا۔ حسن و عشق اُس کو

عطا فرمایا کون پاسکے اُس کی صنعت کے راز۔ اُن کو آپہی جانتا ہی وہ بے نیاز رحمت

کاملہ کی آرایش سزاوار اُس نبی کے ہی۔ قرآن سا معجزہ جس کے لیے بھیجا اور قصہ

ہر ایک پیغمبر کا اُس میں بیان کیا بشر کی تاب کیا جو اُس کے مقطعات کے اشاروں کو

سمجھے۔ یا مرکبات کے معانی کی تہوں کو پاوے تحفہ سلام کا قابل اُسی کے آل و اصحاب

کے ہی جن کا رتبہ عرش سے اعلیٰ ہی اور علم فرشتوں سے بھی بڑا

سراہا ہی حق نے انہیں بارہا

کروں مدح اُن کی مرا منہ ہی کیا

بعد اس کے قصۂ بے نظیر و بدر منیر کہ نظم میں تصنیف کیا ہوا شاعر بے ہمتا - ادا بند

یکتا - رونق بزم سخن میر حسن مرحوم متخلص بہ حسن - سعید ازلی - خلف الرشید

میر غلام حسین ضاحک دہلوی کا تھا (فی الواقع ہر ایک مصرع اُس کا فصاحت و بلاغت

میں بے نظیر ہی اور ہر ایک شعر حسن و خوبی میں مثل بدر منیر جو سخندان منصف مزاج

و عاشق پیشہ ہیں - اُس کی قدر جانتے ہیں اور جن کو اُس طرح کی شاعری پر قدرت ہی - وہی

اس کی طرز یہ خوبی پہچانتے ہیں مقابل اس کے نظم کس سے ہوسکے - بلکہ کوئی اس کی رمزوں

کو پاتو سکے ؟ قاصر ہی زبان اُس کی توصیف میں - ہر کہہ و مہہ مشغول ہی اُسی کی تعریف میں)

اب اُس کو عہد میں شاہ عالم بادشاہ کے اور ریاست میں امیر سرابا تدبیر - فلاطوں منش -

ارسطو دانش - غربا پرور - آرایش سپاہ و لشکر - زبدۂ نویینان عظیم الشان - مشیر خاص شاہ

کیواں بارگاہ انگلستان مارکویس ولزلی گورنر جنرل بہادر دام اقبالہ کی سن ۱۲۱۷ بارہ

سی سترہ ہجری میں مطابق سنہ ۱۸۰۲ اٹھارہ سی دوعیسوی کے - حکم سے صاحب

خداوند نعمت روشن ضمیر - عالی حوصلہ والا تدبیر جان شکلکرست صاحب بہادر دام

حشمتہٗ کے - عاصی میر بہادر علی حسینی نے شروع قصے سے موافق محاورۂ خاص کے نثر میں لکھا

پہلے اسے یہہ خاکسار اس کہانی کو خاص و عام کی بول چال کے مطابق بہ طرز سہل واسطے صاحبان

نو آموز کے تحریر کر چکا تھا اب جی میں یوں آئی کہ اس داستان شیریں کو (کہ فی الحقیقت قصۂ شیریں سے شیریں تر ہی) اس رویّے سے نثر کروں کہ ہر ایک زبان داں و شاعر اس کو سن کر عش عش کرے اور اس ہیچمدان کی ایک یادگاری دنیا میں رہے

کہانی کی ابتدا

کسی شہر کا ایک بادشاہ تھا رتبے میں شاہنشاہ رعیّت پرور عالم پناہ خزانے اس کے ارب کھرب سے بھرے پڑے جواہرخانے میں طرح بطرح کے جواہر ان گنت چوکے کھرے انوشے خالے کے بیچ انواع اقسام کے تھان قیمتی بے شمار پوشاکیں ہر نوع کی شاہانہ و امیرانہ تیار چار وزیر اسکے دانش و عقل میں یکتا امرا شجاع و دانا ہزارہا سپاہ کی کثرت ملنج و موم سے زیادہ مرقّعہ احوال ہر ایک سوار و پیادہ

کوئی دیکھتا کے جب اس کی فوج ۔۔۔ تو کہتا کہ ہی بحر ہستی کی موج

فیل خانے میں ہزاروں خوب صورت پایل نچھول ہاتھی اصطبل کے بیچ لکھا کھوڑے پری پیکر عربی و عراقی

طویلے کے اس کے جو ادنی تھے خر ۔۔۔ انہیں نعلبندی میں ملتا تھا زر

ملک اس کا رشک مینو سواد بہت بڑا اور نہایت آباد رعیّت مال وزر سے سبکی سب آسودہ نہ کسی کو مفلسی کا دھیان نہ چوری کا اندیشہ زمین اس سرزمین کی سرسبز و شاداب ہر ایک کی نظر اس کے نظارے سے سیراب کوئی بے اندازے پاکیزہ و شیریں جدھر تدھر تالاب باولی جا بجا اپنے اپنے موقع پر اور ایک چھوٹے بڑے کے گھر میں حوض و نہر آب لطافت لے رہا تھا

هر ایک طرف لہرا مکانات کچے کے اکثر خوش اُسلوب صاف ستھرے - پیک نظر جس پر سوچ سوچ پاؤں دھرے ا کیا کہیے اُس کی آراستگی وفضا! وہ نصف جہان اصفہان تھا گویا اہل حرفہ وہاں کے سب کاریگری میں بے نظیر - بازار وہاں کا ایک لغت مُرقّع تصویر ا موجود وہاں ہر ایک طرح کا عالم - جہاں تہاں ہر ایک وقت گذری کا سا عالم

یہ دلچسپ بازار کا چوک تھا

کہ ٹھہرے جہاں بس وہیں دل رہا

بہار ایسی رکھتے تھے بازار کے رستے - گویا پھول رہے تھے گلزار کے تختے ا دوکانیں دو رستہ پختہ وشفاف یکسر - ایک کا عکس ایک میں آوے نظر ا ہر ایک گلی کوچے میں سنگ مرمر کا فرش - قلعہ وہاں کا بلندی میں مثل عرش ا پہار اُس کے سامہنے ایک رائی - رود نیل سی اُس کے گرد کی کھائی - اُس کی عمارت کی ساخت جو دیکھیے ایک آن - معمار قضا عمر بھر رہے حیران ا ہر ایک محل اُس کا صفائی میں خانہ نور - جو دیکھے کے خدا کی قدرت ہی معمور ا دن رات عیش وعشرت اور چہل - ناچ رآگ کے سوا کچھہ اور نہ تھا شغل ا جو غریب فقیر محتاج اُس ملک میں آیا - نیا لغور تونگر ہوا ا شہر تھا کہ خانہ دولت - شہریار تھا کہ ابر رحمت

نہ دیکھا کسی نے کوئی وہاں فقیر

ہوئے اُس کی دولت سے گھر گھر امیر

رشک باغ ارم ہر ایک باغ اُس کا - بن رُت کے پھول اور پھل وہاں موجود سدا ا جہاں خزاں میں

رہتا ہر بہار کا سماں - وہاں کی بہار کا کیا کہیے بیان؟ غم کا اُس دیار میں تھا کیا ایکھا؟

بجز لالہ کے کہیں داغ نہ دیکھا! جہاں تہاں عیش و عشرت - ہر ایک جا راگ رنگ کی صحبت!

جس جس مقام پر سیر کیجے خوشی - تنگ دلی فقط غنچوں ہیں میں تھی! رشک و حسد نہ تھا

کسی کو کسی سے - باہم رہتے تھے سبھی ملے جلے! بادشاہ کو مدام ماہ رویوں سے صحبت ہے اور

جامہ زیبوں سے رغبت! ہزاروں غلام پری پیکر - اُس کی خدمت میں حاضر شام و سحر

کسی طرف سے وہ نہ رکھتا تھا غم ... مگر ایک اولاد کا تھا الم

اپنے نہال سلطنت کو جو دیکھتا بے ثمر - پژمردہ ہی رہتا تھا ہر! اُس کا خانہ دولت جو بے

چراغ تھا - اسی واسطے اُس کے دل پر داغ تھا

دنوں کا یہہ اُس کے عجب پھیر تھا

کہ اُس روشنی پر یہہ اندھیر تھا

قصہ مختصر ایک روز وزیروں کو بلا کر اُس نے اپنے دل کا احوال اظہار کیا - کہ مجھے

بادشاہت اب منظور نہیں - اور اس بوجھ کے اُٹھانے کا مقدور نہیں! ملک داری کے سبب

تیری کاہش میں جان پر بن - ایک عمر انتظام سلطنت میں کوشش کیں! کہاں تک دنیا

کی فکر میں دین سے غافل رہوں؟ اور مملکت کی طلب میں جان پر جوکھوں اُٹھاؤں؟ اب میں

نے دھیان اُٹھا دیا زر و مال کا - خواہاں ہوں فقیری کے حال و فال کا سوائے اُس کے

میرے حق میں کچھ بہتر نہیں کہ وارث تخت و تاج اب تک میرے گھر نہیں

فقیر اب نہ ہوں تو کروں کیا علاج ... نہ پیدا ہوا وارث تخت و تاج

اب جوانی نیری پیری نمود ہوئی۔ اتنی حرص دنیا کی کس واسطے اور یہہ بکھیڑے کس کے لیے؟ سچ تو یہہ ہی جوانی کا جانا زندگانی کا جانا ہی۔ جہاں داڑھی میں سفید بال نکلا مرگ کا پیغام پہنچا۔ وزیروں نے یہہ سن کر عرض کی۔ ای آفتاب آسمان سلطنت! ذرہ وار مضطرب ہونا اور اپنی جان کو ایسے اندیشوں میں کھونا۔ خردمندوں کی شان سے اور عقل۔ مندوں کی آن بان سے بعید ہی۔ دنیاداری کے لباس میں فقیری کرنا مزا ہی اور الگ رہنا عیش آلودگی میں کام برا ہی۔ بستر آرام چھوڑ کر جو ذکر الہی میں بے آرام رہے۔ عبادت اس کی ہی۔ جو بورئے پر تسبیح پڑھا کرے اور جائے۔ عادت اس کی ہی۔ صلاح دولت یہہ ہی کہ سلطنت میں گدائی کرو اور راحت میں برائے خدا اذیت سہو۔ خلق کی رفاہ کے واسطے رنج اٹھاؤ۔ بے کسوں مظلوموں کے برے وقت میں کام آؤ۔ خدا کی نعمتوں کو روکرنا اور نا حق دکھہ بھرنا نہ دین میں اچھا ہی نہ دنیا میں۔ اس خیال فاسد کو خاطر مبارک سے نکالیے۔ زمام اختیار کو ٹھہرا کر ہاتھہ سے نہ ڈالیے

یہ دنیا جو ہی مزرع آخرت
فقیری میں ضایع کرو اس کو مت۔

نیل نیک کے پانی سے یہاں اس کو سینچیے۔ وہاں پکا پکایا کھلیان لیجیے۔ جلدی کو کام نہ فرمایئے۔ صبر و تحمل سے ہاتھہ نہ اٹھایئے۔ دانا ایک کام کو چھوڑ کر دوسرا اختیار نہ کرتے۔ مبادا اس بیت سے مخاطب ہو۔

تو کار زمیں را نکو ساختی

کہ بر آسماں نیز پر داختی

مُناسب ہی کہ عدل و انصاف برقرار رہے اور خیر و خیرات لیل و نہار۔ کیوں کہ جو کوئی یہاں دیویگا۔ وُہی وہاں لیویگا۔ جس کا ہاتھہ نہ کھُلا۔ وُہی خالی ہاتھہ گیا۔ بادشاہوں کی نجات انہیں باتوں سے ہی۔ حاکم اگر صرف عبادت پر رہے اور ان کاموں کو سہل جان کر چھوڑ دے۔ نعمت آخرت نہ پائیگا۔ بلکہ عذابوں کے صدمے اُٹھائیگا

رکھو یاد عدل و سخاوت کی بات

کہ اس فیض سے ہی تُمہاری نجات

مکّر اولاد کی طرف سے جو حضرت کا مزاج مُکدّر ہی۔ اُس کی بھی تدبیر کرتے ہیں۔ دُعا و دوا میں البتّہ اثر ہی۔ تعجّب نہیں جو اس کے وسیلے سے آپ کے فرزند ہو۔ مایوس نہ ہوجیئے۔ ابھی کیا گیا ہی؟ ساتھہ ساتھہ برس کی عُمر میں لوگوں کے یہاں اولاد ہوئی ہی۔ حضرت کا توسّن شریف ہنوز اس حد کو نہیں پہنچا۔ لاتقنطوا من رحمت اللّٰہ پر دھیان لگائیے اور یاس کے کلمے خاطر مُبارک سے بھلائیے۔ غُلام بھی اب نجومیوں رمّالوں کو بُلاتے ہیں اور حُضور کے طالعوں کا احوال دکھلاتے ہیں

القصّہ بادشاہ کی خدمت میں اس وضع سے تسلّی کے کلمے اور بھی عرض کیئے اور بہتیرے بھرو۔ سے دیئے۔ آخر الامر جتنے طالع شناس شہر میں تھے اُن کو طلب کیا اور اطراف میں بھی جتنے اس کام کے سُنے اُن کو بھی بُلا بھیجا۔ ایک دن وُہ سب کے سب آکر جمع ہوئے۔ تب ان

ہوں لگے اور آداب بادشاہی سے مجرا کرکے یوں دعائیں دینے لگے - آپ کی عمر
دولت پایدار رہے اور بخت بیدار - دشمن تیرا سدا غم کی آگ میں جلے - تو ہمیشہ
رہے اور پھلے

بادشاہ کو اُن کے اطوار پسند آئے - ارشاد کیا بیٹھ جاؤ - اپنی کتابیں کھولو - زائچے کھینچو -
دیکھو تو میری قسمت میں اولاد ہے یا نہیں ؟ یہ سُن کر پہلے تو منّالوں کی جماعت نے قرعے پھینکے
اور زائچے کھینچے ؛ پھر عرض کی کہ بیاض خانۂ امید میں قوت پر بیٹھی یوں کہتی ہے کہ ہر ایک
نُقطہ زائچے کا فرد خوشی ہے اور ہر ایک زوج شکل فرح و شادی اور اولاد کے گھر میں فرح
کا خوش حال بیٹھنا معہ شاہد و ناظر دلیل قوی ہے ؛ غرض ہم اپنے علم کے طریق سے اجتماع
کرکے کہتے ہیں کہ اسی سال میں خاص محل سے حضور کے یہاں ایک فرزند ارجمند پیدا
ہوگا اور غبار ملال و کلفت کا آپ کی لوحِ خاطر سے دھوؤ ؛ آپ خوش و خرم رہا کیجئے
اور شراب عیش اور نشاط پیا کیجئے

پھر نجومیوں نے بھی التماس کیا - نحوست کے ایام کا
دور گذرا - زحل کا عمل تمام ہوچکا - طالع کے ستارے نے طور بدلا - شادی کا دور آیا -
ایک سے ایک کوکب بھی نظر نیک رکھتا ہے - چاہئے کہ آپ کا مطلب جلد حاصل ہو
بعد اُن کے پنڈتوں نے جنم پتری بادشاہ کی دیکھی اور سوچ بچار کرکے کچھ انکلیوں پر گنا - راسوں
کی طرف دھیان لگایا - تلا برچھک دھن کنبھ پر گیان دور لایا ؛ آخر نیچ تیج سے دیکھ دا کھ
بولے - اب حضرت کے نصیبوں نے یاوری کی کہ پانچواں آفتاب اور ساتویں مشتری آیا - جل

هیئے من کي منسا رام کي دیا سے پوري هو اور چاند سا بالک اپنے گهر میں کهیلتا دیکهے

نکلتے هیں اب تو خوشي کے بچن نه هو کر خوشي کو نه هوں برهمن

مقرر ترے چاهیئے هو پسر

که دیتي هي یوں اپني پوتهي خبر

لیکن اس کو بارهویں برس بلندي پر خطره هي - جب تک باره برس کا پورا نه هووے - کوتهے پر نه چڑهے - بلکه آسمان بهي نه دیکهے ! حضرت نے فرمایا که جان کي تو خیر هی ؟ وے بولے البته جي جوکهوں تو نهیں پر آوارگي و مسافرت چندے اس کي قسمت میں هی اغلب که اس پر کوئي پري عاشق هو اور یهه کسي شهزادي پر ! اس سبب کتنے دنوں دکهه بهریگا اور گردش میں رهیگا ! حضرت اُن کي باتوں سے کچهه خوشي هوئے اور کچهه ملول ! في الواقع دنیا میں ایسي شادي کم هي که جس کے بعد غم نه هو ! آخر کهنے لگے ان باتوں پر بهروسا نه کیا چاهیئے - خدا جو کچهه چاهتا هي سو کرتا هی ! غیب کي خبر بهي اسي کو هی - یهه چلن آگے سے چلا آیا هی کچهه نیا نهیں ! ان لوگوں سے پوچهنا اور فال نیک لینا صدقه دینا روا هی هر چند نجومي عالم غیب نهیں - پر اُسے پوچهنا عیب نهیں

یهه فرما محل میں درآمد هوئے

نجومي وهاں سے برآمد هوئے

از بسکه اُس کا اعتقاد فقط خدا هي پر تها - صبح و شام خلوص سے دعائیں مانگنے لگا ! مسجدوں میں روشني بلا ناغه بهیجني شروع کي - هر ایک پیر فقیر سے بهي رجوع کي ! ندان اُسه

کا کھیت سبز سوا اور پھل اُس کو ملا جب ایسی لونکائی تب مُنھ مانگی مُراد پائی ا

حاصل یہہ ھی کہ بادشاہ کی بیاھتا بی بی اُسی سال میں حاملہ ھوی اور بنیاد اولاد کی بندھی

جو کچھہ دل پہ گذرے تھے رنج و تعب

مبدّل ھوے وہ خوشی ساتھہ سب

خوشی سے پلا مجھہ کو ساقی شراب

کوئی دن کو بجتا ھی چنگ و رباب

کروں نغمۂ تہنیت کو شروع

کہ ایک نیک اختر کرے ھی طلوع

داستان بے نظیر کے پیدا ھونے کے احوال میں

جب نو مہینے خیریت سے گذرے - بادشاہ کے یہاں ایک بیٹا ایسا شکیل پیدا ھوا کہ گھر آنگن اُجالا ھو گیا ا مہر و ماہ کو اُس کے جلوے نے پھیکا کر دیا - بلکہ شید ا پریزاد تو کس شمار میں اور انسان کس قطار میں؟ جب حُسن و صورت میں اُس کا نظیر نہ دیکھا - نام بھی بے نظیر رکھا ا اندر باھر مبارک سلامت کی دھوم مچ گئی - محلِ مبارک میں شادی رچ گئی ا پہلے تو ناظر نے بادشاہ کو معہ عیلے آکر نذر گذرانی - پھر وزیر و امیر ھر ایک چھوٹے بڑے نے اور یہہ بیت پڑھی

مبارک تجھے ای شہ نیک بخت

کہ پیدا ھوا وارث تاج و تخت

سکندر نژاد اور دارا حشم

فلک مرتبت اور عطارد قلم

رہے اُس کے اقلیم زیر نگیں

غلامی کریں اُس کی خاقان چیں

بادشاہ نے یہہ خوش خبری سنتے ہی جانماز بچھایا۔ دوگانہ شکر کا پڑھا اور کہا۔ فی الحقیقت تجھے فضل کرتے کچھہ دیر نہیں لگتی۔ لازم ہی کہ امیدوار تجھہ سے ناامید نہ ہو۔ آس لگائے رہے۔ دیر ہونے سے کہیرا نجاوے۔ پھر حکم کیا خزانے کھول دیں اور دن رات خیرات کریں پھر ہر ایک کو خلعت اُس کے لایق بخشا اور انعام اکرام دیا۔ وزیروں امیروں کو جاگیریں عنایت فرمائیں۔ مشایخوں کو گاؤں دیئے۔ فقیروں کو روپے۔ پیادوں کو گھوڑے۔ غرض ایک عالم کو نہال کر دیا اور مالا مال

خوشی میں کیا یہاں تلک زر نثار

جسے ایک دینا تھا بخشے ہزار

اور جشن کی تیاری کو فرمایا۔ نقیبوں نے پہلے تو نقارخانے کے داروغہ سے کہا۔ حضور کا حکم ہی کہ نوبت خانے کا نیا سرے سازو سرنجام درست کرو اور آج سے جشن کی نوبت بجاؤ۔ اُس نے وہیں جھلا جھل کے غلاف سنہری روپہری نقاروں پر چڑھوا دیئے اور جو کچھہ لازمہ تھا شتابی درست کروا دیا۔ نقارچی بھی تاش و بادلے کی کرتیاں پہن۔ جھمجھماتی پگڑیاں باندھہ۔ نقارے سینک سانک بجانے لگے اور اپنا کرتب دکھانے۔

کہا زیر سے ہم نے بہر شگون

کہ ہم دوں خوشی کی خبر کیوں نہ دوں؟

بہر شہنائے چی بھی ویسے ہی کپڑے پہن سر پہ معمولی باندھہ موافق اُن کے سر بتا ملا سہانی سہانی

دھنیں سنانے لگے غرض اُپچیں چلنے لگیں اور پر نہیں نکلنے

تکوروں میں نوبت کے شہنا کی دھن

سُکھر سننے والوں کو کرتی تھی سُن

تُرہی اور قرنائے خوشی کا دم لگیں بھرنے اور جھانجھہ تالیاں بجا بجا تھرکنے۔ از بسکہ

شادیانوں کی آواز بلند ہوئی۔ تمام خلقت شہر کی اکٹھی ہو کہ تھالی سروں پر پھرنے لگی

نئے سر سے عالم کو عشرت ہوئی کہ لڑکے کے ہونے کی نوبت ہوئی

محل سے لگا تا بہ دیوان عام عجب طرح کا اک ہوا ازدحام

جہاں تک کہ نچویے نچوئے سازندے تھے۔ اپنے اپنے کرتب کے دھنی۔ بڑے بڑے نائک اور کنی۔

طنبوروں کے سُر ملا۔ ستاروں کے پردے بنا۔ حاضر ہوئے

کیا بھانڈ اور بھگتیوں نے ہجوم

ہوئی آ کے مبارک کی دھوم

تنت کار بین رباب قانون بجانے لگے اور کایک نتوے ناچنے نکالنے۔ کنچنیوں رام جنیوں

چونہ پزنیوں کی اللہ رے کثرت۔ کشمیریوں نقلیوں ہیجڑوں کی بھلا رے بہتایت۔ طبلوں

کی تھاپ پکھاوج کی گمک۔ سارنگیوں مچنگوں کی صدا اور گھنگروں کی جھنک۔ یہاں تلک

برهي که قلعهٔ مبارک ميں کان بري آواز سُني نه جاتي تهي - بلکه گنبد فلک بهي گونجتا تها

خوشي کي زبس هر طرف تهي بساط — لگے ناچنے بسملهل نشاط

کناري کے جوڑے چمکتے هوئے — وه پاؤں کے گهنگرو جهنکتے هوئے

وه بالے چمکتے هوئے کان ميں — پهر کنا وه نتهنے کا هر آن ميں

وه گهتنا وه برهنا اداؤں کے ساتهه — دکهانا وه رکهه رکهه کے چهاتي پهها تهه

کبهو دل کو پاؤں سے مل ڈالنا — نظر سے کبهي ديکهنا بهالنا

دکهانا کبهو اپني چهب مسکرا — کبهي اپني انگيا کو اتنا چهپا

کسي کے چمکتے هوئے نوڑتن — کسي کے وه مکهڑے په نتهه کي پهبن

وه دانتوں کي مسّي وه گل برگ تر — شفق ميں عياں جيسے شام و سحر

کسي کے آفتاب سے چهرے کي گرمي و شوخي - دلوں کو ذرے کي مانند بے چين کيے ديتي تهي

چمکنا کلوں کا صفا کے سبب — وه گردن کے ڈورے قيامت غضب

کبهي مڑه کتيں پهير لينا اُدهر — کبهو چوري چوري سے کرنا نظر

ڈپٹے کو کرنا کبهو مڑه کي اوٹ — که پردے ميں هو جائيں دل لوٹ پوٹ

هر ايک تان ميں اُن کو ارمان يه — که دل ليجيے تان کي جان يه

کوئي سنگيت کے علم ميں طاق - برم جوڑ اچهي کے رويوں کي مشّاق - پر ملولے رهي تهي! کوئي ديرهه گت هي کي پهبن دکها - پاؤں تلے تماش بينوں کے دل روندتي تهي! کوئي دايرے سے پرن نکال هاتهوں کا بل ابهرن دکها جاتي - کوئي دهيدهي لئے مهدي کے

ھ نھر ہ پھرتے چلتے ہیں جاجاتی

عرض ہو طرہ دلبر لینا انھیں کئی طرح سے داغ دینا انھیں

کریں مار تھوکر کبھی قتل عام کبھو ہاتھ اُٹھا لیویں کرتے کو تھام

کسی جگہ کلاونت دھرپت کبت گیت گا رہے تھے ا کسی مقام پر قوال قول قلبانہ نقش و

گل سنا رہے تھے ا کہیں بھانڈ ولولوں کا سماں دکھا رہے تھے - کہیں کشمیرنیوں کے

طائفے ناچ رجھا رہے تھے ا محل میں بھی راگ رنگ کا ایسا ہی چرچا تھا اور ایک

سماں بندھ رہا تھا - ایک طرف دومنیاں شادیانے دے رہی تھیں ا کسی طرف

کلاونت بچیاں تانیں لے رہی تھیں ا حجاخانے میں مبارک سلامت کی دھوم پڑ رہی تھی

مراسن مالن دائی انکا ایک ایک اپنے اپنے نیگ پر لڑ رہی تھی ا چھٹھے دن نیک ساعت حجاکو

دائیوں خواصوں نے نہلانے کے واسطے پلنگ سے اُٹھایا - وہ نازک بدن بار ناتوانی سے اُٹھ نہ

سکتی تھی - پھولوں کی تہنی کی مانند ادنی جنبش سے لچکتی تھی غرض جوں توں ان کے

سہارے سے اُٹھی شانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے نقاہت و نزاکت سے لڑکھڑاتی ہوئی برے مان

مہت سے جراؤ چوکی پر آ بیٹھی - نہایت صفائی اور ستھرائی سے نہائی

اس کے بعد دائی نے شہزادے کو بھی بہ احتیاط نفاست و ملایمت سے ایک جراؤ لگن میں جاؤ جلے سے

نہلا کر اس کی گود میں دیا اور دونوں کو اسبند کیا پھر حجا نے سنہری بادلے کا جوڑا بری آب و

تاب سے پہنا - بچے کو بھی پہنایا اور ایک پتی جواہر نگار چمکتی ہوئی اپنے سر سے اور ایک اس

کے سر سے باندھی ا یہ سماں دیکھ کے مجلس کی مجلس کو چکا چوند ہو لگ گئی - کوئی کہتی

تھي چاند تارے کے آس پاس جرا وُھالا پڑا ھی۔ کسي کي زبان پر يہہ تھا کہ مہر حسن کو کيا

خوبي کے گرد نور نے حلقہ باندھا ھي

الغرض اُس دم ھر زُھرہ جبيں حيران تھي اور ھر ايک نازنيں سرگردان۔ پھر سب اميرزادیوں وزيرزادیوں بلکہ تمام محل کي عورتوں نے بھي نہا نہا پوشاکيں بدليں۔ بھاري بھاري بنا وکيے۔ مجلس نشاط کي اکٹھي ھوئي۔ ناچ راگ کي صحبت جمي

چھٹھي تک غرض تھي خوشي کي ھي بات۔

کہ دن عيد اور رات تھي شب برات

تمام روز تو يہي چرچا رھا جب رات ھوئي تب اُس مہ جبيں چچا کو اور بھي بنا ٹھنا گھونگھٹ کاڑھہ سہرا باندھہ چومک روشن کر تارے ديکھنے کو نکالا۔ پھر بادشاہ نے تيرکماں لے سالیوں کو مان کو ن سے نيگ دے مرگ مارا اور اُس مرگ نيني کے پلنگ پر ايک پاؤں رکھہ کر کھڑے ھو رھے

غرض وُہ اس روپ سے نکلي داھنے بائيں اُس کے دو خواجہ سرا دعائيں پڑھتے ھوئے۔ ننگي تلواريں ھاتھوں ميں ليے پہلے ملائے۔ گرد ھزاروں پري پيکريں چمکي چمکائي بناؤ سنگار کيے ھوئے۔ بيچ ميں آپ البيل پنے سے آستے آستے چلتي تھي اور پاؤں تلے ھر ايک کے دل کو ملتي تھي۔ جوں ھي اُس نے تارے ديکھنے کو گھونگھٹ اُٹھا ديا۔ خوب صورتوں کو بھي عالم تصوير بنا ديا۔ چاند اُس آفتاب روکے آگے ماند لگنے لگا اور ھر ايک تارا آسمان پر تھکت رہ گيا

کہاں ماہ ميں اُس مکھڑے کي جوت؟ چمکتا نہيں آگے موتي کے پوت

لگے اُس کوکب شمع کا فور کی وہ تصویر تھی سر بسر نور کی

آخر کو تارے دبکھہ کر خیمہ خانے میں داخل ہوئی۔ جہاں پناہ بھی خوابگاہ میں تشریف لے گئے لیکن مجلس شادی کی بدستور قائم رہی۔ رات چھ گھڑی گئی۔ صبح ہوئے شہزادے کو ایسے مکان میں لیجا کر رکھا جہاں سے آسمان نظر نہ آوے بلکہ دھوپ بھی دکھائی نہ دے غرض جس طرح ہلال بدلی میں چھپا ہوا بڑھتا ہے۔ اُسی طرح یہہ ماہ نو آسمان سلطنت کا بھی پردوں کے اندر بڑھنے لگا۔ فضل الٰہی سے بہ خیریت سال تمام ہوا۔ اُس نے نام خدا دوسرے میں پاؤں دیا

برس کا نتھہ جس سال اُس کی ہوئی

دل بستگاں کی گرہ کھل گئی

جب چوتھا برس لگا دودھہ اُس کا بڑھایا۔ پھر ویسا ہی جلسہ شادی کا ہوا بلکہ اُس سے بھی دونا۔ جس دن وہ سرو رواں پاؤں چلا۔ زمین پر گل نے اپنا ماتھا رگڑا۔ اور نرگس نے اپنی آنکھوں کو ملا

لگا پھرنے وہ سرو جب پاؤں پاؤں

گئے بردے آزاد تب اُس کے ناؤں

می ارغوانی پلا ساقیا کہ تعمیر کو باغ کی دل چلا

یہہ داستان باغ بنانے میں بادشاہ کے شہزادۂ بے نظیر کے لیئے

جب وہ نونہال چمن سلطنت پاؤں پاؤں چلنے لگا۔ حضرت نے میر عمارت کو حکم کیا کہ ایک

خانہ باغ ایسا بنے کہ ثانی اس کا گلزار جہان میں نہ نکلے۔ چنانچہ وہ سجاد تہمند حکم بجالایا اور ویسا ہی اُس نے بنایا۔ اگر باغِ اِرم اُس کی بہار دیکھے تو لالہ کی مانند داغِ حسرت اپنے جگر پر سہ لیے رہے اور گلشنِ فردوس کا چمن جو اُس کا عالم مشاہدہ کرے تو نرگس کی طرح تمام عمر حیرت ہی میں کاٹے۔ اُس کا ہر ایک مکان جنت کا نمونا۔ صفائی و شفافی سے اُس کے پھولوں کی بہار کا عالم دونا۔ اُس کے دروں کی محرابوں کے آگے محرابِ ابروے خوباں جھک جاے اور وہاں کے آئینوں کی آب و تاب سے رُخسارِ مہ رویاں شرماے۔ اُسلوب دار و خوش قطع ہر ایک ایواں۔ زربفت و بادلے کے سایبان جہاں تہاں۔ سُنہری روپہری چھتوں کی وہ نمایش۔ ہر ایک مکان کے نقش و نگار کی یہہ آرایش۔ جسے دیکھہ کر نقش و نگارِ ارژنگ دنگ ہوجاے اور نقاشِ قضا بھی ایک نظارے میں اپنے ہوش کھو جاے

چقیں اور پردے بندھے زر نگار

دروں پر کھڑی دست بستہ بہار

دیکھنے والوں کی نگاہوں کے لیے اُن کی تیلیوں کی ساخت جال تھی۔ جس کی آنکھہ اُن پر پڑی نظر وہیں رہی نہ اِدھر آسکی نہ اُدھر جاسکی۔ مُقیشی دوریاں اُن کی رکھتی تھیں یہہ جھمکڑا۔ گویا تارِ نگاہِ ماہتاب سے اُن کو بانٹا تھا۔ ہر ایک مکان میں رنگ برنگ کا فرشِ مخملی۔ جا بجا مسندِ شاہانہ قرینے سے لگی ہوئی۔ بلے ہوس اُس کے آگے قدم نہ دھرے اور ایک نظر بھی نقشِ قدم کی مانند وہیں بیٹھہ رہے۔ الغلغے روپے سونے کے روشن ہر ایک

مکان میں - جڑاؤ چھپرکھٹ اور پلنگ بچھے ہوئے ہر ایک دالان میں

زمیں پر تھی اِس طور اُن کی جھلک

ستاروں کی جیسے فلک پر چمک

وہاں کی زمین رنگت اور صفا میں صندلِ سفید کے تختے کی برابر اور غبار اُس کا عبیر تھتھئی سے خوشبوتر ا روشیں صاف ستھری ہموار - چبوترے جا بجا خوش قطع و اُسلوب - دار ا سنگِ مرمر کی نہر کے آگے موجِ آبِ کُہر پانی بھرے - آبشار کی چینوں کے روبرو آئینہ رُخوں کی چینِ پیشانیِ عجز سے اپنا ما تھا رگڑے ا بلّور کے حوض صفائی و شفافی میں جوں سینۂ خوباں اور پُر آب مثلِ دیدۂ عاشقاں ا چمن پھولوں سے ایک لخت معمور - ایک سی بہار نزدیک اور دور ا قرینوں سے لگے ہوئے سروِ سہی - درختوں میں پرے جھولتے سیب و بہی ا روشوں پر جھومے ہوئے درختِ میوہ دار - سرسبز و شاداب ہر ایک شاخسار

ہوائے بہاری سے گُل لہلے

چمن سارے سیراب اور ڈھلے

سبزے کا وہ رنگ دھنک جس نے زمرّد بنا دیا روش کا ہر ایک سنگ ا کیاریوں میں پھولوں کی ریل پیل - کہیں سُکندرائے کہیں رائے بیل ا مدن بان کی جُدی ہی آن بان - موگرے کا ایک ایک پھول عطردان ا موتیا کا موتی سا برن - نقاست پر نازاں نسرین و نسترن - نرگس کی چتون سے دیدۂ خوباں کو حیرانی - سیوتی کی صفائی سے رُخسارِ آئینہ رُخاں پانی پانی ا چمبیلی بھی پھول پھول اپنا سما دکھاتی تھی - جیہے کی باس عالمِ بالا تلک جاتی تھی ا گُلِ

چاندني چاندني کي زيب و زينت ۔ داودي کے ديکھے آتي تھي آنکھوں ميں طراوت ۔ شبّو کے پھولوں کي مہک ۔ رات کو جاتي تھي کوسوں تلک ۔ گُلِ ارغواں سے شرمندہ لعلِ بدخشاني ۔ گُلِ اودھنک اپنے رنگ ميں لاثاني ۔ نافرمان کي پھولي ہوئي ہر ايک ڈالي ۔ لالہ کي لالي دُنيا سے نرالي ۔ کياريوں کي سوبھا جعفري اور گيندے کي قطار ۔ ہار سنگار پھلواري کا سنگار ۔ سوں جوہي گُلدن سے اشرف ۔ گُلِ اشرفي رکتھي تھي سونے پر شرف ۔ جائي جوہي ياسمن کي باس ۔ بھلائے ديتي تھي بھوکھ اور پياس ۔ قمرياں شرخوشي سے صدائيں کرتيں ۔ بلبليں شوق سے چہچہے بھرتيں ۔ آب جوئيں لہراتي ہوئي بہتي سي پھرتيں ۔ ڈالياں مستاني سي ہر ايک روش پر جھک جھک گرتيں

گُلوں کا لب نہر پر جھومنا — آسي اپنے عالم کا مُنہ چومنا

کھڑے شاخ در شاخ باہم نہال — رہيں ہاتھ جوں مست گردن ميں ڈال

وہ آئينہ جو ميں ديکھ اپنا قد — اکڑنا کھڑے سرو کا جد نہ تد

خراماں صبا صحن ميں چار سو — دماغوں کو ديتي پھرے گُل کي بو

چمن اکثر پنريوں سے دہکتے ۔ ہر ايک روش پر پھول رنگ برنگ کے بچھے ہوئے ۔ انگوروں کي بيلوں کا تاکوں پر ائيندتے پھرنا ۔ مے پرستوں کا اُن کي طرف تاک لگائے رہنا ۔ قازو قرقرے نہروں کے اِدھر اُدھر ۔ مُرغابياں پيرتي پھريں جدھر تدھر ۔ تالابوں پر بگلوں کي ڈاريں ۔ چاروں طرف کھڑے مورجھنکاريں ۔ مول سرياں چاروں کونوں پر پھولي ہوئيں ۔ ڈالياں نزاکت سے جھولي ہوئيں

چمن آتشِ گل سے دھکا ہوا ۔۔۔ ہوا کے سبب باغ مہکا ہوا

درختوں نے برگوں کے کھولے ورق ۔۔۔ کہ ہیں طوطیاں بوستاں کے سبق

سہاں قمریاں دیکھہ اُس آن کا ۔۔۔ پڑھیں بابِ پنجم گلستان کا

اکثر خوبصورت خوبصورت مالنیں بناؤ کیے سونے روپے کے پیلچے ہاتھوں میں لیے - باغ میں پودھے لگاتی تھیں اور اپنی اپنی محبت کا کانتا دلوں میں چبھاتی تھیں ا غرض ہر رُت میں وہاں ایک بہار تھی اور اُس پھلواری میں خزاں کو کبھو نہ بار تھی جب دودھہ برھنے کی شادی ہوچکی جہاں پناہ نے اُس نونہال کو خادمانِ محل سمیت نئے باغ میں بھجوا دیا اور ہر ایک شخص کو ارشاد کیا کہ خبردار اِس گل برگِ گلزارِ خوبی تک گرم باؤ کو آنے نہ دیجو بلکہ دیدۂ نرگس کے بھی اِسے سامھنے نہ کیجو چنانچہ مے حکم حضور کا بجالائیں بلکہ اُسی دستور پر رہیں ا باغ کی بہار بڑھہ گئی - تازگی میں افزایش ہوئی ا ہمسی خوشی کا ہر طرف غُل ا جدھر دیکھو اُدھر ایک نئی طرح کی چہل - دادائی انکا چھوچھو کہلائی ہر ایک مسرور - مغلانیاں چہکی چہکائیاں جوان جوان اپنے حدوں پر معمور اکانبنیں پاتریں نوجوشیاں بنی چنی شرابِ حسن سے سرشار - ایک سے ایک خوبصورت اور طرح دار ا ہر ایک اپنے کام کی سرتی - ہر کسی میں شوخی شرارت اور پھرتی ا جوھی سوہشدپری اور غیرتِ حور - اپنے اپنے حسن کے غرور سے ہر ایک مغرور ا خواصوں کے غنچے کے غنچے اور پرے کے پرے - روشوں پر پھرتے ہیں ایک انداز سے ورے اور پرے ا کوئی کسی سے کر رہی ہی مزاح - کوئی کسی پر مارتی ہی کلاخ ا کوئی تھی رایل پر ریل پیل ہی ا کوئی کہہ رہی ہی کہ چنبیلی چاؤ میں آئی ہی ا کسی کی زباں پر

یہہ ہی کہ پھول کلی کی کلی کھلی ہی جاتی ہی۔ ایک طرف چنپا بھچنپا سی چھٹ رہی ہی۔ کسی طرف نیں سکھ کا دیدار نینوں کو سکھ دے رہا ہی۔ کہیں نرگس کی انکھڑیوں کا دیدہ نرگس مزا لے رہا ہی۔ ہنس مکھ سچ مچ کی ہنس مکھ۔ تن سکھ کے ملے جاوے دل کا دکھ۔ آبادی دلوں کی آبادی۔ شادی کھیڑ کھیڑ کی شادی۔ کل چہرہ سدا کل سے ہم چہرہ۔ شگوفہ باغ حسن کی شگوفہ۔ مہتاب چھپکرے میں مہتاب سے بالا۔ گلاب گلاب کے پھول سے آب و تاب میں اعلی۔ غرض ہر ایک پنے اور ہے سجی سجائی اپنے اپنے گہنے سے خوردار کاموں میں ہوشیار

اِدھر اور اُدھر آتیاں جاتیاں　　پھرکیاں اپنے جوبن پہ اِتراتیاں

بجاتی پھرے کوئی اپنے کڑے　　کہیں ہوے ہے اور کہیں واچھڑے

کہیں چٹکیاں اور کہیں تالیاں　　کہیں قہقہے اور کہیں گالیاں

کسی طرف جُگت چل رہی ہی۔ کہیں کوئی مہدی مل رہی ہی۔ ایک طرف تپا آ رہا ہی۔ کہیں کوکھ مر رہا ہی۔ کوئی اپنے مکان میں سوت بوتی بنا رہی ہی۔ کوئی سینے میں دل لگا رہی ہی۔ کہیں تار توڑے جاتے ہیں۔ کسی طرف دل جوڑے جاتے ہیں۔ کوئی حقہ اداسے لگائے بیٹھی ہی۔ کوئی نہر میں پاؤں لٹکائے بیٹھی ہی۔ کہیں ناز نخرے سے پاؤں دھوئے جاتے ہیں۔ کہیں بالے میں پھول پروے جاتے ہیں۔ کوئی شرارت سے کسی کو پکار اُٹھتی ہی۔ کوئی حرمزدگی سے کسی کے دھول مار اُٹھتی ہی۔ کوئی مُنہ باکھول کے کنکھی کر رہی ہی۔ کوئی کسی پر دھیان دھر رہی ہی۔ کہیں آرسی دیکھی جلتی ہی کھری کھری۔

کوئي مسّي کي چہار هي هی دهڑي ا کسي دالان ميں توتا پڑهايا جاتا هی - کسي سائبان ميں
مينا کا پنجرا لٹکايا جاتا هي ا کہيں کہاني هی اور کہيں پہيلي - کوئي روش پر کر رهي هی
اٹهکهيلي ا حاصل يہہ هی که اُس سرو رواں کے يمن قدم سے گلزار ميں هر ايک سمت ايک
سماں بندهه رها تها اور مزا گتهه رها تها ا دن رات چهل هي ميں کٹتي تهي - سوائے هنسي
خوشي کے دوسري بات نه تهي ا هرچند ميں کوئي پريوں کا اُتارا تها اور هر روش پر اندر
کا اکهارا

غرض لوگ تهے يے جوهر کام کے
يہہ سب واسطے اُس کے آرام کے

بارے کرم رب عزت اور ماباپ کي شفقت سے شہزادہ پل نکلا - نام خدا پانچواں برس اُسے
شروع هوا ا پهر اُسي دهوم سے مکتب کي شادي هوئي - شہر ميں دو چند آبادي هوئي ا معلّم
آتاليق خوشنويس اپنے اپنے کام کے صاحب کمال متعيّن هوئے - شہزادہ پڑهنے لکهنے لگا ا
پانچ برس کے عرصے ميں فارسي عربي معقول منقول سب پڑهه چکا بلکه هر ايک علم و هنر
ميں کامل هوا ا چنانچه لکهنے ميں بهي يہہ دست رس پيدا کيا که نسخ و نستعليق و شکسته
و تعليق و خط غبار و خط گلزار هر ايک به خوبي لکهنے لگا - بلکه هفت قلم کے رقعے اور
طريقے اپنے هاتهوں ميں قيد کر جوڑ توڑ حروف کے اُسے لگانے لگا که جہان کے خوش نويسوں
نے اُس کا هاتهه چوم ليا اور اصلاح لينے کا ارادہ کيا ا جو قطع اُس کے هاتهه کا تها سو ورق
بهر تها اور جو صفحه مشق کا تها سو خط گلزار

غرض ایسا خفیِ وجلی کا مشّاق ہوا کہ خطِ شعاعِ مہر کو شرمندہ کیا اور دبیرِ فلک کو طفلِ مکتب بنا دیا ۔ سادہ رخی ہی میں ہر ایک خط پر ایسی قدرت اور ہر فن میں یہہ کچھہ مہارت پیدا کی کہ اکثروں کی داڑھیاں سفید ہوگئیں پر مشق اُن کی اِس رتبے کو نہ پہنچی تب تو حضرتِ اعلیٰ نے اُستادوں کو حضور میں بُلوا کر ہر ایک کو خلعت و انعام و اکرام بخشا ۔ خطاؤں معاف کر دیئے کہ تمام عمر آرام سے بیٹھے کھائیں اور کسی طرح کا حرج نہ اُٹھائیں بعد اِس کے پہلوان پھکیت تیرانداز چابک سوار ۔ بلکہ جتنے فنونِ سپہ گری کے ماہر اور اُن پر قادر تھے ۔ شاہزادے کی خدمت میں اپنے اپنے وقت پر چھوٹنے لگے اور اُس کو اقسام کی ورزشیں اور کثرتیں سکھانے

کہاں کے جو در پی ہوا بے نظیر لیا کھینچ جِلّے میں سب فنِّ تیر

صفائی میں سوفار پیکاں کیا کیا جب کے تو دے پہ طوفاں کیا

لکڑی کی بھی کھائیاں چھوٹتے ہی ایسی قبضے میں کیں کہ راتوں کو پھکانے اور اُستادوں کو سکھانے لگا ۔ کشتی میں یہہ طاق ہوا کہ بڑے بڑے پہلوانوں نے اُس کے آگے سر تک کی اور زمانے کے شہزوروں نے پیشانیِ عجز سے اُس کے قدموں پر رکھہ دی ۔ گھوڑے پر بھی ایسا چڑھنے لگا کہ شہ سواروں کو غاشیہ بردار اور نیزہ بازوں کو بھالے بردار بنا دیا ۔ بندوق لگانے پر جو تُلا طبیعت آئی ۔ کئی دن کے عرصے میں آواز پر گولی مارنے لگا ۔ اُڑتا جانور تو درکنار اور نشانی کا کیا شمار؟

کئی دن میں سیکھا یہہ کسبِ تفنگ

کہ حیراں رہے دیکھہ اہلِ فرنگ

پھر موسقي پر جو دھيان آيا تو چند روز ميں ايسا هي کمانے لگا که تان سين اُس کي اکثر ايک تان سُنتا تو اپنے کان پکڑ ليتا اور ديپچو باورا باولا بن جاتا الي تال سب کے سب اُس کے هاتھوں ميں قيد - ساتوں سُر کے کُھلے هوئے اُس پر بھيد اُکھلي مندي پر به خوبي قادر - راگ اُس کے روبرو دست بسته حاضر

رتّها موسقي پر جو کُچھه کُچھه خيال

کيے قيد سب اپنے هاتھوں ميں تال

مُصوّري پر بھي علي هذالقياس ايسا هي چت لگايا که تھوڑے دنوں ميں ماني و بهزاد کا اُستاد هوگيا ! زمانے کے مُصوّر اُس کے هاتھ کا کام ديکھه کر نقش ديوار بن گيے اور قلم اپني قُدرت کے عجز سے اُس کے سامھنے ڈال اُتھے

القصه اِتنے هي سن و سال ميں دُنيا کے کسب و کمال ميں طاق اور شهره آفاق هوا جمال و کمال اُس کا جو کوئي ديکھتا درود بھيجتا ! في الواقع سراپا اُس کا حُسن و اخلاق سے معمور تھا اور وه صاحب نظروں کا منظور

رذالوں سے نفروں سے نفرت اُسے — خدا قابلوں هيں سے صُحبت اُسے

کيا نام پر اپنے وه دلپذير — هر ايک فن ميں سچ مچ هوا بے نظير

پلا ساقيا مُجھه کو ايک جام مُل — جواني په آيا هي ايّام گُل

غنيمت شُمر صُحبت دوستاں — که گُل پنج روز است در بوستاں

شُمر لے بھلائي کا گر هو سکے — شتابي سے بگڑے جو کُچھه هو سکے

کہ رنگِ چمن پر نہیں اعتبار یہاں چرخ میں ہی خزاں و بہار

یہہ داستان سواری کی تیاری میں

جب گیارہ برس خیریت سے گذرے - بارھواں برس آیا - الحمدللہ! جس دن کی آرزو تھی سو کریم نے ساتھہ خوشی کے دکھایا! شادی محل میں چاروں طرف مچ گئی - مبارک بادی کی صدا بہر بلند ہوئی!

پری جب کرہ بارھویں سال کی

کھلی کلجھری غم کے جنجال کی

چار گھڑی دن رہے عرض بیگی کو بادشاہ نے ارشاد کیا کہ صبح سواری مبارک بڑے جلوس سے تیار ہو کہ میں شہزادے کو لیکر سوار ہونگا - تا رعیت اور سپاہ اس کا دیدار دیکھکر شادھو اور بستی اُن کے دل کی بھی آباد! تم نقیبوں کو تقید کرو - گھر گھر یہہ حکم پہنچا- ویں اور ہزار ایک چھوٹے بڑے کو جتاویں کہ زرق برق سے نکلے اور تمام اسباب سواری کا بھی نیا اور چمکتا ہو! خبردار ایک سوار میلا اور ایک گھوڑے کا زین پرانا نظر نہ آوے! احیاناً کسی کو اس وقت اگر کوئی چیز میسّر نہ آوے تو سرکار سے بے تکلّف لیوے کہ ما بدولت کی مرضی اور خوشی اسی میں ہی

کریں شہر کو ملکے آئینہ بند

سواری کا ہو نور جسّے دوچند

اتنے میں شام پڑی - آفتاب والشمس پڑھکے سجدۂ شکر میں گیا اور مہتاب سورۂ ذر پڑھتا

ہوا نکلا۔ حضرت محل میں تشریف لیگئے۔ تمام رات ناچ راگ رہا۔ مارے خوشی کے محل میں کوئی نہ سوا۔

عجب شب تھی وہ جوں سحر روشنید
عجب روز تھا مثلِ روزِ امید

القصہ رات آخر ہوئی چاند نے بالیں استراحت پر اپنا سر رکھا اور سورج بڑی چمک تمک سے آنکھیں ملتا ہوا اُٹھا

کہا شاہ نے اپنے فرزند کو — کہ بابا تمہا دھو کے تیار ہو
پلا آتشیں آب پیرِ مغاں — کہ بھولے مجھے گرم و سردِ جہاں
اگر چاہتا ہی مرے دلکا چین — نہ دینا وہ ساغر جو ہو قلتین

بہہ داستان بے نظیر کے حمام میں جانے کی

جب وہ سرو نوخاستہ آراستہ ہوکر حمام میں آیا۔ اُس کے عکس سے ہر دیوار تختۂ گلشن اور ہر ایک سنگ رشکِ چمن بن گیا۔ جامہ خانے میں اندکے ٹھہر کر پوشاک اُتاری لنگی باندھی پھر غسل خانے میں داخل ہوا۔ ازبسکہ حمام معتدل تھا تس پر بھی رشکِ اُس گلِ خوبی کا تپتا کرارغوانی ہوا اور بدنِ نازنیں اُس کا پسینے کی بہتایت سے پانی پانی۔ اِتنے میں حمامی صوف وخارا کے کیسے اور سونے روپے کے طاس ہاتھوں میں لیے حاضر ہوئے

لگے ملنے اُس گلبدن کا بدن
ہوا دہدہا آب سے وہ چمن

نہانے میں یوں تھی بدن کی دمک　　برستے میں بجلی کی جیسے چمک

ہوا قطرۂ آب یوں چشم بوس　　کہے تو پری جیسے نرگس پہ اوس

لگا ہونے ظاہر جو اعجاز حسن　　ٹپکنے لگا اُس سے انداز حسن

لب نازک پر قطروں کی نمایش۔ گلبرگ تر کی رشک زیبایش! جو بوند کہ بدن سے جھرتی تھی۔ نزاکت ہی ٹپکی پرتی تھی! پانی بدن سے جو بہہ چلا۔ تو ایک حسن کا دریا بہنے لگا! بعد اُس کے وہ مہر حسن حوض کے کنارے جو آ کھڑا ہوا۔ اُس کے رشک سے پانی نورانی ہو گیا! جب اُس میں اُتر کے غوطہ لگایا اور ہی عالم دکھایا

وہ گورا بدن اور بال اُس کے تو

کہے تو کہ ساون کی شام و سحر

اُن کے سواد پُر نم سے خوبتر کوئی رات زمانے میں نہیں ہوئی اور کبھو کسی ذی حیات نے نہیں دیکھی۔ کیفیت اُن کی نہی کی بھی ایسی تھی

کہوں اُس کی خوبی کی کیا تجھ سے بات

کہ جوں بھیگتی جائے صحبت میں رات

غرض جب غسل سے فارغ ہوا۔ حمامی زمرد کے جھانوپی لیکر آئے اور پاؤں دھونے لگے! اُس گل رعنا نے ہاتھ لگاتے ہی اِس انداز سے پاؤں کھینچ لیا کہ اثر گدگدی کا پیشانی پر ظاہر ہوا اور اِس ناز سے کھلکھلا کر ہنسا جو سب کے سب ہنس پڑے! اُس وقت کا عالم بیان میں نہیں آتا۔ کہے تو کیا کہے اور لکھے تو کیا لکھے! جتنے لوگ وہاں حاضر تھے اُس پر

اپنے جان و دل سے قربان ہو یوں دعائیں دینے لگے کہ خدا تجھے باغ دوراں میں سرسبز پھولتا پھلتا ہمیشہ رکھے اور غم کی خزاں کا صدمہ تیرے کسی ہواخواہ کو بھی نہ پہنچے تیری بھلائی سے ہماری بہبود ہی اور تیری خوشی سے اپنی نمود - تجھے دن رات کی خوشی اور صبح شام کی شادی مبارک رہے

نہ آوے کدھی تیری خاطر پہ میل

چمکتا رہے اس فلک کا سہیل

خیر جب وہ اس لطافت و نزاکت سے پاؤں دھو چکا - جامہ خانے میں آ بیٹھا

نہا دھو کے نکلا وہ کل اس طرح

کہ بدلی سے نکلے ہی مہ جس طرح

پھر خبردار نے جا حضور میں خبر دی کہ مرشد زادہ عالم حمام سے غسل کر کے جامہ خانے میں تشریف لائے ہیں - اس امر میں جو ارشاد ہو سو بجا لاویں ۔ فی الفور توشے خانے کے داروغہ کو حکم ہوا کہ بھاری بھاری جوڑے تمامی اور کارچوب کے بلکہ ہر قسم کی پوشاک لطیف و پر تکلف اور جواہرات قیمتی متعدد شاہ زادے کے حضور لیجا - سواری مبارک بھی کوئی دم میں وہاں پہنچتی ہی ۔ داروغہ بہ موجب حکم کے عمل میں لایا ۔ اتنے میں خود بدولت بھی تشریف فرما ہوے اور شاہ زادے کو خلعت فاخرہ پہنا بہتر سے بہتر جواہر لڑی لٹکن کلغی ہیرے کی آنکو تھیاں سر پیچ مرصع نورتن مالہ مروارید سے آراستہ کیا

جواہر سراسر پنھایا اُسے جواہر کا دریا بنایا اُسے

وہ کھنچا کھنچا یا سدول اُس کا بدن تس پر جواہرات کی یہہ کچھہ پھبن - ہر ایک عدد چمک میں شعلۂ طور تھا - اور حسن اُس کا عالم نور ! غرض جب بن سنور چکا تب باہر نکلا اور اس دھوم سے سوار ہوا جیسے بتا بیاہنے کو چڑھتا ہی ! اشرفیوں روپیوں کے کئی خوان اُس پر نچھاور کئے - کنگال منگتا محتاج جتنے تھے اُس کے صدقے سے جی گئے بلکہ مدتوں آسودہ رہے

زبس تھا سواری کا اُس کی ہجوم
ہوا جب کہ دنکا پڑی سب میں دھوم

رسالہ دار جمعدار سپاہ رعیت سوار پیادے قرینے سے پرے باندھہ برابر کھڑے ہوے - فوج کی ایسی بھیڑ بھاڑ ہوئی - جدھر آنکھہ اُٹھا دیکھو تدھر دل بادل ہی نظر آویں ! اُمرا امیر وزیر اپنے اپنے قرینے سے داہنے - بائیں پرے کے پرے منصب داروں کے کھڑے اور اُن کے پاس بیش قراروں کے دھرے ! پیچھے سنہری روپہری عماریوں سے ہاتھیوں کی قطار - پالکیاں نالکیاں جھلا بوڑ کی بے شمار

وہ قیلوں کی اور میک دنبر کی شان
جھلکتے وہ مقیش کے سائبان

آگے سیکڑوں گھوڑے کوتل مرصع کے زینوں سے - ماہی مراتب اور سب جلوس بادشاہی اُن کے آگے ! گھوڑوں پر نقارچی آہستہ آہستہ رسایں سے دمبدم - شاہانی نوبت بجاتے قدم بقدم - پیادوں کے غٹ کے غٹ - بان داروں کے تھٹھہ کے تھٹ - بادلے کے نشان چمکتے ہوئے - پھریرے تمامی کے دمکتے ہوئے - نہاروں کا نرالا ہی ایک تماشہ ! کاش کی سروں پر پگڑیاں - سنہری زربفت

کی شکلوں میں کرتیاں اور پاؤں کی وہ خوشنما پھرتیاں - اِس سُپکی کے ساتھ جو پیٹ کا پانی

نہ ہلے

وہ ہاتھوں میں سونے کے موتے کئے

جھلک جنکی ہر دم قدم پر پڑے

خاص برداروں کے جُدے ہی غول اور اُن کے سروں پر سُنہری توروں سمیت اکپیچے بندھے

ہوئے کُول کُول ! غرض شاہ کے حُکم سے تمام لشکر کیا سوار کیا پیادہ جلو میں مُوافق دستور کے

حاضر - جس جس نے نذریں تھانیاں تھیں بادشاہ اور بادشاہ زادے کو گذرانیاں - پھر بہ مو-

جبِ ارشاد سجے سجائے آس پاس تختِ رواں کے قدم بہ قدم چلے اور مُوافق دستورِ شاہانِ سلف

کے آگے آگے جریب بھی مپنے لگی ! چوبدار سونتے بردار بھی سونے روپے کے جراؤ عصے اور

سونتے ہاتھوں میں لئے - گھوڑوں پر سوار آگے سواری کے اِہتمام کرتے تھے ! نقیب جلودار ہر دم

آپس میں یہہ پکار رہے تھے

اُسی اپنے معمول و دستور سے ادب سے تفاوت سے اور دور سے

یلو نو جوانو ! بڑھے جایو دو جانب سے باگیں لئے آیو

بڑھے جائے آگے سے چلتا قدم بڑھے عمر و دولت قدم با قدم

غرض سواری کے جاہ و جلال اور عظم و شان سے رستے کا یہہ رنگ ہو گیا جیسے بہار کی ہوا سے

ہر ایک بیابان اور چمنستان کا ہو جاتا ہی ! خلقت کا ہجوم ہر دم اُدھر اِدھر اور تماشا-

ئیوں کی بھیڑ جدھر تدھر ! قلعے سے لگا حدِ شہر تک دو طرفہ دُکانوں پر زری بادلے کی جگمگا

هٹ - اور در و دیوار پر تاش اور تہامی سے چہکا هٹ ا اهل حرفه تہام شاد و خورسند اور آئینه
بندی کے باعث شہر کے چوک کا لطف چار چند ا رعیت اور سپاه کی یہاں تک کثرت تهی که نگاه
قدم قدم پر رکتی تهی - آدمی کا تو کیا ذکر هی اور شہر کے کوتهوں پر جو خلقت تہاشا سواری
کا دیکهنے کے لیے جمع هوئی تو هر ایک کوتهے کی چهت اور منڈیر برنگ چمن پر کیفیت هوگئی ا
شاهزادے کے دیکهنے کا جو لوگوں کے دل میں نہایت ارمان تها - هر ایک بشر چهوتا بڑا لولا لنگڑا
یہاں تک که پیٹ والی عورت بلکه جنی بچا تک تہاشے کو نکلی اور چرند پرند بهی اپنے اپنے
مکان اور گهونسلوں سے باهر آئے - مگر ایک مرغ قبله نما جو پہنچنے نه پایا سو اپنے آشیانے میں
تڑپها کیا ا شاهزاده ازبسکه حسین تها - دیکهتے هی صورت کهه مهه عاشق هوگئے ا وه عید
کا چاند جس کو نظر پڑا اس نے جهک جهک سلام کیا اور یوں دعائیں دیں که یا الٰهی ! یہ مهر و
ماه همیشه قایم رهیں اور اپنے پرتو سے جہان کو روشن رکهیں

القصه شہر کے باهر کوس دو ایک کے فاصلے پر ایک بادشاهی باغ تها - اسی تجمل سے وهاں جا پہنچے ا
چار گهڑی تک خوب سا پهر پهرا سیر کر اپنے بیتے کو اچهی طرح رعیت اور سپاه کے تئیں دکهلا پهر
اسی فوج کی اوج موج سے شہر کی طرف متوجه هوئے - یعنے جس عظم و شان سے گئے تهے اسی
جاه و جلال سے قلعے میں داخل هوئے ا لشکری شہری جتنے لوگ سواری کے تهے دولت خانے میں
پہنچا کر رخصت هوئے بهیر جو تهی سو چهیر هوگئی

جہاں پناه اپنے محل مبارک کو تشریف فرما هوئے - شاهزادے نے بهی اپنے باغ میں داخل هونے
کا قصد کیا ا اتنے میں تہام محلی اور محل کی رنڈیاں خوشی سے استقبال کے لیے دیوڑهی

تلک نکل آئی۔ آگے پیچھے باندیاں داہنے ہو اور بائیں لیکر مسند پر بیٹھا یا۔ پھر بدستور سابق ناچ راگ ہونے لگا۔ پہر رات تک وہی جوڑا پہنے ہوئے تماشا دیکھا کیا۔ یکایک دل میں جو کچھ آئی تو مجلس سے اُٹھ باہر صحن میں آیا

قضا کا وہ چودھویں رات تھی اور چاند جلوے لے رہا تھا کھڑا ہو خوشی سے دیکھنے لگا۔ عجب وقت تھا جدھر نظر زمین کی طرف نکاہ پڑتی تھی۔ نور کی چاندنی ہی بچھی نظر آتی تھی

عجب لطف تھا سیر مہتاب کا

کہے تو کہ دریا تھا سیماب کا

چاندنی کی ایسی بہار دیکھی۔ شہزادے کا دل نہایت بیقرار ہوا

کچھ آئی جو اُس مہ کے جی میں ترنگ

کیا آج لوتے پہ بچھے پلنگ

یعنے میرا جی آج یوں چاہتا ہے کہ اوپر سوؤں۔ یہ بات سنتے ہی خواصوں نے جا بلکہ عالم سے عرض کی کہ پیر و مرشد! شہزادے کی آج یوں خوشی ہے جو بالاخانے پر آرام فرمائیں۔ اس میں حضور سے جو حکم ہو سو بجا لائیں۔ حضرت نے جواب دیا اب تو بے دن نحوست کے نکل گئے اگر یوں مرضی ہے تو خیر کیا مضایقہ لیکن چن کی چوکی ہو سو اپنے چوکی کے وقت خبردار چوکس ہوشیار جاگتی رہیں۔ اسا تھا اُس کے جب وہ محبوب لب بام پر آرام کرے تب محافظت کے واسطے سوئے نور اُس پر دم کریں

تمہارا مرا بول بالا رہے

کہ اِس گھر کا قائم اُجالا رہے

تب سہیلیوں نے کہا ای خُداوند! یہی درگاہ اِلٰہی سے اُمّید ہی کہ حُضور میں ہم سدا سُرخرو رہیں غرض بادشاہ سے حُکم لیکر خواصیں پھر آئیں اور شہ زادے کا وہیں بچھونا بچھا دیا۔ قضارا وُہ دن بارھویں ہی برس کا تھا۔ وہم غلط کار حساب میں چوک گیا۔ سُخن مزلوی رہم کا سچ ہوا

کہ آگے قضا کے ہی احمق حکیم

سب وہ اپنے اپنے عیش میں جو پھرے تو کچھ اونچ نیچ زمانے کی نہ سمجھے۔ یہہ جانا کہ دور خوشی کا ہمیشہ یوں ہی رہیگا۔ ہرگز فلک کجرو کی کجروی کو دریافت نہ کیا

کہ اُس بیوفا کی نئی ہی ترنگ

پھرے گرگٹ بدلتا ہی ہر دم میں رنگ

دُنیا میں آج تک ایسا کوئی شخص پیدا نہ ہوا ہوگا جس کو اِس نے خوشی سے ہنسا کر پھر اُس کے پیچھے غم و غصّے کے ہاتھوں آٹھ آٹھ آنسو رولایا نہ ہوگا۔ زمانے کی بتّے بازی میں ہرگز کچھ شک و شُبہ نہیں کیوں کہ ایک ہاتھ میں اُس کے تریاق ہی اور دوسرے میں زہر غرض چوکیدار نے شہزادے کی جو چوکی میں تھیں سو سب بے خبر سو گئیاں

شتابی سے اُٹھا ساقیِ سیمبر — کہ چاروں طرف ماہ ہی جلوہ گر

بھرا پُر گلابی سے دے بھر کے جام — کہ آیا بلندی پہ ماہِ تمام

جوانی کہاں اور کہاں پھر یہہ سن — مثل ہی کہ ہی چاندنی چار دن

اگر رمی کے دینے میں کچھ دیر ہی　　تو پھر جانیو یہ کہ اندھیر ہی

قصہ عاشق ہونے کا ماہ رخ پری کے شہزادے بے نظیر پر اور کوٹھے پر سے سونے

جانے لیجانے کا اُس کے پرستان میں

القصہ ایک خوشنما سونے کا جڑاؤ پلنگ اُس پری باف کا اد قچہ اور ایسے مقیشی کسنے (جن کے

جھبوں میں موتی انمول) کسے ہوئے نرم نرم کمخی تکیے اور گل تکیے رشک مخمل اُس پر دھرے ہوئے۔ بہت

سا ریشمی ایک چادر شبنم کی (جس کی براقی کو دیکھ چاند نے پھیکی پڑ گئی) بچھی ہوئی۔ خواصوں

نے جگمگاتا ہوا جا بجھایا۔ دن کا ماندہ جوانی کی نیند۔ سارا مکان خوشبوئے پھیلے مہکا

ہوا۔ پلنگ پر آتے ہی یہہ نیند آئی کہ پوشاک اُتارنے کی فرصت نہ پائی سو رہا۔ چاند اُس کے

سونے پر جو عاشق ہوا تو اپنی نگاہ اُس کے منہ پر لگا دی اور ٹکٹکی باندھی

جو سویا وہ اِس آن سے بے نظیر

رہا پاسباں اُس کا بدرِ منیر

رات کا وقت چاندنی چھٹکی ہوئی۔ گرمی کے ایام چلی جو ٹھنڈی ہوا۔ جہاں تلک کہ چوکی

کے باری دار تھے سب یکبارگی غفلت میں آ گئے

غرض وہاں جتنی رنڈیاں اور خواجہ سرا اُس کی خدمت میں تھے سو سب سو رہے مگر چاند کا

دیدۂ حیرت کھلا تھا۔ وہی ایک جاگتا تھا

وہ ماہ اُس کے کوٹھے کا ہالا ہوا

کہ وہاں مہ کا عالم دوبالا ہوا

قضا الٰہی سے نگہند آدھی رات کو کہوں سے ایک پری ہوا میں اپنا تخت اڑائے چلی جاتی تھی

یک بیک اُس کی نظر جو شہزادے پر پڑی دیکھتی کیا ہے کہ ایک شخص خوب صورت نوجوان کوئی تھے

مرپلنگ بچھائے چاندنی کی بہار میں سوتا ہے کچھ دل میں جو آیا کہ اپنا تخت ہوا سے اُسی

پشت بام پر اُتارا اور ایک کنارے رکھوا کر آپ اُس کے نزدیک آئی جو نہیں بھبھوکا سا شاہزادے

کا بدن دیکھا تو نہیں اُس کا تن بدن عشق کی آگ سے جلنے لگا بے اختیار اُس کے مُنہ پر سے

آنچل دوپٹے کا اُٹھا کر گال سے گال ملنے لگی اور لاکھ جان سے نثار ہوئی ہر چند

ارادہ تو اُس کا کچھ اور بھی تھا لیکن حیا نے رخصت نہ دی

اگرچہ دل میں تھی زیادہ ہوس

ولیکن حیا نے کہا اُس کو بس

ٹھہری دو ایک تک اِسی شش و پنج میں آخر کیا چاہا کیا کہ آخر عشق کے نشے میں یہ ترنگ

آئی کہ اِس معاملہ کو یہاں سے مع پلنگ اُڑا لے جائیے اور اپنے گھر میں رنگ رلیاں بہ خوبی منائیے

محبت کی آئی جو دل میں ہوا

وہاں سے اُسے لے اُڑی دلربا

ہوا جب زمیں سے وہ شعلہ بلند

ہوا میں ستارہ سا چمکا دو چند

پھر اپنے تخت کی بردوں کو حکم کیا کہ خبردار پلنگ اِس کا ٹس سے مس نہ ہونے پاوے اِسے کچھ حرکت

محسوس نہ ہو چاہیے کہ بوستان تک آنکھ نہ کھولے سوتے کا سوتا ہی رہے چنانچہ وے

ایک ایک سسکی کے ساتھ لے گئیں کہ دریا اُسے خبر نہ ہوئی۔ ندان ہاتھوں ہاتھ پلک مارتے پریستان میں جا اُتارا

بتابیں مجھے ساقیا! دے شراب کہ یہ حال دیکھ ہوا دل کباب

کریں خوشامیں دل اور کبھی دردمند زمانے کا ہی جب سے پست و بلند

یہ قصہ چوکیداروں کے بادشاہ کو خبر دینے میں کہ شہزادہ سوتے سوتے غائب ہوا یہاں کا تو قصہ میں نے یہیں چھوڑا اور اس مذکور سے منہ موڑا۔ اب اُن غیبدوں کا ماجرا سنو تک اِدھر کا بیان شنو۔ جونہی اچانک آنکھ ایک خواص کی خواصوں میں سے کھل گئی تو کیا دیکھتی ہے کہ شاہزادہ ہی وہاں نہ پلنگ۔ گھبرا کر ہی اور ہی رشتہ اُلجھا کر دوڑ اُٹھی پتلی اور سب کو اُٹھا بتھا یا پورے لگی شور ہی! یہ کیا غضب ہوا! چاروں طرف اندھیرا پر گیا! وہ چاند کدھر کو جا چھپا۔ باغ میں کانٹے ہی رہ گئے پھول درمیان سے جاتا رہا

نہ وہ ہی پلنگ اور نہ وہ ماہ رو نہ وہ گل نہ اُس جا نہ وہ اُس کی بو

آخر سب کی سب حیران ہو گئیں کہ یہ کیا ہوا۔ ہم کیا کریں کدھر جاویں۔ بادشاہ کو کیا منہ دکھلاویں۔ کوئی سر پر ہاتھ رکھے تصویر ماتم کی شکل بنی۔ کوئی اُنگلیوں کو دانتوں میں داب کھڑی کی کھڑی رہ گئی

کوئی دیکھ یہ حال رونے لگی کوئی غم سے جی اپنا کھونے لگی

کوئی رو رو چھاتی پیٹ پیٹتی تھی۔ کوئی بال نوچ زمین پر پٹکتی تھی۔ کوئی بیتابی سے خاک پر لوٹنے لگی۔ کوئی غم سے اُکتا کر اپنا گلا گھونٹنے لگی۔ کوئی

کی طرح حیرت سے آنکھیں کھول رہ گئی - کسی کے دیدۂ خونبار سے جلے خون بہ نکلے -
کسی نے اپنا مُنہ طمانچے مار مار لال کیا - کسی نے کہا - ہائے اب یہہ گھر خراب ہوا - آخر
اُن کو اِس بات چیت اور کچھہ نہ سوجھا یعنے یہہ ماجرا کر دِیجئے آگے جو
ہو سو ہو - اب تو بِنا اِس کے کچھہ بن نہیں پڑتا

غرض اِسی طرح سے سب کی سب رو رو پیٹتی آئیں اور یہہ روداد حضور میں عرض کی القصّہ جب
یہہ بد خبری ماں باپ نے سُنی - کلیجا پکڑ خاک میں لوٹ گئے - اور ایسے روئے کہ آنسوؤں کے دریاؤ
بہہ چلے پھر تو محل میں کُہرام پڑ گیا - شورِ قیامت برپا ہوا ! اپنے اپنے مکانوں سے چیختی
پڑی چلتی محل کی عورتیں تھیں سب ایک جگہہ جمع ہو کر ایک بار گی نالہ و زاری کرنے لگیں
ایسا ماتم کا غُل اُٹھا جو سارے سوتے لوگ شہر کے چونک اُٹھے اور بیحواس ہو کر جہاں کے
تہاں بیٹھے کے بیٹھے کھڑے کے کھڑے رہ گئے - آخر بادشاہ نے وہ جو خبر لائیں تھیں اُن سے پوچھا
کہو کس جگہہ میرا لال تم نے کھویا - اور کس کوہ میں میرے یوسف کو دبویا - اُس کا مجھے تھوڑ
تھہ نشان بتاؤ - ایک ذرا تو مجھہ کو دھارس بندھاؤ پھر وزیر صاحب بادشاہ کو اپنے ساتھہ
لیکر اُس باغ کے کوٹھے پر چڑھے اور کہا یہی مکان ہے جہاں دیکھتے دیکھتے آنکھوں سے او-
جھل ہو گیا تھا اور ہمارا روسیاہ ہوا

یہی تھی جگہہ وہ جہاں سے گیا — کہا ہائے بیٹا تو یہاں سے گیا
مرے نوجواں ! میں کدھر جاؤں ہیں — نظر تو نے مجھہ پر نہ کی ہے نہیں
عجب بحرِ غم میں دبو یا ہمیں — غرض جان سے تو نے کھو یا ہمیں

کسی سے بات نہ کہوں کہ کہوں مگر اختیار میں نہیں ورنہ ابھی کہوں ہزار افسوس! نہ یہاں تجھ

سے کچھ کہتا ہی نہ کہہ کام آتا ہی

کلیجا پکڑ ماں تو بس رہ گئی کلی کی طرح سے بکس رہ گئی

غرض صدائے ماتم کی دم بدم ترقی تھی اور شور و فغاں کی بڑھتی اندان لب بام پر آدمیوں کی

کثرت پہ بڑھی کہ تلے کی زمین اوپر ہو گئی - آدھی رات تو سونے میں کٹی باقی جو رہی تھی سو

رونے میں کٹی

عجب طرح کی شب تھی ہیہات وہ قیامت کا دن تھی نہ تھی رات وہ

جب فجر ہوئی تو سب ملکر سروں پر خاک اڑانے لگیں اور لہو کے آنسو بہانے - پھر تو یہہ خبر

سارے شہر میں پھیل گئی کہ گل اس دولت کے چمن کا ایک بیک اپنی جگہ سے آدھی رات کو گم

ہو گیا آخر یہاں تک رونا پیٹنا پڑا کہ باغ سارا ماتم سرا ہو گیا اس سرو خوش رفتار کے جانے سے

تمام پھول داغ سے نظر آنے لگے اور اس گل تازہ کے غائب ہونے سے وہاں کے نونہال سب سر کٹے

کر لکڑی ہو گئے درخت پاتوں لئے شہر پائمال ہوئے گلوں کا کلیجا اس صدمے سے پھٹ گیا اور

بلبلوں کا جی نالہ و فغاں کو سن کر چھاتیوں سے ہٹ گیا - کلی نے غم سے خون جگر پیا - گل

نے طمانچوں سے اپنا منہ لال کیا نرگس کی آنکھوں کا نور اڑ گیا - سنبل کا ہر تار بال اس

غم سے پیچ کھا کر مر گیا گل اشرفی کا بھی رنگ زرد ہوا لالہ سوز غم سے ایسا جلا کہ جام عشرت

اپنا آگ میں پھینک دیا انگور بھی مے غم سے مدہوش ہو کر گرے اور سایے درختوں کے سیہ

پوش ہوئے جنبیلی کا منہ سفید ہو گیا اور ہر ایک غنچہ کو جانے سے دلسوزی ہوئی وہاں ایسا

سخت ماتم ہوا کہ ہر ایک درخت نخلِ ماتم بن گیا

وہ لبِ جو جو نہر تھی جا بجا سو آنکھوں کو دیکھ کر گئی دنیا

اور اُس میں جو فرق تھے سو ایسے بے آب ہوئے کہ اُن میں تاب تڑپنا کی آنے کی نہ رہی یہاں تلک روئے کہ آنکھوں میں گڑھے پڑ گئے چشموں سا حال ہوا کہ اُن کے پانی نے اپنا رنگ سیاہ کیا کوئیں دل میں چھپکے رہتے تھے اور آبشاریں دار بند مار مار باؤلی ہو رہتے باؤلی بن گئی اور آب جو دیوانی سی اِدھر اُدھر پھرنے لگی غرض ہر ایک وہاں کا سا کا آپ میں نہ تھا

نہ بشکلوں کا عالم نہ وہ قرقے نہ وہ آب جو ئیں نہ سبزے ہرے

جن منڈیروں پر مور ناچتے تھے وہاں کوے بولتے ہیں اور جہاں کے سہاونے درختوں کی چھاؤں تھیں اب وہاں اُداسی چھائی ہوئی ہے اور جہاں کے منقش رنگین مکان تھے اب وہاں جا بجا کھنڈر یکسر ویران دکھائی دیتے ہیں اور دل اُس کی محبت میں پھولوں کی طرح کھل رہے تھے سو جدائی کی خزاں سے مرجھا کر منسرحل ہو گئے

نہ غنچہ نہ گل نہ شگفتگی رہا نقطہ دل میں ایک خارِ حیرانی رہا

سچ ہی خدا ہی کی ذات کو ہمیشہ قیام ہے اور کوئی چیز مدام یکساں نہیں رہتی کیوں کہ کون فساد ہے عالم کا یہی خاصہ ہے کہ ایک حال پر نہیں رہتا

القصہ جب کئی مہینے آگے ہوا اور ہوا میں اس واردات ناگہانی کے سبب گھٹن ہوئی۔ جانوروں نے دیکھا کہ درندہ کی مفارقت کے غم غصے میں بادشاہ کا حال تباہ ہو جاتا ہے اور ملک کے بندوبست

میں تخلّل نظر آتا ہی۔ سمجھا نے لگے کہ پیر و مُرشد! اِتنی اِضطرابی و بے تابی خوب نہیں۔ اُمّید ہی کہ وہ تم سے بھی پھر آملے۔ خُدا کی قُدرت سے کُچھہ دور نہیں

خُدا کی خُدائی تو معمور ہی غرض اُس کے نزدیک کیا دور ہی

واللہ اعلم اِس میں کیا بھید ہیگا۔ انجام کِسی پر معلوم نہیں! مرتے کے ساتھہ کوئی نہیں مرتا نہ سدا دِن کِسی کے ایک سے رہتے ہیں! آپ نے جو اِتنی دولت لُٹائی اور شب و روز رویا کیئے۔ سوائے ضرر کے کُچھہ اور بھی فائدہ ہوا؟ آج تک نہ وہ مِلا نہ خبر اُس کی کہیں پائی

اگرچہ ہم جانتے ہیں کہ جُدائی اُس کی حضرت کو کِسی طرح گوارا نہیں لیکن خُدائی سے کیا چارا پر ہم کو یہہ یقین ہی کہ آپ اپنے فرزند کو پھر دیکھینگے کیوں کہ نُجومیوں کا قول قدیموں کو خوب یاد ہی اور اغلب کہ پیر و مُرشد کی خاطرِ مُبارک میں بھی ہو۔ آگے ہی اُنھوں نے یہہ خبر دی تھی کہ لڑکے کو بارھویں برس دیکھی۔ پر جی جوکھوں نہیں! چُنانچہ ایک بات تو اُن کی آزمایش میں آئی۔ یقین ہی کہ دوسری بھی مُقرّر ہوگی آپ خاطر جمع رکھیئے

حاصل یہہ ہی کہ اِنھہ باتوں سے تھوڑی سی تسکین دِل بے قرار کو دیکر حضرت نے فرمایا۔ اب مُجھے اُس کے مِلنے کی خُدا ہی سے اُمّید ہی کیوں کہ اُس کا کھوج بشر کی تدبیر سے نہایت بعید! خیر جو خواہش اُس کی تھی سو ہوئی۔ آئندہ جو وہ چاہیگا سو ہوگا! آخرش بادشاہ راضی ہوا۔ اُن سب نے سمجھا بُجھا پھر تخت پر بِٹھایا اور آپ بھی اپنے اپنے عُہدوں پر قائم ہوئے

مُجھے دیکھے ہی کھوج اُس کا بتا ذرا خضر رہ تو ہی ہو ساتھا!

نہ پائی کہیں یہاں تو اُس مُشکل کی بو کروں اب بدخشاں میں جستجو

داستان پرستان میں لیجانے کسی ماہ رخ پری کے بے نظیر کو

القصہ وہ پری جو اُس کو وہاں سے لے اُڑی - پرستان کے اندر جا پہنچی اور ایک باغ میں اُسے اُتارا

وہاں کا عالم دُنیا سے نرالا تھا

طلسمات کے سارے دیوار و در — نہ یہاں کے سے کوٹھے نہ یہاں کے سے گھر

وہ باغچہ معمارِ قدرتِ الٰہی نے بنا پایا تھا اور باغبانِ قضا نے رنگ برنگ کا گُل بوٹا اُس میں لگا-

یا تھا عمارتیں اُس کی رنگیں - رشکِ عمارات خُلدِ بریں نہ اُنھہ میں آگ پانی کا خطرا - نہ سردی

گرمی سے دھرکا اور ہر ایک مکان کی چھت ایسی دُرخشاں - جیسی دیوارِ چراغاں مُطلا و منقش

ہر ایک دیوار و بام - مُشبّک و پاکیزہ دروازے تمام

کُرے چھنکے وہاں اِس لطافت سے دھوپ — کہ زردی کا جوں زعفراں کی ہو روپ

زمیں وہاں کی ساری جواہر نگار — اِدھر میں چمن اور ہوا میں بہار

ہر ایک وہاں کی چیز عجائب و نادر اور ہر ایک مکان میں وہاں کے صنعتِ صانع ظاہر بُلبلیں

رنگ برنگ کی درختوں کی ٹہنیوں پر چہچہوں میں اور انوتھی انوتھی رنگتیں وہاں کے گُلوں

میں جس چیز کا کسو کو ہووے اِشتیاق - وہیں دیکھ لے اُسے بالائے طاق جواہر کے وحوش

وطیور دن کو دور دور ہر طرف صحن میں چُگتے پھریں اور وہی حیوان رات کو آدم کی صورت

بن کر گھر کا کام کاج کریں اور اُس عمارت پُر کیفیت کے کوہرِ شب چراغ - دن کو تو جواہر نظر

آویں اور رات کو چراغ جس وقت اُن کی کوئی کوٹھری کُھل جاوے - دُنیا کے باجوں کی صدا آوے

وگر بند کردیجئے ایلبار — تو چوں ارغنوں راگ نکلیں ہزار

صدا آپ سے آپ گھڑیال کی کہیں ناچ کی اور کہیں تال کی

ہر ایک مکان میں مُوافق اُس کے فرشِ مخمل مُنقّش بہ خطّ سُلیمانی - جس کی دلالی میں دیا جاے ارژنگِ مانی - اندر سے باہر تک بچھا ہوا اور ایک ایک پلنگ بھی جواہر نگار جہاں چاہیے وہاں کسا ہوا دروں پر بندھے ہوئے طلسمات کے پردے اور چقیں - دل کی خواہش پر اُٹھیں اور گریں - سیکڑوں خواصیں پری زاد اُس پری کے مُطیع و فرماں بردار بلکہ اُس پر جان و دل سے نثار - قصّہ کوتاہ سرِ نہر ایک مُرصّع کا بنگلا تھا - اُسی میں شہزادے کا پلنگ لا رکھا دیا اور وہ بنگلا اُس کے حُسن کی چمک سے دو چند روشن ہو گیا

قضارا کھُلی آنکھ اُس گُل کی جو نہ پائی وہاں شہر اپنے کی بو

نہ وے شخص دیکھے نہ وہ اپنی جا تعجّب سے ایک ایک کو تک رہا

اچنبھے کا یہہ خواب دیکھا جو وہاں لگا کہنے یارب میں آیا کہاں

از بسکہ شاہ زادہ کم عمر تھا - کچھہ سہما پھر کچھہ دھارس اپنے دل میں باندھہ دھتھائی سے اِدھر اُدھر دیکھنے لگا - اِتنے میں سرہانے کی طرف جو نظر پھری تو کیا دیکھتا ہے کہ ایک رنڈی خوب صورت ناآشنا سی کھڑی ہے پوچھا تو کون ہے یہہ کہر کس کا ہے اور مجھے یہاں کون لایا؟ یہہ سُنکر مُنہہ پھیر اُدھر سے رُخ پر نقاب لیکر مُسکرائی اور یہہ جواب دیا

خُدا جانے تو کون میں کون ہوں مُجھے بھی تعجّب ہے میں کیا کہوں

پھر ایک لحظہ چُپ رہکر ہنس پڑی اور کہنے لگی - تو میرا مہمان ہے اور قضا و قدر تُجھہ کو یہاں لے آئی ہے

یہہ گھر کُو کہ میرا ہی تیرا نہیں پر اب گھر یہہ تیرا ہی میرا نہیں

سُن ای بے نظیر! تیرے عشق نے مُجھے دیوانہ کیا اور تیرا غم میرے دل میں پیدا کیا تُجھے تیرے شہر سے یہہ بندی تقصیروار ہی اُڑا لائی ہی! سچ تو یہہ ہی کہ میں پری ہوں اور یہہ پرستان ہی! یہاں کے باشندے اِنسان نہیں! یہہ سُنکر ہکّا بکّا سا رہگیا! پھر کُچھہ نہ بولا

کہاں صُحبتِ جن کہاں شکلِ اِنس غرض تھی ہی صُحبت غیر جنس

غرض وہ تو اُس کے وصل کی شادی سے پھولی نہیں سماتی تھی اور اُس کے دل کی کلی اپنے لوگوں کے غم دوری سے مُرجھائی جاتی تھی

کہو یوں بھی ہی گردشِ روزگار کہ معشوق عاشق کے ہو اختیار

جوں توں وہاں دل اپنا پرچایا اور جی کو لگایا پر جو کُچھہ وہ کہتی ہاں ہاں کیا کرتا اور وحشیوں کی طرح اکثر اُداس بد حواس پھرتا! کبھی سانس لیکر آنکھوں میں آنسو بھر لاتا اور کبھی وے محلوں کی چہلیں گھر کی خوشیاں دھیان کر بیخود ہو جاتا! جب پیار ماں باپ کا یاد آتا تب رو رو آنسوؤں کے دریا بہاتا! کبھی اپنی تنہائی پر غم کرتا کہ ہائے میں کہاں آیا اور کدھی اپنے پر دُعائیں دم کرتا کہ حیف مُجھے کیا ہوا اور جو کبھی اپنے ناز و نعمت کے پلنے کا تصوّر کرتا تو ٹھنڈی ٹھنڈی سانسیں بھرتا! کسی بہانے کبھو رات دن سویا کرتا اور جو اکیلا ہوتا تو وطن کی جُدائی سے رویا کرتا

غرض اُس کو ہر ساعت ایسی بے قراری تھی جیسے نئے جانور کو جال میں اور ماہ رُخ پری نے یہہ کام باپ کی چوری سے جو کیا تھا اِسی لئے کبھی وہاں رہتی اور کدھی باپ کے یہاں تا کہ

یہہ احوال کسي پر ظاہر نہ ہووے - ازبسکہ وہ پري صاحب شعور تھي ا نئي نئي چیزیں لاتي اور قسم قسم کے راگ رنگ مچواتي کہ اِل اُس کا پرے اور جي بھلے ا عجائب و غرائب سوانگ تماشے وہاں کے اُسے ہرشب دکھلاتي اور کشتیاں اچھي اچھي پوشاک کي اور پاکیزہ پاکیزہ کھانوں کے خوان طرح بہ طرح کے میوے آگے رکھتي تاکہ جس لباس پر طبیعت مایل کرے سو پہنے اور جس خورش کي رغبت ہو وہ کھاوے

شرابوں کے شیشے جُنے طاق میں کزک وہ کہ نکلے نہ آفاق میں

شراب وکباب وبہار ونگار جواني ومستي وبوس وکنار

غرض یہہ چیز مہیا اُس کي خاطر رکھتي کہ کسي وجہہ دل شکستہ نہ ہو کیوں کہ ایک تو میں نے اُس کو ماں باپ اور بھائي بند دوست آشنا سے تنہا کر دیا اور جو اب خاطرداري بھي نہ کروں تو اُن کے فراق کا ایسا غم کھاوے کہ بیمار ہو جاوے پر باوجود اِس خاطرداري کے بھي شاہزادہ اپنے خویش واقربا کي دوري کے غم سے گھلتا تھا اور شمع کي مانند سوز دروں سے جلتا پر ہرگز منہہ پر نہ لاتا بلکہ بہ ظاہر زمانہ سازي سے اُس کي طرف جھکا رہتا پر نا جنسي کے سبب جي میں رُکا رہتا

پري وہ جو تھي دل لگائے ہوئے وہ بیٹھي تھي اُس کو اُڑائے ہوئے

چنانچہ اُس کي رکاوٹ کو تاڑ گئي لیکن ازبسکہ شعور دار تھي - جي میں تو رکي رہتي پر اُس کے منہہ پر کچھہ نہ کہتي ا اِس پر بھي محبت کي زیادتي کے سبب ایک دن اُس سے کہا اي بے نظیر! اب تو تو میرے دام میں اسیر ہو چکا لیکن اِدھر اُدھر ایک پہر پھرا چلا کر اور سیر رہے زمین کي

کیا کرا میں تو سرِ شام اپنے باپ کے پاس جاتی ہوں اور تو اکیلا اُداس پڑا رہتا ہی اگر سیر کریگا
تو تیرا مزاج بحال رہیگا اور میرا دل بھی نہ گھبرائیگا اِسی لیئے گھوڑا کل کا میں تجھے دیتی
ہوں لیکن تو مجھے یہہ مچلکا دے کہ اگر پھر اپنے شہر کی طرف یا کسی اور مُلک کی سمت
جاوے یا کسو سے اپنا دل لگاوے تو حلال تجھہ سے دلدار کا گُنہگار کا سا ہو

کہا کہوں کہ میں تجھہ کو جاؤنگا بھول　　مجھے چوکنا تو نے سو سب قبول

تب ماہ رُخ نے اِس قول قرار پر خوش ہوکر کہا کہ نام اِس بادپا کا فلک سیر ہی اور تیرے بخت
یاور تھے کہ میں نے یہہ سُلیمان کا تخت تجھہ کو بخشا اور تجھہ سا کوئی دُنیا میں خوش نصیب
نہیں ہوا کہوں کہ ایسا فلک سیر گھوڑا کسو کو آج تک نہیں ملا زمین سے آسمان تک اور مشرق
سے مغرب تلک جہاں چاہو سیر کیجو جو اوپر کو چڑھاؤ تو کل اِس کی بوں جو ریح کو
اُتار تو یوں مزہ۔ کیا کہوں میں اُس گھوڑے کی خوبیاں ایسی دوندا اور پرند میں کب ہوتی
ہیں محبوبیاں

ذرا کل کے موڑے فلک پر ہوا　　جو کہیئے تو کہیئے اُسے بادپا

نہ کھاوے نہ پیوے نہ سووے کبھی　　نہ تاوے نہ بیمار ہووے کبھی

نہ حشری نہ کہری نہ شب کوری　　نہ وہ پہندلنگ اور نہ مہمیزوری

نہ ساپن نہ ناکی نہ بھونری کا ڈر　　ہر ایک عیب سے یہ غرض ہے خطر

القصّہ سرِ شام بے نظیر اُس بادرفتار پر سوار ہوکر پھر جہاں چاہتا وہاں پھرتا پر اُس کے غصّے
سے ایسا خوف کھاتا کہ پھرکے بیٹھتے ہی چلا آتا ایک مدّت تو یونہی تھی پر ایک دن سیر کے

درمیان دل میں یہہ ترنگ آئی کہ اِتنی سیر سے توسیری نہیں ہوتی۔ تُک آگے بڑھا چاہیے

اِس میں جو ہو سو ہو

کِدھر تھی تو اے ساقیِ شوخ و شنگ — کہ آیا ہوں میں بیٹھے بیٹھے بہ تنگ

بِلا مُجھ کو دار کوئی تیز رُتند — کہ ہوتا چلا ہی مِرا ذِہن کُند

مِرے تو سنِ طبع کو پر لگا — مُجھے یہاں سے لیچل فلک پر اُڑا

قصہ گُذر کرنا بے نظیر کا کِسی باغ کی طرف اور دیکھنا بدرِ مُنیر کا

ایک دن کی وارِدات تک دل دیکر سُنو تو نہایت لُطف اُٹھاؤ۔ کِسی رات شہزادہ بے نظیر شام کے وقت سیر کے اِرادے فلک سیر پر سوار ہوا۔ بادپا اگرچہ بسکہ تیز رفتار تھا۔ چڑھتے ہی اُس نے سیکڑوں کوس پر جا دیا۔ اِتنے میں ایک سُہانا سا باغ اُس کو دور سے نظر آیا۔ اُس کا دل اُس کے دیکھنے کے واسطے بہت ہی للچایا۔ جب کچھ نزدیک پہنچا تو کیا عمارت ایسی مُفید پائی نظر پڑی کہ چاند نی سے بھی دوچند برق تھی۔ آسمان تک کھڑا ہوا۔ چاند چمکا ہوا۔ جاڑے کی ہوا تھی۔ چاندنی خوش آئی۔ چاندنی کا ہر طرف نُور۔ شام سے صُبح تک یکساں عالمِ نور۔ اُس جا کا جو اُس کو بھایا تو یہیں اُس کے خاطر میں بھی آیا کہ اِس باغ کو دیکھئے۔ اُس پر بڑا کُھلا جس کو ہو پر آئے چلا جاتا تھا۔ وہیں اُس کی باگ لی اور اُدھر سے نیچے کو مُنہ پھرایا تو اُسی رنگ کی خوش نما عمارتیں کتنی ہیں دکھائی دیں۔ اُن کو دیکھ دل میں کہا کہ چل کر خواہ مخواہ بھی دیکھئے تب اُس کی پیروی سے ایک کوٹھے پر اُتر پڑا۔ اِدھر اُدھر جھانکنے لگا کہ دیکھوں تو یہاں کوئی رہتا بھی ہے یا نہیں یکایک ایسا کُچھ دکھائی دیا کہ کبھی نہ دیکھا تھا۔ سُرت بِسر

گئي هر ايک چيز جي سے اُتر گئي

کهاجي سے اب تو جو کچهه هو سو هو ذرا چل کے اِس سير کو ديکهه لو

يهه سوچ سمجهه سيڑهيوں سے نيچے اُترا اور وهاں کے کِواڑ کهولے ا پهر دبے پاؤں نظر سے اپنے سائے کو بچائے آم ميں درختوں کي چلا

تهے يک طرف کُنجان باهم درخت کهلتے هوں جس طرح مُشتاق سخت

وهيں جا کر کهڑا هوا اور چهپ چهپ اِدهر اُدهر تکنے لگا که ايک صحبتِ پُر کيفيت اور شکليں خوب صورت کِسي طرف نظر آئيں - جان و دل سے فريفته هو گيا

مِلي جنس کي اپني جو اُس کو بو لگا تکنے حيرت سے حيران هو

مُغرق زميں پر تا مي کا فرش چمک جس کي لے فرش سے تا به عرش

يهه چمکاهٹ ديکهه کر نگاه خيرگي کرنے لگي چکا چوندهه سي لگ گئي ا غرض جوں توں اُس مکان کي طرف جو ٹهہرا کر نظر کي تو کيا ديکهتا هوں که در و بام اُس کے ايسے سُفيد هو رهے هيں که نورِ صُبح اُن کے جلوے سے مُنفعل هي اور چمک موتيوں کي خجل ا فرش هر ايک مکان ميں چمکا بچها هوا جس کي چمک کا فرش سے تا عرش جهمکرا تها ا بلّور کے سنگ فرش ايسے خوشتراش قرينے سے دهرے هوئے که جن سے فرش کي چمک دوني نظر آئے ا اُس کي نگاه جو اُس پر گئي اور عکسِ ماه اُن ميں ديکها بهي چمک رها گيا - از بسکه طرح اُس هر ايک کي ايسي مانوس تهي که جيسے شيشے کي فانوس - اگر دانا نظاره کرے تو دبوانه هو کر کرے که هر ايک کو نے بر شيشے ميں پري کو بند کر کے رکهه ديا هي اور جنوں کا يهه رنگ تها

لپٹتے ہوئے بادلوں سے درخت　　زمین و ہوا صاحبِ تاج و تخت

اندر باہر شبستان میں روشنی کا قدِ آدم آئینے لگے ہوئے اسارا مکان روشنی کی کثرت سے ایسا اُجالا ہو رہا تھا۔ جیسے آسمان تاروں سے اِدھر آنکھ اُٹھا کر دیکھو تو اِزدحامِ نور ہی اور روشنی کا وُفور اچوبر کی مُلمّع و پاکیزہ نہر۔ جس میں موج زن چشمۂ ماہ کی لہرا چوکڑیاں چاندنی میں اُسے دیکھے تو سمجھے کہ ایک پتری بلّور کی جھلک رہی ہے یا روشن الماس کی چمک رہی ہے۔ فوّارے اُس میں اِس خوبی سے چھوٹ رہے تھے جیسے موتی برستے ہیں ہوا سے

مُقرّض پڑا اُس میں مُتّیش جو　　گرا ماہ وہاں رشک سے پُرزے ہو

تس پہ وہ ایک مہ پارہ کترا ہوا مُتّیش اور بھی جھولی میں بھرے اُڑا رہی تھی۔ اور ہوا میں اُس کے تار جُگنو سے چمکا رہی تھی۔ وہ اُس کے ہاتھ سے جب نکلتے تھے۔ جلوۂ ماہ کو پائے تلے ملتے تھے

غرض اپنی صنعت سے تاروں کو توڑ　　زمیں کو فلک کا بناتی تھی جوڑ

یہ زر افشانی کی کثرت تھی کہ اُس باغ کی ساری زمین لتا چمنوں سے روشوں تلک مع درخت و کُنج و شاخ و ثمر پُر زر ہو گئی

زمانہ زر افشاں ہوا زر فشاں　　زمیں سے لگا تا سما زر فشاں

جو فشانِ باغ زر کا یہ تماشا دیکھ کر غش ہو جاتیں اُن کو مہ رو مہ دیکھ کر۔ اُس نہر کے کنارے ایک نہ گیرا زرّیں اِس زرق برق سے کھڑا تھا کہ جس کی جھالر کی رخشندگی پر کوہِ آبدار نثار

ہو اور چشمِ فلک کی کہاں تاب جو اُس سے دوچار ہو۔ اُس کی چوڑیوں الماس کی جڑاؤ ایسر خوش تراش کہ گویا ایک سانچے میں ڈھلی ہوئیں تھیں۔ جھکتا اُن کا دیکھتا تو استادۂ کہکشاں بھی جھک جاتا اور ڈوریوں سے اُس کی تارِ شعاعیِ آفتاب کی کہاں تاب تھی کہ اپنے تئیں دور کھینچتا فی الواقع جتنی تعریف اُس کی خوش قطعیِ وزرنگاری کی کیجیے سزا تھی۔ اُس میں ایک مسند نہایت خوب زربفت کی جگمگی بچھی تھی کہ جس کے پائے اندازِ چاندنی چاند کی بھی دھے پڑے۔

کہوں کیا میں جھالر کی اُس کی بتان — کہ سورج کے ہوتا جو دیکھے گمان

تکیے بھی پھولے نہ سماتے تھے اِس لیے کہ اُس پر دھرے تھے باوجود اِس کے کہ خود بھی سر بسر حُسن سے بھرے تھے۔ صراحی اور جامِ بلّور کے سامنے اُس کے اِس کیفیت پر تھے کہ دیدۂ تاک اُن کو دیکھ کر مست ہو جائے اور اگر زاہدِ خشک بھی اُنھیں پائے تو تقوے سے ہاتھ اُٹھائے۔ غرض جدھر کو نگاہ وہاں جاتی تھی سوائے نور کے کچھ نظر نہ آتا تھا

زمیں نور کی آسماں نور کا — جدھر دیکھو اودھر سماں نور کا

اگر کیجیے سایۂ اوپر نگاہ — سو ہی وہ بھی جوں سایۂ مہر و ماہ

ستاروں کا مہتاب میں حال یوں — کہ چُنے کے قطرے ہوں پانی میں جوں

جہاں سارے داؤدی کے پھولوں سے بھرے۔ ہر طرف شبّو کے پھول شاخوں پر کھلے ہوئے۔ حاصل یہ ہے کہ کس حُسن کو کوئی انتخاب کرے۔ ہر ایک شے میں اُسی ایک آفتاب کا جلوہ ہے۔ نزدیک دور جدھر آنکھ جاوے اُسی ایک مہتاب کا پرتو ہے۔ غرض خودی کی وحدت سے نشّہ اور

اُنکے بیگانے کی کثرت میں آ تو ہر ایک میں وہی ایک جلوہ نظر پڑیگا ۔ اِس واسطے کہ ہر ایک
چیز میں اُسی کے نور نے رنگ پکڑا ہی اگر آنکھ بینائی کی کھولیگا تو اُس کے سوا غیر کو ہرگز
نہ دیکھ پڑیگا

حقیقت کی لیکن بصارت بھی ہو ۔۔۔ کہ دیکھے نہ اُس کے سوا غیر کو

خُدا ہی میرے ساحبر ساقیا ۔۔۔ مہہ چاردہ کو دکھا کر ہلا

کہ دیکھے سے دونوں جہاں کے دل کو سُرور ۔۔۔ نظر کام کرجائے نزدیک و دور

قصّہ بے نظیر کے باغ میں جانے کا اور چرچا ہونا اُس کے آنے کا اور خبر پہنچنی مدر مُنیر کو
اور آپس میں عاشق ہونا دونوں کا

اب اُنکی داستان کی رشتہ ہوا ہوس میں آتی ہی کہ خاتم کی تعریف کے بعد نکبس کی مدح کرنے
دستور ہی ۔ وہ مسند چوتھے حوض پر تھی کے دریا کی لہر تھی ۔ اُس پر ایک تصویر بیکر قدرت سے جلوہ
گر تھی ۔ چودہ پندرہ برس کی اُس کی عُمر اور جوانی کی اُمنگ ۔ نہایت شکیل اور گُندن سا
رنگ ۔ تکمے پر کُہنی دھرے اور گال پر ہاتھ رکھے دوے تاہے ۔ کنارے نہر کے بیٹھی تھی ۔ بیت
انداز سے ۔ خواصیں دست بستہ اِدھر اُدھر قرینے سے مؤدب ۔ اپنے اپنے حصّے لیئے حاضر اور ہر
ایک اُسی کی طرف دیدۂ جان و دل سے ناظر ۔ اُن میں وہ دکھلائی دیتی تھی یوں ۔ جیسے چاند کے گرد
تارے ہوں ۔ اِس سج دھج سے چاندنی کا عالم دیکھ رہی تھی ۔ اُدھر آسمان پر چاند چمک رہا
تھا ۔ اِدھر زمین پر اِس چودھویں رات کے چاند کی رشک کا جھمکڑا تھا ۔ دونوں کا عکس پڑا تھا
نہر میں تو چاند کی جوت دکھائی دینے لگی ہر ایک

نظر آئے اِتنے جو ایک بار چاند زمانے کے مُنہ کو لگے چار چاند

اب اُس کے لباس کا بیان کیا کیجئے اور کِسکے تشبیہ دیجئے کہ نہ ویسا دیکھا نہ سُنا گلے میں اُس کے ایک پشواز آب رواں کی کھپردار کہ جس پر آبِ رواں نثار ہو سنجاف میں اُس کی اِس کثرت سے تھے گہر - گویا موتیوں میں تُل بنتھی تھی وہ رشکِ قمر اور ایک اُوڑھنی باریک و لطیف ہر اسی سر پر - جسے پانی پانی ہوئے شبنم دیکھ کر صباحت اور صفا اُس کی آنکھوں میں سُہاتی تھی - سر سے کاندھے پر ڈھلکی ہی جاتی تھی کُرتی اور انگیا جواہر نگار کی بہار کا سماں - دیکھ کر بھیچک رہ گیا دیدۂ آسماں اور لباس کا ایک تکمہ گریبان میں ایسا ٹکا ہوا - جیسے چاند سے ایک تارا لٹکا ہوا دامن کے نیچے سے پائجامۂ زربفت کی جھلک - یوں نظر آئے جیسے آرسی میں دامنی کی دمک

صفائی یہ تہ شاک کی دیکھیو نظر سوچتی ہی کہ میلی نہ ہو

سودول اُس کی ترکیب اور چاند سے مکھڑے - کول کول بانکیں پر ڈھلتے ہوئے نورتن اور بالے پر چاند کا ہالا قربان اور موتیوں کے مالے کو دیکھ کر تارے کہکشان کے حیران

وہ آنکھوں کی مستی وہ بھالوں کی انی کرن پھول کی اور بالے کی جھونک

موتیوں کے دولڑے اور ہار کی پھبن پر اشکِ غم دیدۂ عاشق نثار ڈھکڈھکی اور پچ لڑے ستے لڑے کی زیبایش پر دل نظار گیاں صدقے سو سو بار اور انگیریوں کا ترتیب جہاں گیر اور گلے کی زنجیر سے ایک عالم اسیر اور جڑاؤ چنپا کلی کے نیچے موتی الٹے چمکتے تھے ہر دم - جیسے برگِ گُل پر نمایاں ہو شبنم اور جڑاؤ ہیکل کمر اور کولے کے نیچے پڑی ہوئی دیکھ کر

دیکھنے والوں کا دل لوٹتا تھا آتش شوق کے انگاروں پر ا موتیوں کی پازیب سے اُس
کو کچھ زیبائی نہ تھی - بلکہ موتیوں نے آب و تاب اُس کے پاؤں پر گر کے پائی تھی ا وہ پاؤں کب
کسی کے ہاتھ لگے جس پر جواہر پڑا لوٹتے ا اب سراپا کی تعریف اُس رشک حور کی کہنی ضرور ہی
لیکن جیسی کہ چاہیے سو معلوم اگر میرا تن سر سے پاؤں تک زبان ہو جاوے تب بھی اِس کے ایک
عضو کی تعریف نہ ہو سکے ا غرض چہرہ اور چالا کی اعضاے بدن سے اُس کے نمود اور راستی و کجی
جہاں چاہیے وہاں بہ خوبی موجود ا مکھڑا وہ خوشنما جسے دیکھ کر مہتاب داغ کھاے اور نقشہ
وہ دلربا کہ جس پر نگاہ کرتے ہی تصویر کے عالم کو حیرت آئے ا رخسارے ایسے نزاکت بھرے - لال
ہو جائیں اگر کوئی اُن کے بوسے کا خیال کرے ا دیکھکر صباحت و ملاحت اُن کی ہر آن - موتی
کا پھڑا - سو رنگ سے ہوش میں آئے ان حسن کی محراب - بلکہ دیوان خوبی کے بے دو
مصرعے انتخاب ا نگاہ آفت اور چشم بلاے بے درماں - صف عشاق کو اُلٹ دیں مژگان
اور موتی بھرے دیکھے جو اُس کے کان ایک بار - صدف مدتوں سیپت ہزار مرتبہ ہو نثار

وہ بیتی کہ جس کی نہیں کچھ نظیر تھی انگشت قدرت کی سیدھی لکیر

بیاض کلو اُس کی تمام منتخب - ساعد و بازو ستے ہی مسب - وہ مہدی سے رنگیں
اُس کے ہاتھ دیکھے تو پنجۂ آفتاب شفق میں خجالت سے نہاں نہ ہو ا ازبسکہ مثل آئینہ رو-
شن تھا اُس کا بدن - ناف تھی گویا عکس چاہ ذقن ا ہیچ بھی نہیں ہی اُس کی کمر - قسمت
کا پیچ ہی جو نہ آوے نظر ا زانو پر اُس کے اگر پہنچے عاشق کا ہاتھ تو عمر بھر رہے اُسی کے
ساتھ ا رنگ اُس ساق بلوریں کا اور انداز پاؤں کا ہر سحر - دیدہ و دل کی رہے

انہ تنہا لطیف و خوش اُسلوب تھی انگشتِ پا۔ بلکہ کفِ پا بھی مانند آئینے کی دکھاتی تھی پشتِ پا۔ دیکھے اُس نازنیں کا اگر قد و قامت تو ہاتھ جوڑ کر کھڑے رہ جائے قیامت اور جو نظر پر جائے اُس کا خرام تو وہیں جھک جھک کر کرنے لگے سلام۔ چال میں اُس کی وے اٹھکھیلیاں۔ جن سے ہوں پائمال یکسر دلہائے جہاں۔ بنا کر اپنے تئیں کبک کیسی ہی چلے لیکن پس جائے اُس کے انداز کے پاؤں تلے۔ جواہر نگار کفش کی وہ چمک۔ جھپک جائے جس سے یہ کہکر چشمِ فلک۔ اور کرشمہ و ناز و ادا و غمزے کا کیا کروں بیان کہ دلبری اُن کی تھی تابعِ فرمان۔ تغافل و غرور و شوخی و حیا۔ ہر ایک اپنے وقت پر ہوتی تھی اُس سے ادا۔ مسکرانا بولنا ناز سے۔ چشمک ایک انداز سے۔ کبھی رحم کبھی ستم۔ موافق ہر ایک کی قدر کے کرم۔ تمکنت اُس میں تھی بانکپن کے ساتھ۔ غرض ہر طرح تھی اُس کی اس کیفیت بن کے ساتھ۔ جب اِس طرح شہزادے نے دیکھا تو حیران رہ گیا اور کہنے لگا ای صانعِ ذوالجلال! واقعی تیری قدرت معمور ہی جو صنعت ہی تیری سوء وہم و خیال سے دور

غرض وہ چھپا ہوا درختوں سے کھڑا دیکھتا تھا کہ وہاں کبھی کی نظر بدورِ منیر کی خواصوں میں سے جا پڑی۔ ناگہاں جو دیکھے تو پھولوں سی حسین درختوں کی اوٹ میں چھپا کھڑا جھانکتا ہی۔ یہہ چرچا جو آپس میں ہوا تو سب جمع ہو گئیں اور یہہ احوال ایک سے ایک سُنکر سب کی سب بھچک رہ گئیں۔ دیکھیں تو دور سے کچھ شعلہ سا اور درختوں کا آنگن کچھ اُجالا سا نظر آتا ہی۔ کوئی تو کھڑے ہو تاکنے لگی۔ کوئی اِدھر اُدھر ہو کر جھک جھک جھانکنے

کسی نے کہا کچھ نہ کچھ ہی بلا　　کسو نے کہا چاند ہی یہاں چھپا

کسي نے کہا شاید صبح ہوئي اور شب کا حجاب اُٹھہ گیا جو درختوں میں سے سورج
کسي نے اپنا ماتھا کوٹ لیا اور کہا شاید کوئي پریزاد کھڑا ہی یا آسمان پرسے تارا ٹوٹ پڑا ہی
کسي نے کہا خدا جانے یہہ کیا اِسرار ہی - کوئي کہنے لگي جو کچھہ ہی سو ہی پر کوئي دلدار ہی
پھر ایک اُن میں سے بولی - عجب تمھاري قہید ہی نہ یہہ مہر ہی نہ ماہ نہ مشتري نہ حور
نہ پري

زرا سوچ کر دیکھو تو اي بوا کھڑا ہی کوئي صاف یہہ مردوا

غرض یہہ آپس میں باتیں ہوتے چرچا پھیل گیا - آخر شاہ زادي نے بھي سُنا متعجب
ہوکر کہنے لگي کہ کیا واہي واہي بکتیاں ہو تم - ایک ذرا میں بھي تو دیکھوں کہ کیا ہی - یہہ کہکر
جو اُٹھي تو کیا اُس ہوس میں آکوں توں خواصوں کے کاندھوں پر ہاتھہ دھر کر -
چلي ایک ناز و ادا سے وہ پري پیکر

کچھہ ایک خوف سے ہول کھاتي ہوئي دھڑک اے دل کي دکھاتي ہوئي

کئي ایک ہمجولیاں جو اُس کے ساتھہ تھیں پڑھیں - سو دعائیں پڑھہ پڑھہ آگے بڑھیں - غرض
اپنا دل کڑا کرکے پہنچیں وہاں - وے کُنجان درخت سے کیا دیکھتیں ہیں کہ ایک سرو
قد حسین جواں - کھڑا ہی سر تا قدم حیراں آئینہ ساں - وہاں سے سرکنے کي نہیں پاتا وہ
تھاؤں اور تھوڑے حیرتِ عشق نے پاؤں گاڑے ہیں اُس کے اِس طور اِس برس پندرہ سولہ کا
سن و سال - نہایت خوش ترکیب اور صاحبِ جمال - مسیں بھیگتیں ہوئیں رُخساروں پر سبزہ
نمود - یوں جلوہ کرتا تھا جیسے شُعلہ پر دود - پھینٹا ایک انداز سے سر پر سجا تھا - تمامي کا

برسے بندھا ہوا

عجب پیچ سے پیچ بیٹھا تھا مل کہ ہر پیچ پر پیچ کھاتا تھا دل

وہ موتی کا لٹکن زمرد کی ہر لٹک جس کی زیبندہ دستار پر

شبنم کا وہ نیہہ گلے میں نہایت تنک و چست کہ چھب تختی اور رنگت بدن کی نظر آوے صاف و درست ایک تکمہ موتی کا ایسا کرتیبان پر جیسے صبح کا تارا ہووے جلوہ گر۔ تہامی کی سنجاف دامن میں یوں تھی عیاں۔ جیسے آب رواں میں چاند ہو جلوہ کناں کھچی ہوئی بھویں اور آنکھیں مست غرور سے۔ بھرے ہوے گال چہرے کی چمک تر وہی تھی نور سے ترکیب دار کڑا کڑورا بدن۔ بھرے ہوے دندوں پر نوکتن کی پھبن ہیرے کی خوشنما ایک انگوٹھی۔ دست حنائی میں لگتی تھی اس کیفیت لاگے سے سراپا شباب جدا۔ چہرے پر دانائی کا نور ہویدا

ولے عشق کی تیغ کھاے ہوئے کسی پر کہیں دل لگاے ہوئے

یہہ صورت دیکھہ سب کی سب غش ہو گئیں۔ وے جیتی جو آئیں تھیں سو جیتے ہی جی مر گئیں پھر جوں توں اپنے اپنے تئیں سنبھال لونڈیاں جا کر اس احوال کو شاہزادی سے عرض کیا کہ ای شہزادی! سیر مہتاب میں ایک طرفہ تماشا ہوئی۔ ایسا کبھو خواب میں بھی نظر نہیں آیا ہمارے کہنے سے تو تم ہرگز نہ مانو گی۔ ہاں جو اپنی آنکھوں دیکھو گی تو جانو گی۔ خدا کے واسطے تک شتاب چلو۔ کہیں وہ بہار ایک آن میں جاتی رہے ایسا نہ ہو پھر ساری عمر ہاتھہ ملتی رہو گی بلکہ قیامت تک پچتاؤ گی۔ شوق سے ندھڑک ان درختوں میں چلی آؤ ہرگز کسی

چیز کا اپنی خاطر نہ رُک میں خطرہ نہ تھا ایک تو اُس کی طبیعت میں رغبت تھی دوسرے
اُن کی ترغیب سے اور بھی راغب ہوئے - اُسی اپنی اٹھکھیلی اور بانک پنے کی چال سے وہیں چلے آئے
جہاں بے نظیر تھا اور دونوں اِس کیفیت سے دوچار ہوئے

گئے دیکھتے ہی سب آپس میں مل نظر سے نظر جی سے جی دل سے دل

غرض دونوں عشق کے اسپر بیہوش ہوکر اُٹھے گرے - نہ تن من کی اپنے سدھ رہی - نہ جی جان کی
اُسے بدشہ وزیر کی بیٹی جو اُس کی ہمراز و دمساز تھی - وہ بھی خوب صورت و شوخ سراپا ناز
و انداز تھی اُس کے ساتھ ساتھ یوں لگی رہتی تھی - جیسے چاند کے پاس تارا - سچ مچ نجم
السّاتھی وہ ماہ پارا اُس نے جو یہ احوال دیکھا تو دونوں کے مُنہ پر گلاب چھڑکا تب
وے دونوں کچھ ایک ہوش میں آکر اُٹھے لیکن حیران اور گُلِ شبنم آلودہ کی طرح گریاں
شہزادۂ دلدادہ سُکڑ کر نقشِ پا کی مانند بیٹھ گیا لیکن وہ نازنیں کچھ جھجک اور مُنہ
چھپاکر - کبھی اور چوٹی کا عالم دکھاکر

چلی اُس کے آگے سے مُنہ موڑ کر وہیں نیم بسمل اُسے چھوڑ کر

پلا ساقیا ساغرِ مُشک بو کہ بھی مُنہ کو دریش تعریفِ مو
سرِ شام سے دے یہاں تک شراب کہ مستی میں دیکھوں رُخِ آفتاب

رنگت کُندی کی اور شانے کی جُنبش پُشت و کمر کی چمک تمک اور کولوں پر چوٹی کی لٹک دیکھ کر
شہزادے کی جان ہی نکلنے لگی اگر اُس کے وصل کا بھروسا نہ ہوتا تو مر ہی جاتا

کروں اُس کے بالوں کا کیا میں بیاں نہ دیکھا کسی رات میں یہ سماں

اُن کي سياهي تهي انوتهي - که ديکتي تهي آنکهوں کو روشني اور زلفوں سے اُلجهي هر بيں که جن کا
سُلجهانا بهي جي کو اُلجهاوے اور انداز اُن کا دل کو لُبهاوے اور چوٹي کهچي هوئي اور پٹي
صاف صاف - چمکتا هوا کنارهي کا مُباف کيا کهوں رنگ ڈهنگ اُس کا که جوں پچهلے پهر
جهپکے هي جُهپکا اور هنيي کے تلے سے وُه يوں تها نُمايان جيسے ابر تُنک ميں برق هو درخشاں
جس نے اُس کا جهپکرا ديکها بے اختيار پُکار اُٹها

مُباف زري نے کيا هي غضب ديا هي کر دن کو دُنبال شب

کُوکه سب سنگاروں ميں وُه تارهي پر اُسي سے چوٹي کا سنگار هي - کيوں کر آپ کو چوٹي
نه کهينچے دوڑکه اُس کے پيچهے پڑا هي ايک نور اور تارِ سُنبُل کے اُس پر سے کيوں کر
نه هووے نثار که اُس کي لٹک کي انوتهي هي ايک بهار شايد اُس نے جادو کو سانتها هي - اُسي سبب
سے رات دن کو ايک جاگانتها هي - پير هاتهه لگانا کتهن هي اُس کا که وُه حقيقت ميں من هي کالے کا

اُنت کرنه ديکهه اُسے هوشيار که وُه ايک ستاره هي دُنباله دار

بيتهه اُس کي آئينه سي چمکتي تهي نه پر اِس کيفيت سے پڑي تهي چوٹي اکيا کهوں ميں رنگ ڈهنگ
اُس کا جيسے دريا پر آجاے کالي گهٹا اُس کي مانگ موتيوں بهري ديکهه کر - دل نظارگيوں
کے لوٹتے تهے يکسر اڈهيلے پيچ پر اُس کے دل عاشق کا قربان هي اور منڈاسه کا بهي اُس کے
سر پر احسان اگر چوٹي کو کهينچ کر کوندهتي تو اينچ کهينچ ميں گرفتاروں کا نکل جاتا جي

خرمن حُسن کا اُس کے سب هي بهد بهده جو چاهے کرے وُه سياه وسفيد

جو کوئي اُس ميں سُرخ مُباف ڈالے تو پهلے اپنے دل کا خون اُس کو بخش دے اکر اُس نے دل کو

قتل کیا کیا شام پر نہیں ہے شفق کا خوں بہا

کہاں تک کہوں اُس کی خوبی کی بات کہ تھوڑا ہی ساتک اور بڑی ہو رات

اگرچہ میں نے بہت بڑھایا بات کو لیکن یہہ عرض میری قبول ہوا یہاں کہنے کی جگہہ نہ تھی۔ اِس لئے طول دیا اور موشگافی بہت کی۔ تس پر بھی جو بوری مثال نہ بیٹھی۔ میری فکر مجھہ پر وبال ہوئی

اب اِس پیچ سے باہر آتا ہوں میں سہاں ایک تازہ دکھاتا ہوں میں

غرض جب پھری وہ دکھا اپنے بال تو کہو یا کہ مارا محبت کا جال

ادائیں سب اپنی دکھاتی چلی چھپا منہہ کو وہ مسکراتی چلی

غضب منہہ پہ ظاہر ولے دل میں چاہ نہاں آہ آہ اور عیاں واہ واہ

یہہ ہی کون کم بخت آیا جو یہاں میں اب چھوڑ کر اپنا جاؤں کہاں

یہہ کہتی ہوئی آن کی آن میں چھپی جا کے اپنے وہ دالان میں

اور اپنے ہاتھہ سے جلدی پردہ ڈال دیا یہہ عالم ہوا جیسے آفتاب ابر میں چھپ گیا اِتنے میں نجم الدّسا بھی پیچھے پیچھے اُس کے آپہنچی اور ہنسکر کہنے لگی

مجھے چھوڑ چلے یہہ خوش آتے نہیں ترے ناز بیجا تو بھاتے نہیں

مری طرف تک دیکھیو ہائے ہائے مثل ہی کہ من بھائے مُنڈ ہلائے

اگر تیغ ناز سے تو نے کیا ہی اُسے گھائل تو اُس کو مت چھوڑ تڑپتا ہوا نیم بسمل نہ زندگانی کا وصل محبوب سے حظ اُٹھا اور اپنی جوانی کا مزا اُڑا

مے عیش کا جام اب نوش کر غمِ دیں و دُنیا فراموش کر

یہہ حُسن کا جوش . خروش اور یہہ جوانی کا عالم - خُدا انگور ہی پیالا شراب کا پیہ - ہوکر خوش وخُرم ا پھر کہاں یہہ بہار اور کہاں یہہ جوانی - یہہ جوبن کا عالم ہو جاتا ایک کہانی ا نہ زمانہ ہمیشہ خوشی دِکھاتا ہی - نہ وقت گیا پھر ہاتھہ آتا ہی ا یوں تو دُنیا کے سبھہ ہی کاروبار لیکن حاصلِ زندگانی ہی وصلِ یار ا یقین جان کہ یہہ واردات ہی عجیب وغریب - جِس کے گھر ایسا مہمان آوے وُہ ہی خوش نصیب ا چاہ والے کہاں مِلتے ہیں - ایسے یوسُف کو عزیز کر - اری باولی چاہ میں کُچھہ تمیز کر ا وُہ وقت غنیمت ہی جِس میں ایک جاگہہ ہوں دو اور پیار کی نظروں سے ایک دیکھے دوسرے کو ا جاد مجلس کو آراستہ کر اور اِس غیرتِ گُل سے رشکِ بہار کر اپنا گھر ا ساقیانِ گُل اندام کو بُلا - نگہہ کے ساتھہ بیالے گردش میں لا

شب و روز پی ملے جامِ شراب مہ و مہر کو رشک سے کر کباب

یہہ سُن سُنکے وُہ نازنیں مُسکرا لگی کہنے اچھا بھلا ری بھلا

میں سمجھی ترا دل گیا ہر اُدھر بہانے تو کرتی ہی کیوں مُجھہ پہ دھر

تب اُس ماہ رونے ہنسکر کہا - میں نے ہی تو اُسے دیکھہ کر غش کیا تھا ا

مُجھی پر تو چھڑکا تھا تم نے گلاب بھلا میری خاطر بُلاؤ شتاب

یہہ آپس میں رمزوں کی باتیں ہوئیں اشارے مہ و ہم جو کُچھہ تھیں سوئیں

بُلا لائی جا اُس جواں کو تیں کیا میہماں مجھہ کو ہیں

پھر ایک مکانِ دلچسپ میں اُسے بٹھایا اور محل کا سب سماں دکھایا اور اُس نازنیں کو جس تس طرح سے اُٹھا کر بٹھلا ہی دیا اُس کُل کے پاس لاکر

پھر قصہ وصل کی صحبت اور حُسن وخوبی اور شراب کی کیفیت کے بیان میں

پلا ساقیا مُجھ کو صہبائے عیش ملی ہی نصیبوں سے یہاں جائے عیش

جہاں ملکے بیٹھے ہیں وہ رشکِ مہ قران مہ ومہر ہی اِس جگہ

اُن کے وصل کی بہار ایسی ہوئی کہ وہ جگہ رشکِ صد گُلستان ہوگئی اور بیٹھی عجب ایک ناز اور بھبن سے - بدن کو چُرائے ہوئے کس کس جتن سے اور مُنہ کو دوپٹے کے آنچل سے چھپائے اور شرم وحیا سے پسینے میں ڈوبی ہوئی ایسی لگتی تھی جیسے شبنم آلودہ سیوتی غرض ایک آدھ گھڑی تک تو دونوں نیچے نگاہ کیئے رہے اور شرم سے کچھ نہ بولے اِتنے میں یہہ رکاوٹ کی صحبت دیکھ کر نجم النسا تنتک کر اُٹھ کھڑی ہوئی اور ایک گُلابی جھلکتی ہوئی اُن کے آگے لاکر رکھ دی اور آپ بھی پیالہ بھرا اور مُسکرا کر کہا ای شہ زادی! چُپکی کیا بیٹھی ہے لے یہہ پیالہ پی اور اپنے ہاتھ سے اِس کو بھی پلا - بھلا میری ہی خاطر سے ذرا ہنس بول - اپنے لب شیریں کو ذرا تو کھول! مُجھے ایسی گونگی صحبت خوش نہیں آتی اور سُن سان مجلس نہیں بھاتی

میں صدقے تیرے تُجھ کو میری قسم کئی ساغر اُس کو پلا دم بدم

جب منت اُنہوں نے بہت سی لی تب نازسے پیالے کو اُٹھا منہ پھیر اُس کی طرف سے اور مُسکرا

کہا بادہ نوشی سے ہو جس کو ذوق بھرے یہہ پیالہ نہیں اُس کا شوق

تب هنس کر شہ زادے نے یہہ بات کہی کہ شراب پیتی کسی کے نہوروں سے کیفیت نہیں رکھتی

غرض بعد اِس نیاز و ناز کے پہلے تو اُس نے بہ اِمتیاز دو تین پیالے پیے - پھر تو بے تکلّف پیالا

اُٹھا بادشاہ زادی کے بھی مُنہہ سے لگا دیا اور کہا کہ بس اب اِتنا حجاب جانے دو - میرے

سر کی سوں دو تین گھونٹ لو - پھر تو پیہم پیالے شراب کے چلنے لگے ا دونوں کے غُنچۂ دل برنگ گُل

کھل گئے ا بعد اِس کے آپس میں احوال پُرسی شروع ہوئی اور دردِ گفتگو کھلا تب شاہ زادے نے

حسب اور نسب بیان کر کے اپنی حالات اور پری کی واردات کو اِبتدا سے اِنتہا تلک کہا - پھر بدرِ

مُنیر نے بھی حقیقت اپنی اُس سے کہی

غرض دونوں ملے جُلے بیٹھے تھے هنسی خوشی کہ شہ زادے کے مُنہہ سے نکل گیا کہ ایک بہر

کی مُجھے رُخصت ہی اِس میں جہاں چاہوں وہاں پھروں اور سیر کروں اِس بات کے سُنتے ہی

بادشاہ زادی سُن ہو گئی اور دل میں پیچتاب کھا یہہ جواب دیا - میری بلا سے وہ تُجھہ پر مرے

تو اُس پر مر لیکن میرے پاس سے سرک اور بیٹھہ اُدھر

میں اِس طرح کا دل لگاتی نہیں یہہ شرکت تو بندی کو بھاتی نہیں

کسی کو کیا کام جو تُجھہ سے جی ملاوے - بھلے چنگے اپنے دل کو ایسا روگ لگاوے ا گرم

آنسوؤں سے شمع کی مانند کس واسطے گلے کوئی او آتش رشک سے کس لیے جلے کوئی ا یہہ سُنتے ہی بے

نظیر گھبرا کر پاؤں پر گر پڑا اور کہنے لگا - ہاے بدرِ مُنیر! لاچار ہوں میں کروں کیا - کوئی لاکھہ

جی سے قربان ہووے مُجھہ پر - مُجھے کیا کام میں تو نثار ہوں تُجھہ پر - اُس نے بس زیادہ لگ

نہ چل - اپنا سر اُٹھا ا میں کیا جانوں کسی کے دل کا احوال ہی کہا ا یہہ رمز و کنایہ جس میں

کر کے - کچھ ہنسے اور روئے آخیں بھر کے ! اتنے میں پھر رات گذر گئی اور بات دل کی دل ہی میں رہی کہ بے نظیر نے سراسیمہ ہو کر کہا ای بدر منیر ! میں اب جاتا ہوں خدا حافظ ہی تیرا اگر اس بلا کی قید سے چھوٹونگا اور فرصت پاؤنگا تو آج کے وقت کل پھر آؤنگا

یہہ مت سمجھیو میں ہوں آرام میں کروں کیا پھنسا ہوں بڑے دام میں

یہاں سے اٹھنے کو جی ہرگز نہیں چاہتا اور درد جدائی سے دل ہی کراہتا ! یہہ دکھہ بے بسی سے بھرتا ہوں - ای جان ! کیا میں آپ سے مرتا ہوں

کرم مجھہ پہ رکھیو ذرا میری جاں میں دل چھوڑے جاتا ہوں اپنا یہاں

یہہ کہہ کر ادھر کو چلا اور اپنے وقت پر جا پہنچا ! طرفہ ماجرا ہی کہ پری کا قیدی انسان کے دام میں پھنسا ! غرض جوں توں پری کے ساتھہ رات کو بسر کیا اور وقت سحر تاسف سے ہاتھہ ملتا اٹھا - لیکن سماں بدر منیر کی صحبت کا آنکھوں میں چھایا ہوا اور مزا وہاں کا اس کے دل بے تاب میں سمایا ہوا - کیوں کر نہ ہوتا اس کے دل کو قلق و اضطراب - دیکھا تھا اس نے وصل کا ایک خواب

نئی بات کا لطف پانا غضب وہ پہلے پہل دل لگانا غضب

گھبرایا ہوا پھرتا تھا کہ دن کیوں کر کٹے اور وہ شمع شب افروز بن شام ہوئے کیوں کر ملے کبھو اس کی زلف سیہ فام کے تصور میں پیچتاب کھاتا تھا - کبھی شام کے انتظار میں چشم زار کو آئینہ حیرت بناتا تھا ! ہجر تھا دن اس کی شامت کا دن تھا - سچ تو یہہ ہی کہ اس کے واسطے قیامت کا دن تھا ! غرض ادھر کا تو احوال میں نے جس تس طرح مختصر کر کے کہا اب ادھر کا بیان کرتا

ہوں کچھ کچھ مزاج ا جیسا شاہزادہ کیا۔ جتنی رات کہ باقی تھی شہزادی کو بھی تڑپتے
اور بلکتے کٹی بلکہ ہر گھڑی اُس کے غم واندوہ سے تکیوں پر سر پٹکتے کٹی ا یار کی صورت جو اُس
کی آنکھوں میں جلوہ کرتی۔ اُس کے رُخساروں کی یاد میں رو رو کر صبح کی اور بے تابانہ خوابگاہ
سے نکلی ا دل میں کچھ اُمید اور کچھ مایوسی۔ چہرہ اُداس آنکھوں میں آنسو لبوں پر
ہنسی ا یہہ حال دیکھہ کر اُس کا نجم النسا نے مسکرا کر کہا کہ بے اختیار جی چاہتا ہی میرا کہ
آج تو بناؤ سنگار کر کے خوب اپنے تئیں بنا اور مجھے اپنے حسن کی بہار ایک نئے انداز سے
دکھا ا آنکھیں نیچی کر کے وہ بولی۔ چل ہی دیوانی نہ ہو۔ میں بناؤ کا عالم دکھاؤں کس کو ا
اپنی بھی ہوتی ہی کہیں پرائی چیز۔ کیا یاوہ یاوہ بکتی ہی ای بے تمیز!

غرض شاہزادی بہت دور تھی یہہ شکل اُس کو پہلے ہی منظور تھی

القصہ نہائی دھوئی اور ایسی بنی ٹھنی جیسی دو دن کی ہوتی ہی بنی ا اُس وقت اُس کے مکھڑے کا
عالم اور کنگھی کا سماں جو دیکھتی تو چاند نی رات کو چکا چوندھہ لگ جاتی ا اُس کے لب
لعل فام پر مسی کی ایسی تھی رنگت۔ جیسی ہوسوادِ شام بدخشاں کی کیفیت اور پانوں کی اکھوتے
کا اُس پر یہہ لطف تھا۔ شفق کے ہاتھہ جس طرح دامن ہو شب کا ا اُس کی چشمِ میگوں میں
کاجل کا رنگ تھا ایسا۔ نرگستان میں شام پھول رہی تھی گویا ا دانتوں کی پشواز کلے میں
وہ جھجھاتی بہنی اور سر پر جالی کی مقیشی اوڑھنی ایسی جگمگاتی اور ہی کہ جن کو دیکھہ
کر شبِ عیش کی چاندنی پھیکی ہو گئی اور ستاروں کی آنکھہ جھپک گئی۔ جواہر نگار اُس کی
انگیا جو دیکھے تو فرشتہ بھی حسرت سے ہاتھہ ملنے لگے ا کرتی وہ پاکیزہ اور لطیف ہوتی جس

سے صاف نظر آوے رنگت بدن کي اور لال ڈيڈے کي سرخي اُس سے يوں نمايان تھي - گويا کُرتہ
اُس کے ايک تھا تھي کُلابي اور جھمک پايجامے کي ايسي تھي زيرِ دامن - جيسے فانوس ميں
شمع ہو روشن اور پرا ہوا اُس ميں وہ مُقيشي ازار بند - عقدِ ثريا سے بھي جس کي چمک تھي دو
چند اور بيلِ نگاريں ميں وہ کشش نہ تھي - جس کے ستاروں سے جگمگا رہي تھي زميں اور جواہر
سر سے جوتياں تلک پہنا - ہر ايک عضو کا حُسن کر ديا دونا اور ترکيب اُس کي خوش اُسلوب اور
آئينہ سا بدن - پوشاک اور زيور کي تس پر يہ پھبن اور جوبن تھتي نزاکت بھري اور سودول -
اُس پر موتيوں کے مالے چمکتے ہوئے ان مول اور مانگ ميں موتيوں کي لڑي ايسي تھي خوشنما -
جيسے عالمِ شب يلدا ميں ہووے کہکشاں کا اور تيکا جڑاؤ ايسا عالم دکھاتا تھا ماتھے پر - جيسے
چاند اور تارے وقتِ سحر

ہوس ہووے نہ ديکھہ اُس کو زيور کي بھر کہے تو کہ تيکا تھا سب اُس کے سر

صبح کُلوپر ہيرے کے تکے کي آب و تاب - جو ڈبکے بھي تو نہ جاوے ديدۂ آفتاب اور بالے کي
جھمک کے ساتھہ جو گردن نزاکت سے جاوے مُڑ - تو بجلي کے دوش و حواس يکبار جاويں اُڑ
چھاتي پر جگمگاتي تھي وہ الماس کي دُھکدُھکي - تک رہي تھي جس کو آنکھہ سورج کي
جڑاؤ ہيکل کلے ميں اِس ادا سے تھي پڑي ہوئي - ستاروں کي آنکھہ جس کے نگوں سے
تھي لڑي ہوئي اور بيچ بند اور نورتن کي بازوں پر سوبھا - پھبکا کرتي تھي رنگ شاخِ گُل
کا اور پہنچے پر زمرد کي چوڑي اور ياقوت کے دست بند - حُسن کو بہار دکھاتے تھے چار
چند اور وہ ياروں ميں لللوں کي پاڑ اور اُس ميں موتيوں کے آڑ بڑے - جن پر لغت جگر عاشق

کے نثار اور گلوہرِ اشک صدقے اپاؤں میں ایسے خوب گرہت کے چھلّے تھے مینے کے ۔ جن پر خو-
بان کے دلگداز کھائیں آنکھوں سے ۔ سراپا عطر میں جو دوبا اُس کا بدن ۔ اور سر کے بالوں کی
باس بھی تھی رشکِ مُشکِ ختن ۔ ہوا زمین سے مُعطّر ہو گئی تا بہ فلک ۔ سب کا سب عالم اُس
کی بو باس سے گیا مہک ۔ بناؤ اور سنگار جب اُس غیرت حور نے کیا ایسا ۔ فلک نے ماہ و مہر
کو اُس کے مکھڑے پر سے صدقے کیا ۔ اُس کے حُسن کا شہرہ جب عرش تلک پہنچا ۔ مشّاطہ نے بے
اختیار خوش ہو کر اپنا ہاتھ آپ چوم لیا

بعد اُس کے خواصوں نے گھر کو بہ خوبی آراستہ کیا ۔ تہامی کے پردے دالانوں کے دروں پر لٹا
دیئے ۔ پھر جا بجا فرش ہر ایک مکان کے مناسب بہ صفائی بچھا ۔ ایک مرصّع کا چوپر کھت
اُس پر زربفت کا غلاف سج کر رکھ دیا اور نرگس کے دو دستے (کہ چشمِ فلک نے نہ دیکھے
تھے) روپے سونے کے گلدانوں میں رکھ کر طاقوں میں جنے اور دلائیت کے میوے پاکیزہ و
لطیف (کہ جن کی باس اور رنگت بہشت کے پھول پھل پر شرف رکھتی تھی) جڑاؤ خوانچوں
میں لگا کر رکھ دیئے ۔ ہر ایک مکان میں لخلخے ایسے روشن کئے کہ تمام باغ مُعطّر ہو گیا
اور ہر شخص کا دماغ اُس کی عطریت سے مُنوّر ۔ ایک طرف رکھ دیں برابر برابر طرح
بہ طرح کے پھولوں کی کیاریاں ۔ ایک سمت چُن دیں قطار قطار قسم قسم کی دالیاں ۔ چھپر
کھٹ کے آگے ایک مسند جھلا جھل کرتی ہوئی بچھا کر تہامی کے تکئے لگا دیئے ۔ چنگیروں
میں مُرصّع کی اور جڑاؤ پاندانوں میں خمار پان لگا کر رکھ دیے ۔ قریب سے جڑاؤ عطر-
دانوں میں ہر ہر قسم کا عطر اور جڑاؤ ہاتھوں میں لالچی سونے کی دھنپاسنے بھی

کر یہ تصنیف تمام دھر دیا اور ایک کتاب مجلد خوش قطع سنہری جدول کی جس میں نثیری
اور ظہوری کا انتخاب اور ایک بیاض بھی ویسی ہی خوش اسلوب جس میں مرزا اور
میر حسن کے شعر منتخب تھے سرھانے رکھ دی اور قلمدان جزاؤ منے کے کام کا مع
اسباب چھپرکھٹ کے نیچے لا رکھا۔ ایک کنجفہ خوش قماش (کہ جس کے نقش و نگار دیکھکر
مانی و بہزاد بھی چکر رہ جائیں) مسند کے پاس دھر دیا اور ایک چوسر مخملی زری کے کام کی
جزاؤ نردیں اور پانسوں سمیت جی بہلانے کو مسند کی دوسری طرف رکھ دیا کسی طرف ساقیان
خوش ادا نے مخمی سونے کی ایک چوکی پر روبرو گلابیاں شراب کی (جنھیں دیکھ بادہ نوش
غش کریں اور طرح بہ طرح کی گزک جس پر ہر کسی کا جی چلے) چن کر یا دانے کا توڑہ
پوش ڈال دیا۔ پھر شاہزادی نے ایک خواص کو ارشاد کیا کہ جلد بکاول کو تقید کر کہ
خاصہ تیار رکھے۔ یہہ کہکر ایک مرصع کی چھری ہاتھہ میں اٹھالی اور ادھر ادھر روش پر ناز
سے پھرنے لگی۔ پر دل میں چاؤ ملنے کا اور تپکا کہ کہیں جلد سورج چھپے اور وہ چاند نکلے

پلا مجھہ کو ساقی شراب وصال کہ اب ہجر سے تنگ ہی میرا دل

جب آفتاب غروب ہوا اور شام ہوئی تب وہ گرفتار دام بلا بھی چھوٹا۔ جلدی جلدی ایک
جوڑا دھانی نہایت باریک تیامی کی سنجاف کا پہنا اور لعل کے بازوبند نورتن کہ جس
کا جواہر نہایت چوکھا اور بیش قیمت تھا۔ بازوں پر باندھے۔ گلے اس کے بھی کچھہ
جواہر جس قدر کہ مناسب تھا زیب بدن کیا اور اسی فلک سیر گھوڑے پر سوار ہو کر آسمان
سے باتیں کرتا ہوا۔ پلک مارتے وہیں آپہنچا جہاں وہ منتظر کھڑی تھی۔ جو نہیں بادشاہ زادی

کي نظر اُس پر پڑي - خوش تو ہوئي پر شرارت اور ناز سے مُنہہ پر اوڑھني لیکر ایک درخت کے اوجھل چھپ گئي ! لیکن اُس وقت اُس کے عالم پر جو دھیان کیا تو کیا دیکھتي ہی کہ ایک دھاني جوڑا گلے میں پہنے ہوئے ایسا کھڑا ہے - جیسے سرو میں چاند چھپا ہوا جھلکتا ہی یا اِس رات لباسِ سبز سے چاند نے کہیت کیا کہ آفتاب نے کانِ زمرد میں جلوہ لیا غرض اِس شعلۂ سبز کا یہہ سماں جو دیکھا تو آتشِ شوق سے دل بیتاب اُس کا زیادہ جلنے لگا - خواصیں اِدھر اُدھر جو جان بوجھہ کر دم بخود دوڑ رہیں تھیں اُن میں سے ایک ہمراز ڈرتے ڈرتے عرض کیا کہ جدھر کو فرمائیے - شہزادے کو ہم اٹھا کر بتھاویں ! آنکھیں نیچي کرکے بولي - وہ جو مکان آراستہ ہی اُدھر سے چھپے چھپے لیجا اور وہیں بتھا ! موافقِ ارشاد اُس حُسن کے مہتاب کو ایک نقاب میں چھپا کر اُسي مکان میں لے آئي اور اُسي مسند پر بتھایا اِتنے میں آپ بھي وہاں پہنچي ایک ناز و حیا سے مُسکراتي جھجھکتي اور ہر قدم پر تھتھکتي کچھہ ایک دیر میں آئي ! دیکھتے ہي اُسے بھر وہ تشنۂ عشق غش ہونے لگا ! بارے جوں توں سنبھلا اور اُس کي شرم سے نہایت اُکتایا اِدھر اِسے عشق کي بیتابي اُدھر اُسے حیا سے بیحجابي ! آخر نہ رہ سکا بادشاہ زادي کا ہاتھہ پکڑ مسند پر کھینچ لیا تب وہ ناز نیں لجا اور مُسکرا

لگي کہنے ہی ہی مرا چھوڑ ہاتھہ یہہ گرمي رہے اُن سے ہي جن کے ساتھہ

تب اُس نے کہا کہ جانِ ! تیري رُکھائیوں نے تو مجھے جلا کر سوختہ کر دیا - بس میرے پہلو سے لگ کر ایک ذرا بیٹھہ جا ! کب سے تڑپھتا ہے میرا دل - تک ایک آغوش کھول اور مجھہ سے مل ! آخر بے اِمتیاز ناز سے مسند پر آ بیٹھي ! اسا تیار کُل اندام الہاس تراش کُلاہیں میں ستھري ستھري سرپ

پھر کر اور جراؤ پیالے ہاتھوں میں لیکر حضور میں آئے اور شراب چلنے لگی جب اُن جامِ عشق کے مدھوشوں کو نشہ خوب چڑھا تب طور اُن کی گفتگو اور صحبت کا کچھ اور ہوا خواصیں جتنی سامنے کھڑی تھیں۔ اُن کی یہہ کیفیت دیکھہ کر کام کاج کے بہانے سامنے سے سرک گئیں بلکہ نرگس کے دستے جو رو برو دھرے تھے اُنھوں نے بھی حجاب سے آنکھیں نیچی کر لیں۔ آخر جب نشے نے نہایت زیادتی کی اور بے حجابی بہت بڑھ گئی تب چھپر کھٹ میں جا کر لپٹے اور پردے چھوڑ دیئے۔ گویا مہر و ماہ ایک مقام میں چھپ گئے۔ پھر چھپر چھار اور بوس و کنار ہونے لگا۔ منہہ سے منہہ ہونٹھہ سے ہونٹھہ آنکھہ سے آنکھہ دل سے دل بدن سے بدن مل گئے۔ شرابِ وصل آپس میں پینے لگے از بسکہ بے اختیار ہو ہو کر لگے ڈھلنے۔ شوق و ناز کے آپس میں ہاتھہ خوب چلے کسی کی چولی چل گئی۔ کسی کی چین نکل گئی۔ غم و درد نے دامن کھینچا۔ عیش و طرب ہر ایک کا گریبان گیر ہوا۔ وہ پیاسے شربتِ وصال کے سیراب ہو کر اور شرابِ عیش کو بہ خوبی پی کر اُٹھے۔ کسی کے منہہ پر سرخی۔ کسی کے منہہ پر سفیدی۔ اِس رنگ روپ سے پھر مسند پر آ بیٹھے لیکن خاموش۔ اِدھر پسینے پسینے یہہ مہہ جبیں۔ اُدھر آنکھیں شرم سے نیچے کیئے ہوئے وہ نازنیں

غرض اِس کیفیت میں تھے نجم النسا نے آکر عرض کیا۔ خاصے کو کیا حکم ہی؟ فرمایا منگاؤ۔ وونہیں پھر بجا اور بے نظیر کھبرا کر اُٹھہ کھڑا ہوا پر عجب اُس کی حالت تھی۔ اِدھر بادشاہزادی کی رنجیدگی کا خوف و خطر۔ اُدھر اُس پری کے غصے کا ڈر۔ پر یہہ سوچا کہ بھوت کی آشنائی جی کا ضرر ہی۔ شہزادی سے آبدیدہ ہو کر کہا کہ میں مجبور ہوں۔ وہ غم کی تصویر ہو کر

اور کچھہ نہ بولی بلکہ آنکھہ بھی اُدھر نہ کی تب بے نظیر کہنے لگا کہ مجھہ سے آخر یہ بیزار مت ہو۔ میرا جی کب چاہتا ہے کہ جاؤں لیکن پرائے بس میں ہوں۔ اگر جیتا رہا تو کل پھر آؤنگا اُن نے تیوری چڑھا کر کہا آؤ یا نہ آؤ مختار ہو۔ اُس کی خفگی کی بول چال سے بادشاہزادہ رونے لگا پر چارونا چار رخصت ہوا اور کیا القصہ پھر ہجر کا پردہ دونوں کے بیچ پڑ گیا اور رونا دھونا ہر ایک کو لگ گیا یہہ معمول تھہرا کہ ہر روز رات کو آنا اور پھر پھر بادشاہزادی کے ساتھہ ہنسنا بولنا اور دل کے عقدوں کو کھولنا۔ غرض ایک پہر تو دونوں وصل میں ہنستے بولتے اور سارا پہر ہجر میں زار زار روتے

پلا جلد ساقی مجھے بھر کے جام — کہ ہی چرخ بھی دیر پا انتظام

یہہ دو دل کو یک جا بنھاتا نہیں — کسی کا اسے وصل بھاتا نہیں

یہہ ہی دشمن وصل و دل سوز ہجر — کرے ہی شب وصل کو روز ہجر

جدائی اُنھوں کی خوش آئی اُسے — یہہ اتفاق بھی صحبت نہ بھائی اُسے

القصہ ماہ رخ پری کے خبر پانے کا احوال سنے بے نظیر کے اور کوے میں قید کرنے کا اُس کے القصہ ایک دیو نے پری کو خبر دی کہ جس کو تم چاہتی ہو وہ اور کو چاہنے لگا۔ یہہ سنتے ہی آگ کا شعلہ ہو گئی اور کہنے لگی مجھے قسم ہی حضرت سلیمان کی میں جیسی میں اُس کی دوست تھی ویسی ہی اب اُس کی دشمن ہوں پر تو سچ بتا کہ یہہ ماجرا کیوں کر ہی؟ دیو نے کہا کہ ایک دن میں کسی طرف اُڑا ہوا جاتا تھا۔ قضارا متصل ایک شہر کے جا نکلا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک باغ نہایت ستھرا اور پاکیزہ ہی۔ اُس کی ایک روش پر شہزادہ بے نظیر ایک

جبرئیل نے دیکھا تھا ہاتھ لئے کھڑا ہوں اور آپس میں ناز و نیاز ہو رہے ہیں ! یہ
خبر آپ تیسی وہ سب غصہ ہو کر بولے = میں اگر دیکھ پاؤں ایک نظر

تو کیا جانوں کہ اُسے موت ہو ۔ لگی ہی میری اب تو وہ موت ہو

اور یہ کہا تھا اسے تو میں آج گریبان اُس کا دھجی دھجی کر ڈالوں اور دامن ٹکڑے
ٹکڑے ! یہی تو قرار اُس نے میرے ساتھ کیا تھا = کیسی سزا دیتی ہوں ! ہائے بزرگوں نے سچ
کہا ہے کہ آدمی زاد کا تمام فرقہ بیوفا ہوتا ہے

یہ غصے میں پیچتاب کھا رہی تھی کہ بے نظیر آپہنچا اور اُس کی یہ حالت دیکھ کر ڈر گیا
بلکہ قریب تھا کہ جی نکل جاوے ! وہ دیکھتے ہی بلا سی پیچھے لگ گئی کہ ای موذی ! تیری باتیں
سب میری نظر میں ہیں اور تیری کھاتیں چوریاں سب معلوم ہیں

تجھے سیر کو میں نے کھوڑا دیا ۔ کہ اِس مال زادی کو جوڑا دیا

ہمسے دل تو یوں چرا اور پاس افسانا اوپر ہی اوپر مزا اُڑانا دیکھ تو کیسا مزا دکھاتی
ہوں اور کیسی ناک چنے چبواتی ! یہی مچلکہ دیا تھا تو نے اپنے لکھے پر خوب عمل کیا = میں
بھی اُس کا بدلا لئے بن نہ رہونگی ! کیوں جی ہمسے یوں اور اُس سے وں ؟ جیسا تو راتوں
کو شاد شاد پھرا ہے = ویسا ہی اپنے دنوں کو روؤنگا ! چاہ کی ایک ذرا لذت اُٹھا دیکھ
تو کیسے کوئے جھکاتی ہوں اور کیسی بلا تیرے سر پر لاتی ہوں ! جی سے تو کیا ماروں کہ
تجھے چاہتی تھی مگر تیری چالاکیوں کی سزا دینی ضرور تھی ! تو تو صحیح کہ تجھے ایسے ایک
اندھے کوئے میں پٹھاؤں کہ اپنی پرچھائیں بھی نہ دیکھے تو ! بس تو ہو اور تیرا اسم ہو اور

یہہ کہہ کر ایک پریزاد کو بُلایا اور فرمایا کہ اِسے جلد لیجا کر فلانے جنگل میں کوہِ قاف کے نزدیک وُہ جو ایک کوا ہی - کئی سو من کا پتّھر اُس پر دھرا ہی - اُسے اُٹھا کر اُسی میں اِسے بند کر پھر وُہی پتّھر اُس کے مُنہہ پر دھرا خبردار اِس کی فریاد نہ سُنیو اور اِس پر رحم ایک ذرا نہ کیجیو جب شام کا وقت ہو تو ایک پیالہ پانی کا اور ایک روکھی روٹی اِس کو پُہنچانا یہی معمول رہے - خلاف اِس کے عمل میں نہ آوے اگرچہ وُہ کتنا ہی کہے دیو یہہ سُنتے ہی شہزادے کو لیکر آسمان کی طرف اُڑا بیچارے پر ایک بلائے آسمانی اور آفتِ ناگہانی نازل ہوئی - دل اُس کا نہایت پژمُردہ ہو گیا بلکہ جینے سے بھی ناامّید ہوا سوائے آہ و نالے کی فوج کے کوئی اُس کا مددگار نہ تھا اور بغیر لشکرِ غم کے کوئی مونس و غمخوار - اپنے دل سے کہا کہ ای گرفتارِ اندوہ و غم ! ہم پر یہہ مُصیبت جو آج ہی - عشق کی بھی معراج ہی آخر اُس یوسُفِ ثانی کو دیو نے کوئے میں بند کیا اور اُسی صورت سے اُس سنگ گراں کو اُس پر دھر دیا اِس ماہ رو کے جلوے سے بند کوئیں کے نصیب کُھلے - تاریکی سب جاتی رہی اور اُس میں کیوں نہ اُجالا ہو کہ اُس کی پُتلی کا جب ایسا تارا ہو

وُہ اندھا کوا تھا سو روشن ہوا ۔ جہاں اُس میں وُہ سانپ کا من ہوا

بلکہ وُہ حقیقت میں اندھا نہ تھا - اُس آئینہ رو کے حُسن کو دیکھہ حسرت سے پانی اُس کا رحمت میں سما گیا اور اُس کے آنے کی خوشی سے آنسو اُس کے سوکھہ گئے غرض جب کہ تہہ پر اُس اسیرِ غم کا پاؤں پُہنچا تب وُہ اُس کے اندوہ و الم سے بھر گیا ہوا نے بھی کانپ کانپ کر اوپر کی راہ لی اور کوے نے مارے خطرے کے پتّھر کی نقاب مُنہہ پر ڈال لی الغرض اُس نازنیں جوان کا

فارک دل اُس ہوا کے جگہ میں دھڑکنے لگا اور جگر اُس کا مارے خوف کے مانند مُرغِ اسیر
پھڑکنے۔ اندھیرے نے یہاں تک اُس کا دم خفا کیا کہ سانس بھی رُک گئی۔ یہہ حالت ہوئی
اُس کی کہ جیسے کسو کو دبا لیتی ہی سیاہی۔ کسو طرف اُس کو راہ نکلنے کی جو نظر نہ آئی۔
تمام دُنیا اُس کی آنکھوں میں تاریک ہو گئی۔ بہتیرا پُکارا اور چلّایا اور اپنے سر کو اُس کوئیں
کی کوٹھی سے ٹکرایا۔ اُس کی فریاد کسو نے نہ سُنی اور داد نہ دی۔ کسی کا دھیان کا بھی گذر نہ ہوا
کہ اُس یوسفِ بے نظیر کو اُس جاہِ عمیق سے نکالتا۔ اُس کا مونس و غمخوار بجز ذاتِ
کردگار کوئی نہ تھا۔ رقیب اُس کا وہی کوا اندھیارا اور شفیق اُس کے سر پر وہی سنگِ خارا۔
ہوا کا بھی کسو طرف سے وہاں نہ تھا گذر کہ اُس کی آواز کو لیجاتی وہی باہر۔ غرض
کوئیں کی آواز کو سوائے کوئیں کے کون سُنے۔ جو کچھہ وہ کہتا تھا کوا ہی اُس کا جواب دیتا تھا

کوا اُس کو پوچھے وہ پوچھے اُسے اندھیرے سوا کچھہ نہ سوجھے اُسے

وہ کوا نہ تھا نمونہ تھا شبِ ماتم کا۔ یا نشان تھا شامِ مُصیبت و غم کا۔ سیاہی میں تبّت۔
ترمانند دلِ کافر اور گرمی اور عُفونت میں سقر سے بھی بدتر۔ نہ شب کی تاریکی کا وہاں
دخل۔ نہ دن کی روشنی کا گذر۔ ظلمت کا ہمیشہ وہاں ظہور۔ سائے سے اُس کے کوسوں
بھاگتا تھا نور۔ اب اُس کے اندھیرے کے بیان کو کیوں کر لکھوں کہ صفحۂ کاغذ نہیں سوجھتا
اور قلم کی بھی آنکھوں سے اشک سیاہ بہہ چلا۔ لازم ہی اب اِس غم کی بات کو مُختصر کیجے
اور زیادہ طول نہ دیجئے۔ القصہ اُس رشکِ آبِ حیات نے دن قرار پکڑا۔ اب نجات اپنی
کسی طرح اُسے نہیں سوجھتی۔ دیکھئے خدا کیا اِس [illegible] اُس کو رہائی دے

غم و درد اُلفت کا کہا کہئے لہو پانی اپنا کوئیں میں ہے

یہاں تو بے نظیر اِس طرح سے اُس کوئیں میں اسیر ہوا اور وہاں دردِ فُرقت نے بدرِ مُنیر کو حد سے زیادہ بے قرار کیا۔ سچ ہی دو دلوں میں جو محبّت جانی ہوتی ہے۔ ایک کی حالت دوسرے پر چھپی نہیں رہتی۔ قلق جو اُس پر یہاں گذرا۔ اُس پر بھی وہاں غم والم ہوا۔ اِس کا جی جو گھبرا کرتا۔ اُس کا بھی دم خفا ہوا

جب کہ وہ رشکِ ماہ کئی رات بدرِ مُنیر کے پاس نہ آیا۔ جہانِ روشن اُس کی آنکھوں میں تاریک ہو گیا۔ گھبرائی اور نجمُ النّسا سے کہنے لگی کہ میرا جی تو جاتا ہے۔ خُدا جانے کہ اُس شخص پر کیا صدمہ پڑا۔ کہا اُس نے کہ بی بی! کچھ تمھیں سودا ہے؟ وہ عاشق معشوق مزاج ہے۔ خُدا جانے کس شُغل میں لگ گیا۔ اِتنی بھی بیقراری مچری۔ اپنے تئیں سنبھالنا بھی شرط ہے۔ وہ اپنی رہ رہ کے چاہ دِلاتا ہے۔ تم تھا نہ بھو اپنے دِل کو اِتنے بے چین مت ہو

رُکے جو کوئی اُس سے رُک جائیے جُھکے آپ سے جو تو جُھک جائیے

خُدا کو مانو اور تغوّل بھلا مُنھ سے نکالو۔ اِختیار کو اِتنا ہاتھ سے نہ دو۔ دِل بیقرار کو تنک سنبھالے رکھو۔ یہ باتیں سُن کر اُس کی نہایت بیچتاب شہزادی نے دِل ہی دِل میں کھایا اور اُس کو کچھ جواب نہ دیا۔ جب کئی دن اِس بات پر اور بھی گذر گئے تب اُس کے طور بیقراری سے کچھ اور ہوئے۔ دیوانی سی ہر ایک طرف پھرنے لگی اور جا بہ جا درختوں میں جا جا کر گرنے لگی۔ حزیں میں اُس کی اِضطراب نے تڑکا نا کیا اور صبر نے اُس کے دِل سے کنارا۔ بہودہ خیال

70582

باندھنے لگی اور وحشت آلودہ خواب دیکھنے ۔ ہجر کی تپ دل میں شدت سے بھر کی اور جلن جانِ سوزناک میں حد سے زیادہ بڑھی ۔ آنکھوں سے گرم گرم آنسو نکلنے لگے ۔ دل و جگر جدائی کی آگ سے جلنے ۔ تنہائی دھوندھنے لگی اور بہانے بہانے سے رونے

تپِ غم کی شدت سے رہ کانپ کانپ اکیلی لگی رونے منہ ڈھانپ ڈھانپ

اکلاسا ہنسنا بولنا سونا بیٹھنا چھوڑ دیا ۔ کھانا پینا وقت پر ترک کیا ۔ جہاں بیٹھنا وہاں سے اٹھنا خود نہ اٹھنا ۔ محنت و غم سے دن رات گھٹنا اگر کسی نے کہا چلو کسی طرف جی بہلاؤ تو اٹھ کھڑے ہونا کہ اچھا ۔ جو کسی نے پوچھا کہ مزاج کیسا ہی ؟ تو کہنا جیسا تھا جو کسی نے کہا کہ خاصے کا وقت گذر گیا ہی کچھ کھائیے تو سہل انکاری سے کہا کہ بہتر ہی منگوائیے ۔ جو کوئی بولا کہ ایسے رکے بیٹھے رہنے سے مرض بڑھ جاتے ہیں ادھر ادھر ذرا سیر کیجیے کہ کچھ تغریح طبع ہو ۔ کہا میرے میرا دل بھر چکا ہی ۔ کچھ خواہش نہیں ۔ غرض کھانا پینا موقوف اوروں کے کھلانے پلانے پر اجاگنا سونا بھی موقوف لوگوں کے سلانے جگانے پر ۔ سب لوازم زندگی کے غیروں کے ہاتھ ۔ فقط غم دل بھر ہی اس کے ساتھ ۔ آنکھیں بھرنے سے شوق اور رونے سے ذوق ۔ نہ سدھ بدھ جان کی نہ تن بدن کا ہوش ۔ دل بیتاب میں اس کے یار ہی کی محبت کا جوش ۔ نسیم شاہ چمن پر مائل نہ گل پر اس کی نظر ۔ اسی کی صورت کا تصور چشم و دل میں آٹھوں پہر ۔ عالم خیال میں اسی سے سوال و جواب ۔ دھیان رو برو اس کے حسن کی کتاب ۔ جو آ جائے کچھ شعر و سخن کی گفتار تو ایک آہ بھر کر حسن کے پڑھتی یہ شعر دو چار

یہ کیا عشق آفت اٹھانے لگا مرے دل کو مجھ سے چرانے لگا

ملا میرے دلبر کو مجھ سے خدا نہیں تو مرا جی تھکانے لگا

کنہ چشم خوں بار کچھ نہیں مرا دل ہی مجھ کو ڈبانے لگا

فلک نے تو اتنا دھسایا نہ تھا کہ جس کے عوض یوں رولانے لگا

نہیں مجھ کو دشمن سے شکوا حسن مرا دوست مجھ کو ستانے لگا

غزل یا رباعی یا کوئی فرد پر درد ہی پڑھتی = سو یہہ بھی جو کچھہ مذکور نکلے والا نہ اس کی بھی کچھہ خواہش نہ تھی کس واسطے کہ ہر ایک چیز کا تسلت ۔ لہ ۔ ہی جیا اسی پر صدمہ ہوتو ایک بات بھی کہنی سنتی تھی

گیا ہو جو اپنا ہی جیو را نکل کہاں کی رباعی کہاں کی غزل

کلابی میں غنچے کی پھر کر شتاب پلا ساتیا کونکی کی شراب

پیالے میں نرگس کے دے میری جاں کہ دیکھوں میں کیفیت بوستاں

داستان بدر منیر کے عشق بائی کو بلانے اور راگ سننے کی

القصہ گردش آسمان سے احوال ایک طور پر کسی کا نہیں رہتا = کاہے شادی ہی کاہے غم کبھی دکھہ ہی کبھی سکھہ = کبھو ہنسنا ہی کبھو رونا ایک دن کی سرگذشت یہہ ہی کہ بادشاہ زادی سوتی ہوئی بستر غم سے سپہری کے وقت جو اٹھی = دالان سے باہر آنکھیں ملتی ہوئی نکلی اور کہنے لگی کہ آج جی میں آتا ہی کہ ذرا چمن کی دید کروں شاید میرا دل بستہ کھلے اور جی کچھہ بہلے رات دن کے غم نے گھبرا دیا ہی اور آتھہ پہر کے درد نے تنگ کر دیا ازبسکہ دل سے بوس و کنار کی آتی ہی اس واسطے اس کو خواہش گلزار کی پھر ہوئی پچھلے پہر دن تھا کہ سنگار

دانی مقابہ منکا منہ ہاتھہ دھویا اور باغ کی طرف گئی ایک چمن کے کنارے جراؤ مونڈھا
بچھاکر سوناز و ادا سے بیٹھی ایک پاؤں کو زانو کے اوپر رکھہ لیا اور دوسرے پاؤں کو ایک آن سے
مونڈھے سے لٹکا دیا وہ پاے نگاریں جسے پنجۂ مرجاں دیکھہ کر حسرت سے ہاتھہ ملے۔ بلکہ پنجۂ
خورشید بھی ملائیں لیوے زبانِ غنچہ اُس کے وصف میں لال اور دلِ پُرخون حنا کا سو سو رنگ
سے اُسی کا پامال کفک اور قندق کی رنگت پر لالۂ احمر نثار۔ پائیں باغ کی بہار پاے حنائی
پر قربان سو سو بار سونے کے کڑوں کی کفک پر وہ چمک اور رنگ۔ سنہری شفق دیکھہ کر جس کو
ہووے دنگ

جواہر کے چھلّے پڑے پور پور نری کی تکے جیسے مخمل پہ توڑ

از بس کہ وہ نازنیں سوتی اُٹھی تھی۔ بدماغی سے چین بہ جبیں تھی اوے خماری انکھڑیاں اور
وے انداز کی انگڑائیاں اور حُسن کے عالم کی اور جوبن کی دم بدم سرسائیاں باغِ جوانی کی تازہ
بہار۔ سیمے کی صفائی اور چھاتیوں کے اُبھار نشۂ حُسن کا چڑھا ہوا۔ جوشِ جوانی کا بڑھا ہوا
ناز سے دم بدم بن بن بیٹھنا۔ چھب تختی کو اپنی دیکھہ غرور سے حُسن کے اینٹھنا ایک بلّور
کا حُقّہ کہ جس میں لالہ کی پتیاں پڑی تھیں اور نیچہ مُغرّق زری کا اُس پر ایک خواص لیئے
کھڑی تھی اور وہ لبِ نازک پر مُنہ نال کو دھر دو دل پردے میں نکال رہی تھی اِدھر اُدھر یوں
کرتی تھی نگاہ۔ جیسے کوئی کسی کی تکتا ہووے اور خواصیں سب گرد و پیش اپنے اپنے عُہدے لیئے
حاضر۔ کسی کے ہاتھہ موربھل کسی کے ہاتھہ میں پیکدان۔ کسی کے پاس چنگیر کوئی لیئے ہوئے پاندان

رسیلی چھبیلی بنی تنگ و چُست لباس اور زیور سے ہر ایک درست

نیچے آنکھیں کئے دست بستہ باادب۔ سر جھکائے شرم سے لیکن ہر ایک آفت کا ٹکڑا اور قیامت غضب اکن انکھیوں سے جدھر دیکھتی تھی بسمل کر دیتی تھی ا خوب صورت خوب صورت کئی مصاحبیں اور رہد میں بھی کرسیوں پر ایک لحاظ سے ادھر اُدھر بیٹھی تھیں ا شہزادی اُن میں ایسی نظر آتی تھی جیسے تاروں میں چاند ا غرض اِس تھے سے وہ باغ میں تھی جلوہ کر کہ ہر ایک کل کی تھی اُسی کے مکھڑے پر نظر ا چمن ہر ایک باغ کا اُس گھڑی جوش میں تھا اور جو کل وغنچہ اُس میں تھا سو بیہوش ا از بس کہ وہ کل بیرھن عطر میں دوبی ہوئی تھی۔ باغ کی بو باس دونی ہو گئی ا سونگھنے کی بو سے تمام باغ مہک رہا تھا۔ بلکہ کلوں کا بھی دماغ معطر ہو گیا تھا

پر اعکس اُس کا جو طرف چمن ہوا لالہ کل اور کل نسترن

اور درختوں پر اُس کے رنگ کی جوت پڑی تو اُن کی سبزی مانند زمرد کے چمکنے لگی۔ اُس کے بیٹھنے سے گلشن نے ہزار رنگ کی زینت پائی اور صبا سے بھی اُڑ گئی شکیبائی ا چمن نے جو اُس کل خوبی کی دیکھی بہار۔ تو اپنے پھول اُسے لگنے لگے خار خار ا کل اور غنچے کہنے لگے مل مل کہ اِسی کے جلوے سے باغ باغ ہی باغ کا دل ا بلبلوں سے کل کی چاہ جاتی رہی۔ قامت سرو کی قمری کو صورت آہ نظر آنے لگی ا حاصل یہہ ہی کہ وہاں کے سارے در و دیوار۔ اُس مہ کی تجلی سے ہو گئے تھے حیران آئینہ وار ا اِس میں بیٹھے بیٹھے کچھ جی میں جو آگیا تو ایک ادا سے اُس دلربا نے یوں کہا

اری کوئی ہی ہاں ابھی جائیو مری عشق پائی کو لے آئیو

اِس وقت عجب سماں ہی اور باغ کی بہار کا عالم زور ہی کیفیت پر ہی ایک وہ مجرا کرے شاید میرا دلِ ملول مشغول ہو اور یہہ داغِ جگر کوئی دم تو پھول ہو اجی کسی طرح لگتا نہیں شاید رانک ناچ کی صحبت میں کچھہ بہلے - اور غم کو اندکے بھولے ایہہ سنتے ہی ایک خواصِ شیریں ادا دوڑی اور عشق بائی کو اُس نے پکارا - وہ کافر اِس آن و ادا سے آنے لگی کہ ہر ایک کبر و مسلمان کی جان جانے لگی ایک تو جوانی کی مستی دوسرے نشہ شراب کا چڑھا ہوا - چلنے میں پاؤں اُس کا کہیں کا کہیں پڑتا تھا شوخی شرارت پور پور میں - ایندی ہوئی جوبن کے زور میں

وہ خلقت کی گرمی وہ دو من پنا وہ چہرہ نشے میں بھبھوکا بنا

لٹوں کے بال منہہ پر یوں رہے تھے بکھر کہ جیسے بدلی چاند کے ہووے اِدھر اُدھر

وہ بن پونچھی ہونٹھوں کی مسی غضب کہ منہہ پر تھی گویا قیامت کی شب

کان میں ایک بالا ایسا جھم جھماتا تھا کہ اُس کی جنبش پر چاند کا ہالا صدقے کیا تھا ایک بشواز گلے میں اور حمائل ایک نرگس کا ہار بند رومی کہ خواب کی پاؤں میں اِزار - بالوں کا جورا بندھا ہوا - سر سے باکی و ناز سے کھلا ہوا مونڈھے پر ایک رد شال - ہر عرقِ نم پر کہر کی لچک اور شوخی کی چال ایک تنک و چست شبنم کی انگیا جا بجا سے مسکی ہوئی اور کناروں پر اُس کے بنت چمکی تکی ہوئی بشواز کی چین اُتھی ہوئی - چولی انداز سے چسی ہوئی منہدی کا شوخ شوخ رنگ چمکتے ہوئے ہاتھوں میں اور کانوں میں بالے چھڑے اور پائے حنائی میں دمکتے ہوئے تلوے کرے

چلي وهاں سے دامن اُٹھاتي هوئي کرے کو کرے سے بچاتي هوئي

بے ساختہ عجب تھا اُس کا عالم ! کیوں نہ جان فِدا کرے اُس پر سارا عالم ! کئي کافرِیں اور بھي ناز و ادا سے بھري هوئیں ساتھہ لئے چالاک و چُست اور ساز کانے بجانے کے هر ایک کے پاس دُرست ! غرض ناز و اغماض سے رو برو شہزادي کے آکھري هوئي اور ایک انداز سے سلام کرکے وہ جو روِش پر فرش بچھا هوا تھا ساتھوں سمیت قرینے سے بیٹھہ گئي حُضور سے حُکم هوا کوري کا وقت هي تب اپنے اپنے ساز هر ایک نے اُٹھا طبلوں کے سر کھینچ کر چڑھا دیئے اور تھاپ کي صدا سے دِلوں کو مائل کر لیا ! وہ کافر کوري کا تپّہ اِس انداز سے گانے لگي کہ هر تان کے ساتھہ جي هر ایک کا نکلنے لگا ! گتکري متّصل ایک نور کي تھي لري - اُپج کي بہتایت ایک پھلجھري ! کُل و غُنچے کي طرح آواز اُس کي هر ایک طبع کي مرغوب غرض جو کھلي مُندي اُس کي تھي هر ایک جي کي محبوب ! اُس وقت کے سمیں کا کیا بیان کیجئے ماجرا کہ در و دیوار مست هو گئے تھے بس کہ بندھہ گئي تھي هَوا - راگ ناچ کا پھہ کچھہ عالم تس پر ایسا حُسن گُلرخاں - گُلشن کي بہار کا هو گیا تھا دونا سماں ! چار گھڑي دن سورج کا عجب روپ - سُہانا سایہ درختوں میں کچھہ چھاؤں کچھہ دھوپ ! دھانوں کي سبزي کي لہک - سرسوں کي زردي کي دمک ! لالہ کي شوخ شوخ لالي اور هرے کا رنگ - سُرخ سُرخ دوڑے محبوبوں کي آنکھوں کے اور نشے کي ترنگ ! رُپہري سُنہري ورقوں کي پوستوں کے ڈوروں پر پہہ چمک کہ جس سے بجلي کي آنکھہ جاتي تھي جھپک ! درختوں میں سے شفق کا عکس پڑنا اور در و دیوار کا گلابي هو جانا ! هر طرف چادروں کا چھٹنا اور پاني کا زور شور - درختوں پر جانوروں کا چہچہے

کرنا چاروں اور نہروں میں پانی کا موجیں مارنا اور فواروں کا اُچھلنا سرو سہی کا اکڑنا اور آبجوؤں کا بہنا ٹوٹتے تکوروں کی نرم نرم آواز دلربا اور شہنائیوں کی دور سے خوش آیند صدا اُن زہرہ مشوں کا کتھک ناچنا اور ستھری ستھری طرح الاپنا سارنگیوں کا لہرا طبلوں کی ٹھیک اور بھاؤ بتانے میں آنچل بلّو کی چمک اکوری کی وے منجی منجی تانیں گتوں کی وے دل فریب آنیں

وہ دل بیسنا ہاتھ پر دھر کے ہاتھ اُچھلنا وہ دامن کا تھوکر کے ساتھ

اکثر کی حیرت ہوئی۔ انسان اور چرند و پرند محو ہوئے بلکہ جو جہاں کھڑے تھے کھڑے رہ گئے اور جو بیٹھے تھے سو بیٹھے اور جو پیچھے تھے آگے نہ بڑھ سکے اور جو آگے تھے وہ پیچھے نہ ہٹ سکے ناز نینان چمن کا بھی یہ رنگ تھا کہ نرگس کی اِدھر ہی تھی نظر اور حالت بیخودی تھی سب گلوں پر درخت سب وجد میں آکر ہلنے لگے اور سرو بھی چک ہو تھتھک گئے ڈالیوں پر سے کریے جانور آئینہ سان ہو گئے دیوار و در پگھل گئے نہروں کے پتھر سارے اُچھل پڑے بے اختیار فوارے نعرے کرنے لگیں شوق میں آبشاریں بلبلوں کے چمن میں ہوئے آنسو رواں داغ بھی عجب رکھتا ہے اثر کہ سنگ سخت کا پانی کر دیتا ہے جگر

القصہ یہ سماں بندھا کہ ہر ایک بیخود ہو گیا از بسکہ بدر منیر کے دل پر عشق کی چوٹ تھی۔ آپ ہی بے اختیار بھرنے لگی اور دل میں خیال عاشق کا جو بندھا تھا رومال دھر منہ پر خوب رو کی پھر مثل سیماب فرقت بیتاب ہو

لگی کہنے ہم ہیں یہ ذکیوں میں سیٹھ نہ ہو پاس میرے وہ یاد ش بخیر

وُهي جانے اِس سوزِ دروں کو جس کي کہيں لگي ہو ۔ سچ ہے کہ بن معشوق کے اگر گلزارِ اِرم ہو تو ٹك جاے آگ ۔ جس کو فراقِ یار ہو جي اُس کا باغِ بہشت ميں بھي نہ کھلے ۔ تو کب واشد ہو اُس کو اِس کاشن کے دیکھے سے ۔ گُل پر کیا تک کرے وہ نظر ۔ جس کو اپنے دل کي نہ ہووے خبر اکبر نہال کوے اُسے درختوں کا عالم ۔ جسے اپنے سرو رواں کا ہووے غم ؎

جس کے جگر ميں ہووے آہ کي سول ۔ کانٹا ساچُبھے اُس کے دلِ زار ميں ببول

یہہ کہکر حسرت و افسوس سے وہ دلربا اُٹھي اور مُنہہ لپیٹ چھپر کھٹ ميں جا پڑي ۔ وہ عالم جو تھا شادي کا ماتم ہو گیا ۔ سماں وہ خوشي کا درہم برہم ہو گیا ۔ خواصیں کسي طرف چلي گئیں اور طایفے کي رنڈیاں کہیں کي کہیں ۔ عقل ميري بھونچک رہ گئي دیکھکر یہہ دھنک ۔ کس قدر ہے ثبات ہی اِس باغ کا رنگ ۔ کبھي اِس ميں بہار ہي کبھو خزاں ۔ ایکسے نہیں پر نہیں اِس کا سماں

بلا ساقي ایک جام مجھہ کو شتاب کہ پردے ميں شب کے گیا آفتاب

شبِ ہجر کي ہے علامت ہوئي غرض عاشقوں پر قیامت ہوئي

قصہ رات کو رونے کماندرِ منیر کے اے نظیر کي جدائي کے غم سے

جب وہ رشکِ ماہ یہ حالِ تباہ چھپر کھٹ ميں لیٹي اور سب کو کہا کہ تم یہاں سے سرک جاؤ ۔ اِدھر کوئي نہ آوے تب اکیلي ہو زار زار تمام رات ایسي روئي کہ صبح کو آنسوؤں کے پاني سے اپنا مُنہہ دھویا

صبوحي تو دے ساقي لعل فام کہ رو دھو کے ميں رات کاٹي تمام

جو ہیں آفتابِ غم کا نکلا اور اُداسي کا دن چڑھنے لگا ۔ آیینے ميں اپنے چہرے کا رنگ

دھنک جو دیکھا تو دنگ ہو گئی ۔ بدن پر جو نظر پڑی تو ایسا زار و نزار تھا کہ جیسے کسی نے نچوڑ
لیا ۔ آنکھیں اُٹھا کر فلک کی طرف دیکھا اور سسکر کیا پھر دل کو اِدھر اُدھر بہلانے لگی ۔ ظاہر میں
زبان پر جی نکلنے کی باتیں ولیکن دل اُداس ۔ ہوش و عقل پریشان پراگندہ حواس ۔ نہ مُنہ سے
کہے سُنے نہ تن بدن کی خبر ۔ جو سر کھل گیا تو اُس کا دھیان نہیں ۔ اگر بند گریبان تو گیا
تو پرواہ نہیں ۔ جو مسی لگائے دو دن ہو گئے تو ہو گئے ۔ جو کنگھی کیے ایک عرصہ گذر گیا تو گذر
گیا ۔ جو سینہ پہ کیا ہے تو جگر میں چاک ہے ۔ بہ ظاہر لبوں پر ہنسی ہے ولیکن دل غمناک ہے ۔
نہ سُرمے کا دھیان نہ کاجل سے کام ۔ آنکھوں میں چھائی ہوئی ہے سیہ بختی کی شام ۔
ولیکن صاحبان آن و ادا کا یہ سُبھاؤ ہے کہ بگڑے رہنا بھی اُن کا ایک بناؤ ہے ۔ بے ادائی بھی اُن
کی ایک رکھتی ہے ادا ۔ سچ یہ ہے کہ بناؤں کا سب کچھ ہے بھلا

غرض اُس کے حُسن میں کسی طرح نہ تھی کمی ۔ وہ بگڑی ہوئی بھی گویا تھی بنی ۔ غم سے جو پڑی
تھی چین جبیں پر ۔ وہ بھی دریائے حُسن کی تھی ایک لہر ۔ آنکھوں میں اُس کی آنسوؤں کی
تھی یہ سوبھا ۔ کوٹ کوٹ موتی بھرے تھے گویا ۔ تپِ غم سے تپتائے ہوئے گالوں کا تھا یہ
روپ ۔ جیسے لالہ پر پڑتی ہے دھوپ ۔ گریبان اُس کا سینے تلک کھلا ۔ گویا تھا صُبحِ عشرت فزا ۔
اُس کے چہرۂ زرد اور آہِ سرد کا یہ تھا سماں ۔ گویا چاند کے مُنہ سے نکلتا تھا دھواں

پلا ساقیا ساغرِ بے نظیر پھنسی دامِ ہجراں میں بدرِ مُنیر

افسوس وہ حُسن و جوانی اُس کی اور ایسا جوبن ۔ تس پر ایسی کوفت اور آٹھ پہر کی کُڑھن ۔ جہاں
تہاں اُٹھتے بیٹھتے نزاکت کے بہانے سے آہ کرنا اور سوتے جاگتے بیخودی میں تھندھی سانس بھرنا ۔

کبھو تصور میں اُس کے لہو رونا۔ جو کسی کو دیکھنا تو وہیں دھونا اور روز خواصوں کو بلا
بتا کر جن درختوں میں بے نظیر چھپ چھپ کر دیکھتا تھا۔ اُن میں پھول پھر دن رہے جانا اور
اُن کی چھاؤں میں بیٹھ کر شام کرنا۔ غرض اِسی طرح سارا مہینا اُسے گذرا اور وہ ماہ بے نظیر نظر
نہ آیا۔ غم سے رنگ جل گیا اور چہرہ اُتر گیا تب رہنے لگی جانِ بے تاب میں۔ فرق آ گیا خور
وخواب میں۔ وحشت وسودا دن بدن بڑھنے لگے اور ہوش وحواس کہتے۔ عقل وہ شت میں جھگڑا
پڑا۔ ناموس وننگ نے کوچ کیا۔ ناتوانی زور پر آئی اور خموشی دل میں سمائی۔ یہ حال اُس کا
دیکھ کر وہ پری بیتی جل کر کہنے لگی۔ ای بدر منیر! تو ایسی شعور مند ہی کہ سب کو نصیحت کرے۔
تو اِس شعور کدھر گیا ہی اور تیرے وقوف کو کیا ہوا ہی؟

مسافر سے کوئی بھی کرتا ہی پیت مثل ہی کہ جوگی ہوئے کس کے میت

چار دن کی ہی اِن کی آشنائی اور اُس کا نتیجہ ہی جدائی نہ یہ آسمان کے ہیں نہ زمین کے۔
جہاں بیٹھے ہیں وہیں کے۔ تو بھولی ہی کس بات پر ای دیوانی! اپنی لے خبر ای جانی! جو کوئی
اپنے پر جی سے مرے۔ تو پہلے اُس پر اپنا جی کیجے صدقے۔ جو اپنے پر شیدا نہ ہو تو چاہیے اُس
کی پروا نہ ہو۔ وہ اپنی پری کو لیے خوشی سے بیٹھا ہوگا۔ تم اُس کے غم میں عبث جی کو کرتی ہو فدا
اگر اِشتیاق اُسے ہوتا تمہارے دیکھنے کا تو کسی نہ کسی طرح سے تم تلک آجاتا تب اُس
نے کہا ای نجم النسا! پس غیبت کسی کی بدی کرنا ہی بہت بُرا کہ خدا ہی عالم ہی غیب کا۔ اُس
کی چاہت ہی دلی۔ پر خدا جانے اُس پر کیا مصیبت پڑی

ہوا قید یا آنے پایا نہ وہ گئے کتنے دن ابتک آیا نہ وہ

مجھے رات دن یہہ دھڑکا لگا رہتا ہی کہ پری نے مبادا یہاں کا ماجرا سُنا ہو اور اُسے قید کیا ہو یا طپش کھا کر کوہِ قاف میں بھیج دیا ہو۔ یا پرستان ہی میں کسی دیو کو سونپا ہو۔ غرض میں نے سب دُکھ اُس کی دوری کے گوارا کیے۔ کہیں رہے پر جیوں جیتا رہے۔ یہہ کہہ کر اپنا حال زار زار رونے لگی اور موتی آنسوؤں کے پلکوں میں پرونے۔ ندان سر منہہ لپیٹ چھپر کھٹ کی پائینتی مُند کر سو رہی

بلا ساقیا جامِ جم سے وہ مُل ۔ کہ غائب کا احوال ظاہر ہو کُل

کسی کے تو آکام فرخندہ حال ۔ کہ آخر یہہ دُنیا ہی خواب و خیال

خواب میں دیکھنا بدرِ مُنیر کا بے نظیر کو کوئے کے اندر

اِس حالت میں جو اُس کی تک ایک آنکھہ لگ گئی تو یہہ خوابِ آشفتہ دیکھا کہ دُشمن بھی نہ دیکھے۔ ایک جنگلِ لق و دق ہی کہ جس کی ہیبت سے رُستم کا بھی زہرہ آب ہو جاوے اور اِسفندیار روئیں تن بھی اُس کی وحشت کو دیکھہ بیتاب ہو جاوے۔ ایک سُنسان کہ دست میدان ہی نہ وہاں حیوان ہی نہ اِنسان۔ اور بیچ میں اُس کے ہی ایک کواں کہ آہوں کا اُس سے اُٹھہ رہا ہو دھواں۔ اُس کے گِرد نہ دیو ہی نہ پری ہی۔ فقط کمی لاکھہ من کی ایک سل اُس کے مُنہہ پر دھری ہی اور اُس سے دم بدم یہی آواز آتی ہی۔ ای بدرِ مُنیر! تیرے غم کی چاہ میں میری جان جاتی ہی۔ ہر چند کہ یہاں ہوں نالہ و فریاد میں لیکن ای جان! دِل سے ہوں تیری یاد میں۔ کیا کروں قیدِ شدید ہی۔ کسی طرح رہائی نہیں پاتا۔ لاکر تے پر تے اِس حال زار سے بھی تجھہ تلک اپنے تئیں پہنچاتا

ہر اِس قید میں بھی ترا دھیان ہی فقط تیرے ملنے کا ارمان ہی

مجھے اپنی صورت تک دوڑھی سے دکھا اور اِس قید غم سے چھڑا ۔ مجھے اپنے مرنے کی مطلق

درا نہیں پر یہہ افسوس ہی کہ تو میری حالت سے آگاہ نہیں ۔ ای کاش اِس وقت میں تجھے

دیکھ اوں ۔ قیامت تلک جیوں جو تیرے آگے مروں ۔ ولیکن مرا یہہ گمان وخیال ہی کیوں کہ

وصل تیرا بن وصال محال ہی

کڑی دم کا مہمان ہوں آج کل اِسی چاہ میں جا ٹپکا دم نکل

یہہ سن کر بے نظیر کی والدات جو نہیں چاہا بدر منیر نے کہ ایک بات کہے ۔ یکایک اُس کی آنکھ

کھل گئی ۔ قضا نے اُس کی سرگذشت بے نظیر کو نہ سننے دی ۔ پھر اُس کو اپنے دیدۂ تر نظر آئے اور

وہی گھر ۔ خدا جانے کہ وہ کوا ں کیا ہوا اور وہ آوازیں کدھر

صدا اپنے یوسف کی سن خواب سے اُٹھی باؤلی جان بیتاب سے

کہا کوکسی سی نہ اُس نے یہہ بھید ولے جوں مہ صبح چہرا سفید

نیدان اِس راحت جاں کا جسم سراپا درد ہو گیا اور وہ گل سا مکھڑا زرد ۔ دم بدم درد آہ سے

کہنے لگی ۔ مہتاب سے منہ پر ہوائیاں سی چھٹنے لگیں ۔ مزہ نکیلی جو اُس نازنیں کی تھی مثل

شک خونیں سے ہو گئی پھلجھڑی سی

ڈھلے منہ پہ آنسو ہوا بسکہ رنج چھٹے چاند فی میں ستاروں کے گنج

پھٹنا سا جو اُس کا تھا دل تھا اُسے ہزاروں آتش غم کے شعلے اگے نکلنے اور اُس کی نرگسی آنکھوں

سے اشک آتشیں ڈھلنے

چھپاؤ بہت اُس نے پر ہینشیں چھپائے سے آتش چھپے ہے کہیں

کسی سے کسی کو جو ہوتی ہی لاگ بغیر از کہے اور لگتی ہی آگ

آخر کی رازدار خواصوں سے اُس خواب کو کہا - پھر آپ خوب روئی اور اُنھیں بھی رولایا ا

نجم النسا جو اِس حالت سے آگاہ ہوئی تو نہایت بے قرار ہو کر کہنے لگی ا تو اپنی آنکھوں سے

یہہ کچھ کرم آنسو نہ بہا - اور اپنے جی کو اِتنا نہ کھپا ا میں تیرے واسطے اپنی جان کھپاتی

ہوں اور سر بہ صحرا جاتی ہوں - ہر طرح اُسے ڈھونڈھ لاتی ہوں ا اور تجھہ سے ملاتی ہوں

جو باقی رہا کچھہ مرے دم میں دم تو پھر آکے یہہ دیکھتی ہوں قدم

اور جو مرگئی تو تیری بلا سے - یہہ جانیو کہ مجھہ پر صدقے ہوئی تب شاہزادی نے کہا اے میری

رفیق شفیق ! میں تو اِس چاہ غم میں ڈوب چکی ہوں - تو اپنی بھلی چنگی جان مت کھو اِس واسطے

کہ پوری ہی تو اِنسان - رسائی تیری وہاں ہوگی کہاں ! عبث مجھے بھی چھوڑتی ہی اور بیہودہ

ملاپ کا تو ڑتی ہی ا ہرچند کہ میں لہو اپنا آپ پی رہی ہوں - پر تیرے ہی آسرے سے جیتی

ہوں ! میری انیس تو ہی فقط - تجھی سے ہوتا ہی میرا غم غلط

ورنہ میں رک رک کے مرجاؤنگی اِسی طرح جی سے گذر جاؤنگی

کہا اُس نے کیا کہیئے اب تو اپنے سر پر مصیبت بڑی - جس طرح بنتا جاہیئے یہہ دکھہ بھی کھڑی !

میں اِس عشق کا یہہ نہ سمجھی تھی دول ترے غم سے آنے لگا مجھہ کو ہول

اب تیری حالت دیکھی نہیں جاتی - مجھہ کو اِس طرح کی ہمدردی نہیں بھاتی ! یہہ کہہ کر اپنا

گہنا پاتا اُتار ڈالا اور بناؤ سنگار خاک میں ملا دیا پھر اپنے کچھہ ہوش و حواس درست کر کے

نازنیں پر جوگنوں کا لباس سجا ۔ کئی سیر موتیوں کو جلا ۔ اُن کی راکھ سے کاجل بھبھوت منھ کو ملا ۔ اور ایک بادلے کے دوپٹے کی گاتی باندھی انگیا سو سوچتن سے چھپالی پھر زمرد کے مندرے کانوں میں ڈال لیے ۔ برگِ گلِ گلستانِ حسن کو سبزۂ تازہ سے جلوے دیئے ۔ زری کا ایک خوشنما حلقہ بنا سر پر رکھا ۔ سنبلستان کو جگمگا کر دیا ۔ بالوں کی لٹوں کو بل دے کر بر و دوش پر لٹکا کر موہ دیا اور حسن کے شبدیز کی باگوں کو ہاتھ سے چھوڑ دیا ۔ آنھوں کے دھوئیں سے آنکھوں کو لال کیا اور خونِ دل کا اُن میں بھر لیا ۔ زمرد کی سُمرنی ہاتھوں میں پہنیں اور ایک بین کاندھے پر رکھ لی پھر ایک سیلی گلے میں پہنی اور گیروا کھیس اوڑھ لیا ۔ منکے بھی درست کر کے اپنے اپنے موقع پر سج لیے ۔ پورا جوگن کا بھیس کیا اور جنگل کا رستا پکڑا ۔

چلی بنکے جوگن وہ باہر کتیں دکھاتی ہوئی حال ہر ہر کتیں

چھپے ہوئے موہِ دل کو فالۂ آتشیں سے ظاہر کرنے لگی اور درد نہانی کی شدت سے دم بدم آہ بھرنے لگی ۔ غرض اُس آئینہ رو کے منھ کی صفائی راکھ کے ملنے سے زیادہ چمکنے لگی ۔ سچ ہے کہ خاک ڈالنے سے چاند نہیں چھپتا ۔ حسن کہیں بھی ہوتا ہر پوشیدہ ۔ اُس نے تو اپنی خوب صورتی کے چھپانے کے لیے سو سو رنگ کیے ۔ پر حسن نے ہر ایک حال میں اُسے جلوے دیئے ۔ تن کی صفائی اور موتیوں کی سیلی کی دمک ۔ ایسی تھی جیسی چاندنی میں کہکشاں کی چمک ۔ سر پر اُس کے حلقہ زری کا نہ تھا بلکہ بنتی کر رہا تھا شب جوانی میں حسن اُس کا ۔ یا سنبلستان میں آفتاب تھا جلوہ کناں ۔ یا روز اور شبِ قدر پرتو تھا قربان ۔ اگر یہ برق و ماہ و ابر سیہ ہی ۔ تو بھیگے رہیگے جیب و دامنِ عشاق آنسوؤں سے

وہ مندرے وہ تن اُس کا خاکستری ہوئی حُسن کی اور کھیتی ہری

سبزہ و گُل دیکھکر اُن کو کئی ہوش سے بلکہ ہوکئی بندے حلقہ بگوش سے ا سچ ہی کہ جب ایسے محبوب کے کان لگے تو زمرد کی کیوں نہ شان بڑھے اور جو ایسی صفائی اُن کی دیکھے تو کہاں تک نہ اُس کو لوٹ لگے اگلے میں موتیوں کے مالے اور مونگوں کے ہار دکھاتے تھے گُل و نسترن کی بہار رنگ اُس کی نرگس گُل رنگ کا لالہ احمر کا رنگ اُڑاتا تھا اور لال قشقہ پیشانی کا جوں لعل صفحۂ نور پر جلوے دکھاتا تھا

ادا اُس کی دیکھے جو عاشق کبھو تو رو یا کرے چشم سے وہ لہو

کاندھے پر اُس کے خوبصورت ایک بین تھی یا راگ کی پہنگی ا تو نبے اُس کے می گُل رنگ کے تُنگ تھے یا دو سُبو لبریز آبِ آہنگ سے اور ایک تار اُس کا سیلاب تھا راگ کے دریا کا اور قالبِ بیجان کی جاں بخش تھی اُس کی صدا

سو وہ بین کاندھے پہ رکھے یوں چلی پری جیسے لے آئے کنکا جلی

نہ عاشق ہوئے اُس کے عالم پہ لوگ دیوانا ہوا جوگ دیکھے اُس کا جوگ

وہ جوگن بنی جب کہ اِس رنگ سے لگے پھوٹنے لوگ سرسنگ سے

جب وہ رخصت ہونے لگی بادشاہ زادی بے اختیار رونے لگی

وہ رو رو کے دو ابرِ غم یوں ملے کہ جس طرح ساون سے بھادوں ملے

اُن کو روتے دیکھکر کھرکا کھر رونے لگا بلکہ در و دیوار سے بھی آہ و نالہ نکلا آخر کوہر ایک نے ناچار ہوکر کہا کہ بی بی اِس دھار خدا حافظ ہے جس طرح تو بیٹھے دکھائے جاتی ہی

خُدا کرے اُسي طرح جلدي مُنہہ دِکھلاوے ا کوئي بولي - دیکھیو ہم کو بھولیو مت ہوا کِسي نے دردِ جُدائي سے اپنا ست ہار دیا - یہہ سُنکر اُس نے کہا۔

تُمھیں بھي خُدا کو میں سوں نپا سُنا مِرا بخشیو تُم کہا اور سُنا

تن بہ تقدیر اب جاتي ہوں - اگر مِلا تو اُس کو بھي ساتھہ لاتي ہوں ا القصّہ سب کو روتے چھوڑ روانہ ہوئي

نہ سُدھہ بُدھہ کي لي اور نہ منکل کي لي نِکل شہر سے راہ جنگل کي لي

تي خاکستري و رُخ گرد آلود سے بین لئے جنگل جنگل پھرتي تھي اِس واسطے کہ کوئي شخص ایسا مِلجاے جِس کے سبب سے اُس کا تھکانا لگے اور مُلاقات ہو - پر بین جہاں بجاتي وہاں ایک طوفان اُٹھاتي ا چرند پرند جو سُنتے کو آتے تھے بیہوش ہوجاتے تھے

پہنچاتي وہ جو کُن جہاں جو گیا وہاں بیٹھتي خلق ہوني لگا

بلکہ جنگل بھي اُس کے سُنے سے جوش میں آتے تھے اور درخت سارے خروش میں ا جب کُل نغمہ اُسے کرتے تو جتنے دشت تھے اپنے دامن بھرتے ا جنگل کے درختوں کے جُھنڈ اور خس و خار جري بوٹي کوہسار وجد میں آتے تھے اُس کي صدا سے اور پرندے گر گر پڑتے تھے ہوا سے ا نقشِ پا جہاں کہیں بیٹھا بیٹھا پر اپنا کان اُدھر ہي لگاے رہتا ا نغمے کے گُلِ تازہ کي بہار کے آگے - خار سے لگتے تھے جتنے پھول تھے جنگل کے ا نہ فقط نالے ہي اُس کے سوز سے بہہ چلے تھے بلکہ کوؤں کے بھي دل پاني پاني ہوئے تھے ا چشموں کي لہریں پیچ و تاب کھاتي تھیں اور دریا کي موجیں کناروں سے سر ٹکراتي تھیں - نہ انسان ہي اُس کي بین کو سُنکر گریبا . . ر تار کرتے

تھے بلکہ بلبلیں فغاں میں تھیں اور گل جھک جھک پڑتے تھے - قمریاں شور کرتی پھرتی تھیں اور دالیاں جھوم جھوم کرتی تھیں ۔ ہر ایک کوتھا وہاں مقام حیرت کا کہ کام زباں کا ہاتھ سے اس کے نکلتا تھا ۔ چمن کرتی پھرتی تھی وہ ہر ایک جنگل اور بساجاتی تھی جنگلوں میں دن کا دن رات سرگشتہ مانند ہوا دھوندھتی پھرتی تھی وہ بے نظیر کوجا بجا ۔ غرض اس کے دم قدم سے ہر ایک مقام پر - طلسم کا عالم آتا تھا نظر ۔

کدھر ہی تو ای ساقیِ گلعذار — کہ صحرا سے اب دل ہوا خار خار

مجھے بھول سی دے شتابی شراب — کہ شہر مطالب کو پہنچوں شتاب

وہ دارو پلا دل کو جو راس ہو — کہ جینے کی بیمار کے آس ہو

ملاقات ہونی فیروز شاہ کی جوگن سے

مسبب الاسباب کے سببوں کو دیکھو کہ جو بات عقل میں نہ آوے اور بشر کو خواب میں بھی اس کا دیکھنا محال ہو اس کا وہ سبب مہیا کرکے دفعتہً ظہور میں لاتا ہی ۔ گردش لیل و نہار بدون اس کے حکم کے نہیں - کبھی جہاں میں عشرت ہی کبھی الم - کہیں صبح عیش ہی اور کہیں شام غم ۔ دورنگی سے یہہ زمانہ معمور ہی - کبھی اس میں سایہ ہی کبھی نور ہی ۔ اتفاقاً اس جوگن کو ایک سہانا سا جنگل نظر آیا - شام قریب تھی اس نے وہیں بستر جمایا ۔ اتفاقاً اسی تاریخ پورن ماسی تھی چاند جلوہ کر ہوا اور چادر نور تمام جنگل کی زمین پر بچھ گئی اور تاریکی ایک لخت اس دشت سے معدوم ہوئی ۔ یہہ عالم دیکھ کر وہ زہرہ جبیں - مرگ چھالے پر دو زانو بیٹھ کر

کدا را یہہ بجنے لگا اُس کے ہاتھہ کہ مہہ نے کیا دائرہ لیکے ساتھہ

سماں اُس دم اِس طرح بندھہ گیا کہ وہاں کا ہر ایک ساکن جوش میں آکر رقص کرنے لگا بلکہ صدا سے اُس کي وہ آپ بھي بے حال ہوئي کہ دیوانوں کي طرح بیتابي سے ہاتھہ پاؤں مارنے لگي اور عالمِ مہتاب وہ جنگل سُنسان و وحشت برہا تا تھا دیوانوں کي ہر آن اوحشیوں کي حیراني اور طائروں کي خوش اِلحاني دیکھہ دیکھہ اور سُن سُنکر سنگ دلوں کے بھي دل ہوتے تھے پاني پاني اُس پر میدان میں ایسي چمکتي تھي ریتہ کویا نور سے اُٹکا تھا چاند تاروں کا کھیت درختوں کے پتے زمرد سے چمک رہے تھے بلکہ خس وخار سارے کثرتِ نور سے مُقیّش کي مانند جھلک رہے تھے درختوں میں چاندني کا تھا ظہور یا چھلني سے چھن چھن کے گرتا تھا نور

ویا یہہ کہ جوگن کا مُہہ دیکھہ کر ہوا نور سائے کا ٹکڑے جگر

کیا ہاتھہ سے بین سُن کر جو دل گرے سایہ و نور آپس میں مل

غرض ہوا اُس گھڑي ایسي بندھي کہ درختوں کے ہاتھہ پاؤں پھول گئے بلکہ جانور بھي اپنا بسیرا بھول گئے

درختوں سے لٹ لٹ کے بادِ صبا لگي کرنے آوجد میں واہ واہ

کدا ے کا عالم یہہ تھا اُس گھڑي کہ تھي ہر طرف چاندني غش پڑي

اِس مزے میں ایک طرفہ لطف ہوا کہ فیروز شاہ جنوں کے بادشاہ کا بیٹا حُسن میں بے عدیل نہایت شکیل بیس برس کا اُس کا سن وسال چودھویں رات کے چاند سے بڑھکر خوش جمال کسي طرف اپنا تخت ہوا پر اُڑائے جاتا تھا آواز اُس کي بین کي اور رشک کي سُنکر تخت کو اپنے

اُس جنگل میں رکھوا دیا۔ پھر کیا دیکھتا ہی کہ ایک جوگن رشکِ حور اپنے بستر پر بیٹھی ہی۔ اور اُس کا چاند کی جوت سے لڑ رہا ہی۔ دیکھتے ہی اُس کو غش کر گیا اور اُس کے جوگیا بھیس کو بناوت سمجھ کر کہنے لگا جوگی جی! ہمارے آدیس ہو۔ تم پر ایسا کیا بجوگ پڑا جو تم نے یہہ جوگ لیا

کدھر سے تم آئے کہاں جاؤ گے ۔۔۔ دیا اپنی ہم پر بھی فرماؤ گے

وہ سمجھی کہ اِس کا دل آیا اِدھر ۔۔۔ کہ رکھتا ہی دل بھی تو دل سے خبر

سچ ہی عشق خس و خار ہی اور حُسن آگ۔ ہمیشہ سے عشق اور حُسن میں ہی لاگ اور لاگ مانند ہوا۔ اِس آگ کو اُس خس و خار میں دیتا ہی لگا۔ قصّہ مُختصر پری زاد کی باتیں سُن کر

کہا ہنسکے جوگن نے ہر بول ہر ۔۔۔ جہاں سے تو آیا چلا جا اُدھر

تب وہ بولا واہ جی واہ۔ آپ بھی قیامت کرم ہیں اللہ اللہ! اِتنے روکھے کیوں ہوتے ہو میں کب بیٹھتا ہوں۔ ذرا بیٹھ سُن لوں تو چلا جاؤں۔ کہا اُس نے یہہ اپنے ہوتے سوتوں سے کہو۔ چپکے بیٹھے رہو فقیروں کو نہ چھیڑو۔ یہہ دو دو طبقے جب باہم ہو چُکے تب فیروز شاہ سامھنے اُس کے رئیت میں بیٹھ گیا۔ اِدھر چاہ کے کھیت میں کھیت رہا۔ کبھی اُس کے حُسن پر تھی اُس کی نظر اور کبھی دھیان تھا۔ بیچ میں ذرا کچھ ہوش نہ تھا اپنے تن بدن کا۔ مانند نقشِ پا چشم و گوش ہو گیا سراپا

وہ جوگن جو تھی درد و غم کی اسیر ۔۔۔ یہہ ہو بیٹھے اُلفت میں اُس کی فقیر

بنا یہہ کہ بیلی اور تے راہ کی ۔۔۔ جب آئی ذرا سُدھ تو پھر آہ کی

غرض وہ صبح تک یہ گاتی رہی اور یہ روتا رہا جوں اُس کے ہاتھ تاروں پر پڑتے تھے تُوں اُس کی پلکوں سے لخت جگر جھڑتے تھے ۔ آخر شب رات گذری اور صبح ہوئی جب اُس زہرہ جبیں نے ماندگی سے بین لیکر رکھ دی تب بہزاد نے بے اختیار اُس کا ہاتھ پکڑا اور تخت پر بٹھا

زمیں سے اُڑا آسمان کیتئیں ۔ وہ کتنا کہ اکی نہیں رے نہیں

مطلب اُس کو نہ مانا پکڑ مارتے پرستان میں لایا تھا یا اور اپنے باپ کو یہہ مژدہ سُنایا کہ بے جوگی بڑے صاحب کمال ہیں ۔ اِن کی بین اور راگ سُنیئے گا تو نہایت حظ اُٹھائیگا ۔ وہ بولا کہ راگ اپنے دل کا محبوب ہی اور طبیعت کا مرغوب ۔ آئے جوگی صاحب بیٹھیئے ۔ اور اپنے قدموں سے ہمارا گھر روشن کیجئے ۔ ہم دونوں باپ بیٹوں کے بخت کھلے کہ آپ کے قدم یہاں آئے غرض نہایت اُس کی تعظیم و تکریم کی اور ایک جا کہ نہایت پاکیزہ و لطیف تھی کودی

بلا مجھ کو ساقی محبت کا جام ۔ کہ مہمانیوں میں ہوں میں تمام

داستان بین بجانے میں جوگن کے فیروز شاہ کے باپ کی مہمانی کے پہنچنے

یہہ جوگن تو وہاں بروگن ہوئی بیٹھی تھی کہ اِتنے میں رات ہی جوگن کی طرح بھبھوت مُنہ پر چاندنی کا مل ماہ کا اوندھا سر پر رکھ آتش کہکشاں سے نور کی بدلاتی ہوئی ستاروں کی مالا پہنے پرستان میں آئی اور دن نے شکل اپنی رشک سے زدہ خجالت میں چھپائی ۔ پرستان کے بادشاہ نے بہزادوں کو جمع کر لے مجلس آراستہ کی اور جوگن کو آؤ بھگت سے لایا ۔ وہ رشک زہرہ بین کو بغل میں دبائے ایک ناز و امتیاز کے ساتھ آئی تب اُس کو عزت سے بٹھایا

اور کہا کہ ہم مشتاق ہیں اگر مزاج چاہے تو بین بجایئے اور کچھ گایئے ۔ بے پروائی سے اُس نے کہا
کہ گانا بجانا کچھ کام نہیں اپنا ایک ہر طرح سے ہر کا نام ہے ۔ فقیر فرمائشوں
سے بیزار ہی ۔ اب تمھارا اگر فتار ہی ۔ اِس سے ناچار ہی ۔ بادشاہ نے کہا جوگی صاحب ! کیا فرماتے ہو ؟
ہم کو فقط تمھارا کرم چاہیئے اگر مرضی ہو تو تکلیف دیوئیں ۔ نہیں جس میں تم راضی ہو سو
کریں ۔ تب وہ بولی کہ جو ایسی سیوا کرو گے تو میوہ پاؤ گے ۔ پھر بین کو کاندھے پر رکھ یہاں تک
بجایا کہ در و دیوار مست ہو گئے ۔ جو بیٹھے تھے وہ بے حس ہو گئے جو کھڑے تھے وہ غش ہو کر گر
پڑے ۔ غرض کوئی ایسا نہ تھا کہ جو رویا نہ تھا اور کسی کا چیپ و دامن نہ تھا کہ آنسوؤں سے بھیگا
نہ تھا ۔ بین پر اُس کی اُنگلیاں یوں چلتی تھیں کہ ہاتھ سے اُس کے جی تنوں سے نکلے جاتے
تھے ۔ رواں رواں ہر ایک جان کو کر دیا اور مُردہ ہر ایک جن و انسان کو ۔ خصوصاً وہ جو اُس کا
بیدل تھا وہ سب سے زیادہ مائل تھا ۔ بے تابانہ اِدھر اُدھر جا کر چھپ کے اُسے پیار کی نظر سے تکتا ۔
کبھی سامنے آ کھڑا ہوتا ۔ کبھو ستون کی اوٹ میں ہو کر اپنے دیدۂ تر سے اُسے دیکھتا ۔ کبھی
آنکھ بچا اِدھر اُدھر سے اُس کے مکھڑے کی بلائیں لیتا ۔ وہ بھی اگرچہ کچھ کہتی سنتی نہ تھی
پر کن انکھیوں سے بھر بھر اُس کی حرکتیں تھی دیکھتی جب نظر شہزادے کی اُس پر پڑتی تب وہ اور
طرف دیکھنے لگتی ۔ اُس کی ہر بات کی اداؤں پر وہ دم بدم آہیں کرتا تھا اور رخصتی جگر اُس کا
پھاڑتا ۔ اگر کوئی جوگن کی تعریف کسی طرح کی کرتا تو رشک سے بدن اُس کا جلتا تھا کہ تم
کو کیا ۔ غرض وہ چاہتا تھا کہ صحبت اِس طرح جمی رہے اور اپنی آنکھوں کی ٹکٹکی اُس نے
مکھڑے پر لگی رہے

آخرش نکتہ چین بھی اُس کی بین سُنکر غش کر گئے اور اپنے ہوش سے گذر گئے تب تو فیروز شاہ کے باپ نے بہت تحسین و آفرین کر کے کہا جوگی جی! آپ نے ہم پر بڑی دیا کی۔ اِسی طرح ہر رات کرم کیجے اور ہماری مجلس کو آرائش دیجے

مُقدّم ہمارا رِجھانا کرو ۔۔۔ ہمیں اپنا مُشتاق جانا کرو

یہہ گھر بار ہی آپ ہی کا تمام ۔۔۔ ہوئے آج سے ہم تُمہارے غُلام

جو کُچھہ درکار ہو آپ کو وہ لیجئے اور تکلّف بے تکلّف موقوف کر دیجئے تب کہا اُس نے گھر تُمہارا تُمہیں مُبارک رہے ۔ فقیر کو کُچھہ مطلب نہیں ہی کہ تُم سے کہے ! تُم کہاں میں کہاں یہہ سب آب و دانے کی بات ہی ۔ نہیں تو فقیروں کا اور بادشاہوں کا کب ساتھہ ہی ؟ یہہ کہکر وہ جوگی اپنے رہنے کے مکان میں گئے ۔ بود و باش اپنی وہیں اختیار کی اور اپنے دِل سے کہا کہ اِن حادثوں سے مت گھبرا ئیو اور اِس واردات سے نہ اُکتائیو تو دیکھوں کہ خالق جہاں اِس آشکارا میں کیا چھپائے ہی اور آخر کار کیا دکھائے ہی

غرض اُس کا یہہ معمول تھہرا کہ شام سے پہر رات تک پریوں کے بادشاہ کی صحبت میں ہنستی بولتی اور بین بجا کر سب کو رِجھاتی ! پہر بجے کے بعد اپنے مکان میں آ رہتی لیکن فیروز شاہ کی دن بہ دن حالت تباہ تھی ! اُسی کے تصوّر میں وہ شام و سحر رہتا ! دین و دُنیا کی اصلا خبر نہ رکھتا ! اُسی شمع کے گرد اُسے پھرنا اور پروانے کی مانند ہر گھڑی آتش شوق میں جلنا و ہر ایک بہانے سے دن رات اُسی کے پاس کا تنی اوقات ! اکثر بین کی صدا سُنکر آنکھوں سے لوتا خون جگر

وہ جو کُن بھی سو سو طرح کی ادائیں اُس کو دکھا ہر ایک آن میں زیادہ کرتی تھی مبتلا اور جو
کسی دھب کا دیکھتی حُسنِ طلب تو ہو جاتی وہیں اُس پر غضب اور جو وہ کسی پردے میں
کچھ سوال کرتا تو کہتی کیوں دیوانہ ہوا تک ایک سنبھل زیادہ لٹک نہ چل
کبھی خوش کرتی اُس کو اور کبھی اُداس - کبھی دور بیٹھتی اور کبھی اُس کے پاس اکبھی
تیکھی نظروں سے اُس کے دل کو گھائل کرتی - کبھی میٹھی نگاہوں سے اُس کے جی کو مائل
کبھی تیز ہی باتیں کر کے اُسے مارتی - کبھی سیدھی طرح سے پکارتی اکبھی ہنسکر جو دیکھتی
تو ہنسا دیتی - کبھی غم کی صورت بنا کر رُلا دیتی

کبھی مُنہ دکھایا چھپایا کبھی کبھی مار ڈالا جلایا کبھی

کبھی اُس کے دل کو لتوں میں اُلجھا کر لٹکا لیا - کبھی ناز سے جھنجھلا کر جھٹکا دیا اجو اُسے
دیکھتے دیکھ تو اُس سے مُنہ کو موڑ لیا اکبھی دل کو اُس کے تسلی دی اور کبھی جی کو توڑ دیا
ہو چند روکھی ہو ہو کر آنکھیں دکھاتی تھی - پر نظروں میں اُس کو لبھاتی تھی ا یہ بچارا
پریزاد سادہ دل انسان - ادائیں وہ کافر اُس کی بلائے بے درمان

نہ مُنہ پھیرا وہ عالم رہا اور نہ تور گئی دن میں دل ہو گیا چور چور

جب اِسی طرح ایک مُدت گذر گئی تب عشق کی تپ کی نہایت شدت ہوئی ا آنکھوں سے چکر
ہونے ہو کر بہنے لگا - دل آتش فراق سے پگھل چلا ا آخر کار چار و ناچار
ہاسر

دی پردۂ دل سے جی نے صدا کہ ہی صبر کی اپنے اب اِنتہا

حوال آپنا دل کے پردے میں کہا کہ اب صبر کی اِنتہا ہو چلی

جو کہنا ہی اُس سے تو کہہ حالِ دل کہ اب تنگ ہی اپنا احوالِ دل

سنبھلنا ہی تو اب بھی سنبھل جا نہیں تو میں اِس دمبدم کی کوفت سے نکل جاؤنگا

ملا کر تو اب دستِ افسوس کو پرا رہ لیے ننگ و ناموس کو

یہہ جی کا پیغام سُنکر مجبوری سے کہنے لگا۔ جو کُچھہ ہونی ہو سو ہو کہا چاہیئے ایہہ سچ ہے کہ کہنے میں آن نہیں رہتی پر خموشی میں جان نہیں رہتی ا اِس بات کو جی میں ٹھان کر ایک روز گھات جو پائی اور اکیلے اُسے جو دیکھا تو بیتابی سے بے اختیار اُس کے پاؤں پر گرا پرا تب مُسکرا کر وہ بولی۔ یہہ خلافِ قیاس کیا حرکت ہی اور بیحواسی کی کس لیئے ایسی شدت کیا کسی نے تُجھے ستایا ہی۔ یا تیرا جی کسی پر لُبھایا ہی۔ یا ہمارے بیٹھنے سے اُکتایا کہ مہمانیوں سے تنگ آیا؟

فقیروں سے اِتنا نہ ہو بس خفا چلے ہم بھلا جا ترا ہو بھلا

ایسا کون سا رنج تو ہم سے پاتا ہی کہ اب پاؤں پر پڑ کر یہاں سے اُٹھاتا ہی تب فیروز شاہ نے کہا واہ واہ! یہہ تو زور بات کہی تُم نے تُمہاری اِس اُلٹی سمجھہ نے مارا مُجھہ کو۔ کُچھہ نہیں سوجھتا اب جا مُجھہ کو ستائے ہوے کو کیا ستاتے ہو۔ جلے ہوے کو کہوں جلاتے ہو۔ میں تم پر جان اور مال سے فدا رہا۔ ہزار حیف کہ تُم نے مُجھے اب تلک نہ پہچانا! تُم آپ سا مُجھہ کو بھی جانتے رہے۔ تُمہاری اِس دانست کو کوئی کیا کہے! تُم سخت بیمروت و بیوفا ہو اور سنگدلی و بے رحمی میں یکتا تب وہ بولی کہ بس اب اپنا احوال کہہ کہ میرے پاؤں پر کیوں گرا ہی؟ تب پریزاد نے کہا۔ جان بوجھکر کیوں انجان ہوتی ہی۔ مُجھہ پر ترحم کر نظر کرا اور مُجھہ سے

میں اپنی قبول کرتب وہ ہنسکر کہنے لگی۔ بشرطے کہ تو میری کہانی غور سے سنے اور میرا مطلب
برلاوے۔ فیروز شاہ نے کہا کہ جلد فرمایئے تا مقدور کوتاہی نہ کرونگا تب وہ بیان کرنے لگی
کہ شہر سراندیپ کا ایک بادشاہ ہی کہ اُس کا نام مسعود شاہ ہی اور ایک اُس کی بیٹی ہی مانند
پری کی اور نام بھی اُس کا بدر منیر ہی ایک باغ اُس نے رشکِ باغِ بہشت بنایا تھا اور اُسی میں
رات دن رہنا پکرا تھا۔ میں نجم النسا اُس کے وزیر کی بیٹی ہوں۔ میرے اُس کے کسی بات کا
پردا نہ تھا اور جو اُس کا بھید تھا سو مجھ پر کھلا تھا۔ ایک دم میں اُس سے جدا نہ ہوتی
تھی۔ بغیر اُس کے سلائے نہ سوتی تھی۔ خوشی سے ہمیشہ سروکار تھا۔ ایک چرچا نیا لیل ونہار
تھا۔ مصیبت خواب میں نہ دیکھی تھی۔ دکھ درد کی کہانی بھی نہ سنی تھی۔ لالہ کی مانند کبھی
داغ نہ دیکھتا تھا۔ گل کی طرح ہمیشہ ہنسی خوشی میں دن کٹتا تھا۔ ہر آن خوشی کی
ترقی تھی کسی چیز کی کمی نہ تھی

القصہ ایک دن کا عجیب وغریب ماجرا ہی کہ ایک شخص مثلِ ماہ یکایک قریب شام کے اُس
باغ میں وارد ہوا۔ اُس کے حُسن کا کہاں تک بیان کروں۔ آدمی نہ تھا بلکہ وہ ملک تھا شہزادی
کا دل اُس کو دیکھتے ہی مائل ہوا اور وہ بھی اُس کے تیرِ عشق سے گھائل۔ قصہ مختصر دونوں
آپس میں ملے۔ پہر رات تک صحبت رہی بعد اُس کے وہ گھبرا کر اُٹھ کھڑا ہوا کہ میں اب بیٹھ نہیں
سکتا۔ ایک پری کی قید میں ہوں۔ مبادا وہ مکان پر آوے اور مجھے نہ پاوے۔ پھر خدا جانے
کیا ستم برپا کرے۔ اگر جیتا رہا تو کل پھر اِسی وقت آؤنگا۔ چنانچہ اُس کے دوسرے دن
پھر اُسی وقت آیا بلکہ ہر روز یہی معمول تھا۔ کیا شاید اُس پری کو وہاں کے آنے کی خبر ہوئی

معلوم نہیں کہ اُس کو کوہ قاف میں پھینک دیا یا کسی گڈھے جا کہہ قید کیا ۔ اُس کے احوال کی جب ایک مدّت کچھہ خبر نہ ملی تب میں جوگن ہو کر اُس کو ڈھونڈھنے نکلی اور یہاں تک آن پہنچی ۔ تم پری زاد سارے آپس میں ایک ہو اگر اُس کا کھوج کرو تو اغلب ہی کہ تمہاری مدد سے ملجاوے پھر اُس کے ملنے کے بعد تمہاری بھی آرزو بر آوے ۔ اپنے دلِ بیقرار کو آرام ہو تم اپنے ہاتھہ سے تمہارا بھی کام ہو

کہا تب پری زاد نے ہاتھہ لا ۔۔۔ انگوٹھا دکھا بولی اترا نہ جا

کہا پھر نہیں کچھہ نہیں مہہ جبیں ۔۔۔ لگی ہنسکے کہنے نہیں رے نہیں

فیروز شاہ نے یہہ سنکر اپنی قوم کو بلایا اور تقیّد کیا ہر طرف جاؤ اور ڈھونڈھو ۔ سعی و تلاش میں کمی نہ کرو کہ ایک آدمی پرستان میں کسی طرف قید میں پھنسا ہی اگر کوئی اُس کی مجھہ تک خبر لاویگا تو جواہر کے پر پاویگا ۔ یہہ سنکر ہر چہار طرف وے دوڑے اور دن رات اُس کی تلاش میں پھرنے لگے کہ ناگہاں ایک دیوکا اُس کوہ پر گذر ہوا جہاں وہ خستہ زار قید تھا ۔ از بسکہ وہ اپنی تنہائی سے اور یار کی جدائی سے آٹھوں پہر زار روتا تھا ۔ دیو کے بھی کان میں ایک صدائے درد ناک پہنچی تب اُنے کہا کہ کچھہ نہیں اُس کا سُراغ ملتا ہی بس یہیں ٹھہریئے اور کسی طرح دریافت کیجیے ۔ غرض وے چوکی کے دیو ہوشیار بیٹھے تھے ۔ اُن سے پوچھنے لگا کہ یہہ آواز حزیں کسی انسان کی اِس کوہ سے کیوں آتی ہی ؟ کہا اُنہوں نے کہ ماہ رخ پری نے ایک جوان کو اِس میں قید کیا ہی ۔ وہ رو رو تڑپھہ رہا ہی جب اِس بات کو تحقیق کر چکا اور اِس پیغام کو پایا ۔ فیروز شاہ کے حضور میں آکر آداب بجا لایا اور جو کچھہ سُنا تھا

اُس سے عرض کیا۔ بعد اِس کے کہ لگے لگنے کہ جو کچھ زبانِ مبارک سے اِرشاد کیا تھا وہ غلام کو دِلوایئے اور جس چیز کا اُمیدوار کیا تھا اُسے عنایت فرمایئے ا شہزادے نے موافق معمول کے جواہر کے دو پر اُس کے بازوؤں میں لگا دیئے پھر ماہ رُخ پری کو عتاب سے یہہ پیغام بھیجا کہ تو کیوں زِندگی سے ایسی تنگ آئی ہی اور جانِ شیریں سے اُکتائی جو اپنی شرم و حیا کھوئی اور ایک آدم زاد پر عاشق ہوئی۔ سچ بتا کہ اُسے کس قید خانے میں بند کیا ہی اور کس کوٹھی میں چھپایا ہی؟ اگر تیری بات کھول دوں تو تیرا حال کیا ہو اور نازل تجھ پر کیسی بلا ہو! اگر جان پیاری ہی تجھ کو تو اِس بات سے باز آ نہیں تو اپنے کیے کی سزا پائیگی۔ تیرے پرستان کو پھونک دونگا اور تجھ پر اَنگارے برساؤنگا

تِرا رنگ غیرت سے اُڑتا نہیں تُجھے کیا پریزاد جُڑتا نہیں

تو ہما را خوف و خطر بھول گئی جو بے دھڑک اِنسان پر نظر کرنے لگی ا بھلا چاہتی ہی تو جلد کوٹھی سے اُسے نِکال اور اِس بات کو لعل میں مت ڈال اور آیندہ قسم کھا کہ پھر اُس کا نام کبھی نہ لونگی اور بار دیگر تلاش نہ کرونگی۔ اِلّا پھر تیری جان نہیں جب اُس کو یہہ فرمان بادشاہ زادے کا پہنچا۔ خوف سے تھر تھر کانپی اور یوں کہنے لگی کہ مجھ سے تقصیر ہوئی۔ معاف کیجیے جو کہیے چاہے اُس کو لیجاے میں اُس کی لاکو نہیں اگر پھر ایسی حرکت کروں تو مجھے جلا دیجیئے لیکن اِتنا اِحسان مجھ پر کرو کہ پرستان میں کہیں اِس کا چرچا نہ ہو اگر میرے باپ کو اِس امر کی خبر ہوئی تو پھر میں نہ اِدھر کی ہونگی نہ اُدھر کی جب فیروز شاہ کو یہہ جواب پہنچا۔ فی الفور جس طرف وہ کواں تھا۔ اُس طرف کو روانہ

ہوا عرصہ قریب میں وہاں جا پہنچا اور رفیقوں کو حکم کیا کہ یہہ پتھر کسی طرح اِس پرسے سر-
کے تو ایک پہاڑ چھاتی سے تلے اوے البرز سے جو کتنے دیو کھڑے تھے - فی الفور اُنھوں نے اُس
سنگِ گراں کو مثلِ کاہ اُٹھا کر پھینک دیا

وہ بادل سا سرکا جو اُس چاہ سے تو ایک نور چمکا شبِ ماہ سے

اُس کوئیں کے اندھیرے میں نظر آیا اُس کا تن یوں - جیسے کالے کے مُنہ میں من نظر آتا
ہی اُس منہارے جی ہارے کو جو فیروز شاہ نے دیکھا دونوں کو کہا - ہاں نکالو اِسے
پر اِس طرح سے کہ اِتنا بھی صدمہ اُس کے بدن کو نہ پہنچے جیسے جھونکے سے نسیم کے گُل کو
تم کو اُس کی اِحتیاط پُر ضرور ہی - اُس کو ایسا سمجھو جیسے اپنی پُتلی کا نور

قدح بھر کے دے ساقیِ باتمیز کوئیں سے نکلتا ہی یوسُف عزیز

گُلابی چمکتی دِلادے مُجھے سہاں ایک تازہ سُنادے مُجھے

گئے دن خزاں کے پھر آئی بہار مے لالہ گوں سے دِکھا لالہ زار

نجات پانی بے نظیر کی کوئیں سے اور آنا نجم النّسا کے پاس

القصّہ ایک دیو کوئیں میں اُترا اور شہ زادے کو یوں نکال لایا جیسے خضر آبِ حیات کو
ظُلمات سے - وہ روشن بیان اُس اندھیرے کوئیں سے یوں نکلا جس طرح حرفوں سے معانی

وہ جیتا تو نکلا ولے اِس طرح کہ بیمار غوغے میں جس طرح

بس اوپر آئے کا تھا اُس کو غم کہے تو کہ بھرتا تھا اوپر کا دم

بدن سر تا پا خاک سے آلودہ تھا - ایسا نکلا جیسے گرا ہوا پتلا

نہ آنکھوں میں طاقت نہ تن میں تواں کہ جوں خشک ہو نرگس بوستاں

وہ جسم گلفام اُس کا پیلا ہو گیا تھا اور گلے کا سبز جوڑا نیلا اور سنبل سے اُس کے بال لاغری سے بدن کی ہو گئے تھے وبال۔

فقط پوست باقی تھا یا استخواں نہ تھا خون کا رنگ بھی درمیاں

بدن خشک و زرد اِس طرح تھا وہ گل خزاں دیدہ ہو جس طرح برگ گل

وہ ناخن اُس کے (جو مثل ہلال تھے) اِتنے بڑھے تھے کہ بد ہو گئے

بدن سے رگوں کی تھی ایسی نمود کہ اُلجھا ہو جوں ریسمان کبود

یہہ خستہ احوال دیکھہ کر اُس کا فیروز شاہ آبدیدہ ہوا اور اُسے اپنے تخت پر لٹا کر وہاں لے آیا جہاں جوگن رہتی تھی۔ پھر اُسے تخت سمیت ایک حجرہ چھپا دالا اور جوگن کے پاس آکر کہا۔ ای نجم النسا!

چل اب تو کہ میں اُس کو لایا یہاں یہہ سنتے ہی گھبرا کہ بولی کہاں

اُس کے نام کی ازبسکہ وہ دیوانی تھی بے اختیار ہو کر ایسی دوڑی کہ سر پاؤں کی سدھہ نہ رہی اور یہی کہتی جاتی تھی کہ کہاں ہی وہ مجھے بتاؤ۔ ذرا اُس کی صورت جلد دکھاؤ۔ فیروز شاہ نے اُس کی یہہ گھبراہٹ دیکھ کر کہا کہ تک سنبھل کر چلو۔ ایسا نہ ہو کہ کہیں شادی میں غم ہو۔

یہہ کہہ اور لے ہاتھہ میں اُس کا ہاتھہ لے آیا وہ جوگن کو وہاں ساتھہ ساتھہ

پھر آپ اُسی تخت پر بیٹھا اور کہنے لگا ایک ذرہ غور سے دیکھہ

جسے ڈھونڈھتی تھی تو یہہ ہی وہی کہا ہاں وہ یہی ہی یہی

یہہ کہکر اُس تختہ کے پاس آئی اور کہنے لگی ای پریزاد! تو اُنھکر کیا ہے ہو کہ میں اِس تخت کے آس پاس پھروں اور دل کھول کھول اِس کی بلائیں لوں تب فیروز شاہ نے مُسکرکر کہا ہزار حیف کہ تو اِس بات پر میرے صدقے نہ ہو

کہا اُس نے تب اپنی چوٹی دکھا ۔۔۔ ارے دیو تو کیوں دیوانہ ہوا

غرض وہ پری زاد اُچکے اُترا اور ایک طرف کھڑا ہوا تب نجم النسا اُس کے گرد پھرنے لگی اور بلائیں لے لے پاؤں پر گرنے پھرے اِختیار کلے لگ کر رونے لگی اور تن من سے نثار اُس پر ہونے اِس حالت میں آنکھ اُٹھاکر بے نظیر نے جو دیکھا تو پہچانا کہ نجم النسا ہی گھبراکر کہنے لگا کہ تو یہاں کہاں اور یہہ جوگ کیسا تم نار نہیں نر ہو اور لباس ایسا؟ وہ بولی کہ تیرے غم نے مجھے ایسا دیوانہ کیا کہ اپنوں سے بیگانہ کیا پھر بغلیں کھول یہہ آپس میں ملے اور متصل دیر تلک روتے کیے ا بعد اِس کے اپنی سرگذشت بیان کرنے لگے اور آنکھوں کو آنسوؤں سے بھرنے لگے ندان اپنے اور شہزادے کے ملنے کے وقت تلک جو کچھہ کہ احوال گذرا تھا کہا ا ے یا تیں سُنکر بے نظیر پہلے تو غمناک ہوا اور آخر کو خوش

ایک دن تو وہیں رہے اور دوسرے دن قریب شام کے فیروز شاہ اور بے نظیر معہ نجم النسا تخت پر سوار ہوکر معبود شاہ کے مُلک کی طرف روانہ ہوئے اور ایک آن میں بدیع منیر کے باغ میں آ اُترے ا غرض نجم النسا اُن کو چھوڑ اکیلی جہاں بادشاہزادی سوگ میں بیٹھی تھی وہیں آئی اور یکایک بیتابانہ اُس کے پاؤں پر گر پڑی ا شہزادی دنگا بکا ہوکر جھجھکی اور ڈری ا آخر غور سے جو دیکھا تو معلوم کیا کہ یہہ وہی مجھہ پر وکن کے جوگن ہوئی تھی یہہ وہی ہے

ظرپس کہ اِشتیاق اُس وقت غالب تھا کہنے لگی ہاے نجم النسا! توھی میری جان ہے میں تیرے
کئی قربان! مجھے تیرے ملنے کی مطلق آس نہ تھی ہے بلکہ اپنے جینے کی یاس تھی! ہرچند
بادشاہزادی نے چاھا کہ ھوے کھری ہے پر مارے ناتوانی کے کھرے ھوتے کھری

کہا بارِ غم سے اِفاقت نہیں اری کیا کروں مجھہ میں طاقت نہیں

تب تو نجم النسا بلائیں لیکر اُس کے تصدّق ھوئی اور شہزادی کا حال دیکھا تو آگے سے بھی
بدتر پایا نہ وہ چہرے پر آب و تاب رھی ہے نہ وہ تن پوتر و تازگی! پھر باغ پر جو نگاہ کی بے رونق
نظر آیا ہے آب جوؤں کو سوکھا پایا! گل و غنچے ھوے ھیں پایمال سے ہے تمام نونہال نظر آتے
ھیں نِدھال سے! چمن یکلخت اُجڑے پڑے ھیں ہے درخت جہاں تہاں سے کھڑے ھیں اور
محل کو دیکھا اُجڑا سا گھر ہے ٹوٹے ھوے اُس کے دیوار و در! خواصیں نازنیں جو اُس کی خدمت
میں تھیں سو مینھ کی چھینٹی ماری ماری پھرتی ھیں کہیں کی کہیں! کنگھی چوٹی کسی کی درست نہیں
ھر ایک کے منہ پر اُداسی چھا رھی ھے ہے چالاکیوں کے بدلے سستی آگئی ھے! دھنک بگڑ گیا ھے
رنگ اُڑ گیا ھے نہ آپس میں وے چہلیں ھیں نہ وے چہچہے ہے نہ گانا بجانا ناچنا نہ وے قہقہے!
درد و غم سے ھر ایک بیقرار ناتوانی سے جو ھے سو زار و نزار! بادشاہزادی کی بیقراری سے ھر دم
اپنی جانیں کھوتی ھیں اور اُٹھتے بیٹھتے آھیں بھر بھر کے روتی ھیں

جو خود ھی تو حیران ھی بیہار سی کہ جوں زرد شیشے کی ھو آرسی

نہ تاب و تواں اور نہ ھوش و حواس ضعیف و نحیف و پریشاں اُداس

یہہ احوال دیکھہ کر نجم النسا شمع کی مانند رونے لگی کہ ایک بار کی محل میں اُس کے آنے کی

دھوم پڑگئی ا اُس کے گِرد لوگوں کی بھیڑ ہوگئی مُبارک سلامت کی آواز بلند ہوئی کوئی خوشی سے یہ رنگِ غنچہ کِھلنے لگی = کوئی بے اِختیاری سے دوڑ دوڑ کر اُس سے مِلنے ا کوئی صدقے کے واسطے تکے لے آئی = کسی نے سر سے اُس کے نوتی چھوائی ا کوئی گھر سے کوئی باھر سے = کوئی اِدھر سے کوئی اُدھر سے آئی اور حقیقت اُس سے پوچھنے لگی

ھوا سر پر اُس کے نہ بس اِزدحام لگی کرنے گھبرا کے سب کو سلام

کہا بی بی کل کہو لگی میں حال کہ اب راہ کی ماندگی ھی کمال

جب وہ انبوہ سرکا تب اُس نے شہزادی سے عرض کیا کہ ذرا اِدھر تشریف لائیے اور مکانِ تنہا میں چل کر آرام فرمائیے پر اِشارے سے جتایا کہ مُجھے تُم سے کُچھ کہنا ضرور ھی اور اُس کا یہاں کہنا آئین سے دور ھی

گئی جب کہ خلوت میں بدرِ مُنیر کہا لے میں لگی ترا ہے نظیر

یہہ سُنکر ایک دم تو حیرت سے وہ ایسی غوطہ میں گئی کہ سُدھ بُدھ اپنی کُچھہ نہ رھی = پھر تک ایک چپتی تو تعجب سے پوچھنے لگی کہ یہہ بات سچ ھی یا مُجھہ سے چھیڑ کرتی ھی

کہا مُجھہ کو سوگند اِس جان کی غلط کہنے والی میں قربان کی

یعنی خوشی کی خبر کو یک بیک نہیں کہتے کہ مبادا سُرور کی زیادتی سے حال کُچھہ نوعِ دیگر ھو۔ اُس واسطے میں نے دھیل کی پھر شاہزادی نے پوچھا کہ کس طرح سے اُسے لائی اور وہ کہاں تھا اور تُجھہ پر کیا کیا حادثہ گُذرا؟ تب اُس نے اپنی سرگُذشت اور شہزادے کی بیان کی اِتنہ سُنکر پوچھا کہ وہ ھی کہاں جلد بتا؟ بولی کہ اُنہیں درختوں میں ھی اور مُسکرا کر یہہ شعر پڑھا

ترا جاکے قیدي چھڑالائي ہوں پرائک اور بندھوا اُرا لائي ہوں

پر عجب نیک وقت میں تجھہ سے جُدا ہوئي تھي کہ تیرے دلبر کو تجھہ سے لاکر ملادیا - مگر میري بھي آزادگي تیرے کارن نہ رہي کہ ناحق ایک دامِ بلا میں پھنسي ! اگر تیري مرضي ہو تو شہزادے کو میں لے آؤں اور پري زاد کو ہوا بتاؤں

یہہ سُن شاہزادي ہنسي کھلکھلا کہا کہوں اُرا تي ہي نجم النسا

اري ایک ہي تو بري قہر ہي کہیں ہي تو اِمرت کہیں زہر ہي

بس چُپ چلے اب زیادہ نہ کر اور بک بک سے میرا مغز نہ پھرا - کہیں جلدي جاکر اُن دونوں کو لے آ کہنے لگي بہت بہتر لیکن تم بغیر شاہزادے بے نظیر کے کہے اُس پري زاد کے روبرو ہوگي تب شہزادي نے کہا وہ ایسا نادان نہیں - میرا تیرا ربط خوب جانتا ہي - کس طرح سے میرے تئیں اجازت نہ دیگا لیکن اگر تیرے دل میں وسواس ہي تو اُس سے یہہ پوچھہ لے کہ شہزادي فیروزشاہ کے روبرو ہوئي یا نہ ہوئي یہ باتیں سُنکر نجم النسا جلدي گئي اور اُن کو چھپے چھپے لاکر خلوت کے قدیمي مکان میں بٹھایا پھر شہزادے بے نظیر سے عرض کیا کہ اگر آپ کي مرضي ہو تو شہزادي فیروزشاہ کے سامہنے ہووے - نہیں تو نہیں ! اُس نے کہا کہ تجھہ کو کچھہ خبر ہي نجم النسا ! کہیں بھائي بہن میں بھي پردہ ہوا ہي اور سوائے اِس کے مجھہ میں اور اِس میں بھي کسي طرح کا حجاب نہیں ہے دو ایک ہیں مغایرت کسي طرح کي نہیں

مري جان و مال اُس پہ قربان ہي کہ اُس کے سبب سے مري جان ہي

ترا وہ تو ہمدم ہي دن رات کا مجھہ اُس سے پردہ ہي کس بات کا

مرے منہ سے ساقي ملا دے شراب کہ ملتے ہيں پھر وہ مہ و آفتاب

يا نا بے نظير کا بدر منير کے ساتھ اور فيروز شاہ کے روبرو ہونا بدر منير کا

وہ پردہ نشين يہ باتيں سنکر وہاں سے بيتابانہ چلي آئي اور حيا سے نيچي آنکھيں کرکے بيٹھ گئي ! صورت اُس کي ديکھکر ايک حالت بيخودي شہزادے کو بھي ہوگئي سو پھر کچھ ايک دير کے بعد آپس ميں دونوں چار ہوئے تب آنکھوں نے ہر ايک کي لعل و گوہر نثار کئے ! ايک کا چشم خون تھي اور ايک کي پرنم ! اِس کو اُس کا غم تھا اور اُس کو اِس کا غم ! نہ وہ رشک و رقابت بدر منير کا تھا نہ وہ احوال بے نظير کا ! وہ شکل چہرہ زرد ہوگئي تھي اور نہ وہ زار و نزار ملے آپس ميں اِس طرح جيسے بيمار سے بيمار ! ندان منہ پر رومال رکھکر شہزادہ بے اختيار زار زار رونے لگا اور اپنا منہ آب اشک سے دھونے

وہ مجروح دل تھي جو بدر منير لگي کھينچنے دل سے آہوں کے تير

ندان آنکھوں ميں آنسو بھر لائي اور رو رو کر جيب و آستين بھگائي ! غرض اُس وقت کي عجب صحبت تھي کہ ہر ايک بے اختياري کي حالت تھي

ہر ہر غم کي باتيں جو آدھياں پھر روئے کہ لگ لگ گئيں ہچکياں

غرض اِسي طرح دير تلک رو باکئے اور جدائي کے داغوں کو دھويا کئے

سکھايا يہ تيرے داغ بس بيشمار تو آنکھوں سے اُن کي دکھائي بہار

اِتنے ميں نجم السما کہنے لگي اي بادشاہ زادي ! کيا قہر کرتي ہو بس زيادہ ايتي اِس کو اُلفت نہ جتاؤ اور چاہت نہ دکھاؤ کہ تيرے واسطے کم روتا ہے کہ اِن حرکتوں سے اُس کے غم کو بڑھاتي ہو اور

صبر و شکیبائی کو کہتا تی ہی اِس کے بدن میں تک ایک تاب طاقت آنے دے بس اب اِس ذکر کو جانے دے

یہہ مُردا سا لائی تھی میں اِس لیئے — کہ دیکھے سے تیرے شتابی جیئے

وہاں میں نے اُس کی نہیں کی دوا — کہ ہی خانۂ یار دارُالشّفا

لے آئی ہی اِس کو محبّت کی دُھن — جیا ہی یہہ اب تیرے ملنے کی سُن

جلد اِس کو اپنے وصل کی دارو بلا اور نیم جان مُردے کو پھر کر جِلا اب کُچھہ آپس میں خوشی کی باتیں کرو گذشتہ کو بھول جاؤ خدا تُمھیں پھر نہ رولاوے اور جُدائی کبھو خواب میں بھی نہ دکھاوے یہہ بات خوشنما نہیں کہ دو بچھڑے ہوئے جو آپس میں ملیں تو مُنہہ سُجائے اَلگ تھلگ بیٹھے رہیں نجم النسا کی یہہ گفتگو سُنکے سب غُنچہ دہن مانند گُل کے کھلکھلا کر ہنس پڑے - پھر تو باہم شروع ہوگئے رویّے اِختلاط کے اور ہر ایک کے دل سے اُبھرنے لگے طریقے عیش و نشاط کے کہ آدھی رات بیچ - شہزادی نے خاصہ یاد فرمایا خوبصورت خوبصورت بکاولنیاں جگمگاتی پوشاکیں پہنے ہوئے جواہر نگار خوانوں میں اقسام کا خاصہ لگا کر اور کسنوں سے کس اُنہہ پر توڑے پوش باندھے اور زربفت کے ڈال کر بھلی بسنت پھولوں کے سروں پر دھرواکر سونے روپے کی دستیاں چمکتی بنھایا ہاتھوں کے ہاتھہ میں روشن کروالائیں اور نعمت خانے میں دسترخوان زربفت کا بچھانا اِس سلیقے سے چُنا کہ دسترخوان پر گُلزار بنا دیا اور عالم بہار کا دکھا دیا اُن کی لذّت کا بیان کیوں کر ہو سکے کہ منہ اُن سے ہونٹہہ بند ہوتے ہیں اور نمکینی سے اُن کی زبان چٹکارے لیتی ہی پھر بادشاہزادی سے عرض کی کہ خاصہ چُنا گیا تب شہزادی شہزادۂ بے نظیر و فیروزشاہ اور نجم النسا سمیت نعمت خانے میں آکر دسترخوان پر بیٹھے - چہلوں سے اور خوشیوں سے خاصہ نوش

فرمایا بعد اُس کے جڑاؤ پاندان عطردان اور چنگیر کہ اُن میں اقسام اقسام کے عطر اور جڑاؤ پکا ہوا
توں کے بیڑے اور کنارہوں کے گلوبند ہار تھے حضور میں لاکر رکھے۔ دراپکنے کپڑے پہنے
پھر شہزادی اور شہزادہ بے نظیر نجم النسا اور فیروز شاہ اپنی اپنی خوابگاہ میں گئے

اُٹھائے تھے جو جو کہ رنج و ملال ہوئے اِس مزے میں وہ خواب و خیال

غرض جب شاہزادہ اور شاہزادی پلنگ پر لیٹے تب شہزادہ اپنی سرگذشت یوں کہنے لگا کہ ایک اندھیرے
کوئیں میں قید تھا اور اِس قدر رویا کرتا کہ اکثر اوقات میرا جی ڈوب جاتا۔ کبھی گھبراتا تو مثل
جرس فریاد کرتا پر کوئی میری فریاد کو نہ پہنچتا وہ اندھیرا کواں ایک مدت میرا گھر رہا اور
شیشہ میری چھاتی پر ایک غم کا پہاڑ تھا۔ مجھ کو وہاں سے نکلنے کی یاس تھی بلکہ اپنے جینے
اور تجھ سے ملنے کی بھی آس نہ تھی۔ عجب دکھوں سے تیری دوری میں زیست کرتا تھا۔ زندگانی
میں بھی ہر روز مرتا تھا۔ خدا نے ہی تجھ سے جیتے جی ملایا کوئی تیرے مُردے کو پھر جلایا تب
شہزادی نے رو کر یہہ جواب دیا کہ میرا بھی احوال اِس سے بدتر تھا چنانچہ ایک رات جو روتے
روتے تیرے دھیان میں سو گئی تو کیا دیکھتی ہوں کہ ایک جنگل و بیابان خار و درخت سنسان
ہے اور ایک کواں۔ ہاں نہایت تاریک ہے۔ اُس میں سے یہہ آواز آتی ہے کہ ای بدبخت منیرا دیکھ
تو کہ یہیں قید ہے بے نظیر۔ میں نے ہرچند چاہا کہ تجھ سے بات کروں لیکن بیقراری کے مارے
میری آنکھیں کھل گئیں۔ اُس وقت میرے دل پر عجب قلق گذرا اور دل بیقرار نہایت تڑپا
قریب تھا کہ جگر پھٹ جائے اور دم تن سے باہر نکل آئے۔ یقین جان کہ جو دکھ تجھے پہنچتا
تھا اُس کا صدمہ میرے بھی دل پر گذرتا تھا۔ مگر عمر میں کچھ باقی تھی کہ بچتی رہی

اُسي دن سے يہہ حال پہنچا مرا کہ مرتي رہي نام لے لے ترا

گو بہ ظاہر تيرے حال سے کوئي خبر نہ ديتا تھا ليکن ميں دل کي لاگ سے آٹھہ پہر دريافت کرتي تھي اور تھندي تھندي سانسيں بھرتي تھي اجو جو تو صبح و شام سہتا تھا ۔ اُن کا صدمہ ميرے دل پر رہتا تھا ۔ کسي سے اپنا درد نہاں نہ کہتي تھي ۔ شمع کي مانند جلتي ہي رہتي تھي

عجب طرح سے زيست کرتي تھي ميں پر اُس زندگاني سے مرتي تھي ميں

اِسي غم ميں رہتي تھي ليل و نہار نہ کيوں کر ملا ويسا پروردگار

قصہ کوتاہ نجم النسا ميري حالت ديکھہ کر جو کُچھہ کا بيس کر کے نکلي اور تُجھہ سے کس تکدو سے ملي

پھر آگے تو معلوم ہي تُم کو سب کہ ہم تُم ملے پھر اُسي کے سبب

يہہ واردات آپس ميں اپني اپني کہہ کر بے اختيار روئے ۔ آرام سے وے ايک دم بھي نہ سوئے ۔ الصبح کہ بچھڑے ہوؤں کي مُلاقات کي رات باتوں ہيں ميں جاتي ہي اور صُبح تلک دونوں کو رولاتي ہي

جو ملتے ہيں بچھڑے ہوئے ايک جا اُنہيں نيند باتوں ميں آتي ہي کيا

پري زاد و نجم النسا وہاں جُدے اَلَک اپني باتوں ميں سرگرم تھے

کتي رات حرف و حکايات ميں سحر ہو گئي بات کي بات ميں

شبِ وصل کي جو سحر ہو گئي تو سوتوں کو گويا خبر ہو گئي

وہيں صُبح کي سُفيد نقاب مُہہ پر ڈال کر مہتاب چھپ گيا اور آفتاب نے شرابِ شفق کا جام بھر صُبوحي کشوں کو خواب غفلت سے جگا ديا

ہوا چشم وا جب وہ مژگاں دراز سفید و سیہ میں ہوا امتیاز

خوابگاہ سے وہ مہر و ماہ اور مشتری و زہرہ نکلے - ہر ایک نے حمام کر پوشاک و لباس پہنا اور بناؤ سنگار کیا نئے سر سے عالم بہار کا دکھایا - اُس غمکدے کو پھر کر گلزار عیش بنایا وہ نجم النساء جو کن بنی تھی - نہا دھو کر نکلی - اِس آن سے جیسے الماس نکلتا ہی کان سے

تہائے سے نکلا عجب اُس کا روپ نکل آئے بدلی سے جس طرح دھوپ

لیکن عاشق کے دل جلانے کو لاہی کا ایک لال جوڑا پہنا - سنہری تہامی کی سنجاف کا اُس میں ایسا جھپکرا تھا - جیسے لال بادل میں بجلی کا - اُس بھبھوکا سی پوشاک میں مکھڑے کا رنگ ایسا جھلکتا تھا جیسے شعلہ آگ کا بھڑکتا ہی

نکیلی وہ اُتھی ہوئی چھاتیاں بھریں اپنے جوبن میں اِتراتیاں

نلاہت وہ بھتنی کی یوں تھی نمود کہ جوں سرخ چہرے پہ خال کبود

گلے کی صفائی و کُرتی کا چاک ترائے کی انگیا کسی تھیک تھاک

اور اُس میں وہ نارنگی سی کُچیں لال لال - ایسی نمایاں جیسے قمقموں میں گلال یا آفتاب و مہتاب نقاب سرخ میں جلوہ لے رہے ہیں اور دلوں کو آتش شوق سے داغ دے رہے ہیں

بنت کرد کیوں کر نہ اُن کے پھرے کہ وہاں کو کھرو لہر کھا کر مرے

وہ کنگھی لہنچی اور وہ ابرو کھنچی ہر ایک اینتھہ میں اپنی ہر سو کھنچی

کھجوری وہ چوٹی زری کا مُباف کہ جوں درد کے بعد شعلہ ہو صاف

مرصع اُس نے لیا جو لباس ہوا آنے لگی خون کی اُس سے پلس

جب اِس طرح سے اپنے تئیں وہ رشکِ حور سچ سچا یہ صد نازِ ادا فیروز شاہ کے سامنے چمکتی ہوئی آئی۔ وہ پری زاد بیچارہ دیوانہ تو ہو ہی رہا تھا۔ جان سے بھی جانے لگا۔ لوگوں کی حیا سے ظاہر میں تو صدقے نہ ہوا پر دل ہی دل میں اُس کی بلائیں لیا کیا۔ غرض خوشی سے اُن کی اوقات گذرنے لگی۔ دن تو عید تھا اُن کو اور رات شبِ برات تھی۔ نت نئے تحفے ہی رہتے اور آپس میں اپنا اپنا رازِ دل کہتے

خوشی سے ہوئے بسکہ سرسبز دل لگے سبزیاں بننے آپس میں مل

غیا فتنیں باہم چرچوں سے اور خوش فعلیوں سے کھانے لگے۔ وہ غم کھانے اُن کے آخر تھکانے لگے۔ چھپے چھپے عیش و عشرت کرتے تھے لیکن غیروں کے چرچوں سے ڈرتے اگرچہ ہر ایک کا وصل سے دل شاد تھا پر ہجر کا تہلکہ بھی سب کو یاد تھا۔ القصہ ایک دن کا مذکور ہے کہ بے نظیر نے فیروز شاہ سے کہا کہ کہاں تلک چھپے چھپے اوقات بسر کیجیے۔ اِس سے بہتر یہ ہے کہ کسی مُلک کی طرف جانکا داشت کر کے فوجیں جنگی بنائیے اور اسباب لڑائی کا درست کر پھر اِسی سمت آئیے اور مسعود شاہ سے درخواست بیاہ کی کیجیے۔ اِس واسطے کہ اِس طور کے عیش و عشرت سے جیسا کہ چاہیے ویسا مزا نہیں اُٹھتا۔ کیوں کہ کھٹکا اِس بات کے کُھل جانے کا دل پر رہتا ہے۔ غضب ہے کہ اِن صعوبتوں سے بار دیگر مُلاقات ہوئی لیکن اِفشائے راز کی دہشت ویسی ہی ہے۔ پھر اِس طرح کے وصل سے کب جی بھرا اور کیا مزا اُٹھا جب یہہ بات ٹھہری تب بدرِ منیر اور نجم النسا کو کہا کہ تُم اپنے اپنے ماں باپ کی خدمت میں جا کر حاضر ہو اور ہم کسی طرف اِس اِرادے پر جاتے ہیں اگر نصیبوں نے یاری کی تو مُقدمہ یکسو کر کے مُلاقاتیں بخوبی کریں گے اور تمام عُمر عیش و عشرت

میں بیدھڑکے رہینگے ! یہہ سُنکر بدرِ منیر نے بادشاہ سے عرض کر بھیجی کہ لڑنے کا جی چاہتا ہی آپ کے قدم دیکھے ! غرض اِس بہانے سے اپنے اپنے باپ کے گھر گئیں ! بے نظیر اور فیروز شاہ نے بھی کسی طرف جاکر بہت سی فوج رکھی اور سلطنت کا تھا تھہ لڑائی کا اسباب بناکر نہایت چالاکی وچستی سے سراندیپ کی طرف کوچ کیا ! چند روز کے عرصے میں اُس مُلک کی سرحد کے پاس آن پہنچے اور وہیں خیمہ کیا ! بعد اُس کے مسعود شاہ کو یہہ نامہ لکھا

ای شاہِ شاہاں واِفتخارِ جم ! ای فریدوں مثال وسکندر حشم ! مُراد دینے والے جہان کے اور جہان کی مُراد ! ای والا مرتبت عالی نژاد ! سرتاجِ شجاعانِ زمان - رستمِ دلحاتم دوران ! میں ایک مہمانِ غریب تیرے شہر کے قریب وارد ہوں اور میرے نصیب مجھہ کو یہاں تلک لائے ہیں ! نوازشِ شاہانہ سے بعید نہیں جو میرے حال پر کرم کیجے اور اپنی غُلامی میں لیجے کہ یہہ رسم سب بادشاہوں میں جاری ہی اور آفرینشِ وعادتِ جہان یوں ہیں ہی ! میرا حسب ونسب بھی جہان پر روشن ہی کہ میں بادشاہ زادہ ہوں اور نام میرا بے نظیر ہی ! یہہ کچھہ لاولشکر میرے ساتھہ ہی اور بڑے بڑے مُلک میرے تحتِ فرمان میں ہیں اگر مرضیِ شریف آپ کی برعکس اِس کے ہی تو مجھے اپنا حریف سمجھیگا اور وہیں پہنچا جانیگا زیادہ حدِ ادب جب نامہ مسعود شاہ کو ایلچی نے پہنچایا اور وہ اُس کے مضمون سے مُطلع ہوا تب سوچا کہ اگر لڑائی ہوگی تو بری ہوگی اور فتح وشکست اِختیارِ خدا کے ہی - خدا جانے کہ کسکی ہوا زمانے کی راہ ورسم یہی ہی کہ مُلوک وسلاطین میں باہم نسبتیں ہوتی ہیں - یہہ بات معیوب نہیں

بعد اِس کے یہہ جواب لکھا کہ پس از حمد وثنائے اِلٰہی ونعت رسالت پناہی کے واضح ہو کہ نامہ

تمہارا پہنچا اور مضمون مندرجہ اُس کا معلوم ہوا واقعی کہ شرع میں مضایقہ نہیں اور عرف میں بھی عیب نہیں - اِس سبب سے مجبور ہی ورنہ کچھہ تمہارے جاہ وحشم سے اور شان وشوکت سے اور کثرتِ لشکر سے خطر نہیں اگر ارادہ اپنا ہو تو لڑنا کتنی بات ہی ابھی تم لڑکے ہو لڑائیوں کے طور کو جانتے نہیں - اِتنا کھہنڈ اور غرور کرنا یہہ سبب ناکردہ کاری کے ہی

کسی پاس دولت یہہ رہتی نہیں ۔ صدا ناؤ کاغذ کی بہتی نہیں

اور بسکہ مجھہ کو پاسِ شرع ہی اِس واسطے اِس امر کو قبول کیا

خلافِ پیمبر کسے رہ گزید ۔ کہ ہرگز بہ منزل نخواہد رسید

کوئی اچھی تدبیر تمہارے اور میرے اندیشہ میں آئے - تمہارا گھر ہی زیادہ والسّلام

پھر اُس کو لفافہ کرکے ایلچی کو دیا اور خلعت عنایت کر رخصت کیا یہہ خوشی کی خبر ہر چہار طرف پہنچی اور جا بجا مشہور ہوئی

القصّہ شہزادے نے جو اِس جواب باصواب کو پڑھا - نہایت شاداں وخنداں ہوا - کوچ اُس کے وہاں عید ہوئی اور وہیں جلدی سے کوچ کرکے متّصل شہر کے پہنچکر لشکر کتیں چھاؤنی کا حکم فرمایا اور آپ جو عشرتکدہ کہ مسعود شاہ نے معیّن کیا تھا اُس میں جا اُترا بعد اِس کے بادشاہ کے بہ موجبِ حکم اکثر امیرزادیاں اور وزیرزادیاں شہزادے کے گھر مہمان آئیں - محل میں مجلس بیاہ کی رچی اور دھوم شادی کی مچی ادھر بادشاہزادے نے بھی اُسی دن سے جشن شروع کیا - غم سے دل اُس کا تنگ ہو رہا تھا کھل گیا اور اُسی دن سے راگ

رنگ شروع ہوا۔ دونوں طرف شادی کی تیاریاں ہونے لگیں اور چہلیں مچ گئیں

بلا شگنیوں کو بتا سال و سن — مقرر کیا نیک ساعت سے دن

کدھر ہی تو ای ساقیِ گلبدن — دھری آج اس شمع رو کی لگن

بلا مصریانِ خوش آواز کو — کہ آویں لئے اپنے سب ساز کو

وہ اسباب شادی کا تیار ہو — مکرر نہ پھر جس کی تکرار ہو

داستان بے نظیر اور بدر منیر کے بیاہ کی

جب شادی کا روز معین آپہنچا۔ فیروز شاہ نے کاربار یوں کو حکم کیا کہ ہر ایک مکان میں فرش پر تکلف بچھاویں اور قرینوں سے مسندیں زربفت اور بادلے کی لگاویں۔ اعطردان پاندان چوگھرے چنگیریں بہتایت سے تیار رکھیں اور روشنی بھی جا بجا بڑے تجمل سے کریں اور ارباب نشاط جہاں تلک کہ شہر میں ہیں۔ زرق برق کے لباس سے مجلس میں آکر حاضر رہیں اور جتنے امیر و امرا اور امتیازی ہیں۔ موافق اپنے حوصلے اور مرتبے کے پوشاکیں بھاری بھاری پہن کر بزم طرب میں آویں اور جتنے رسالہ دار جمعدار دفعہ دار وغیرہ بلکہ سب سوار اور پیادے رنگیں پوش ہو کر سواری کے وقت جلو میں حاضر ہووئیں۔

غرض شام کے وقت موافق حکم کے بزم آراستہ ہوئی۔ تب شاہزادۂ بے نظیر اور فیروز شاہ بھی پوشاکیں بدل جواہر سج سجا مسندوں پر مجلس میں آبیٹھے اور ناچ ہونے لگا۔ آدھی رات تلک یہی سماں بندھا رہا۔ پھر نہا دھو خلعت شاہانہ پہنا اور جواہرات نہایت پیش قیمت بہتایت سے زیب بدن کئے۔ ہار بدھی پھولوں کی گلے میں پہن سہرا موتیوں کے سر پر سجا

سر پر باندھا ہوا چھاؤنی سے اُتر کر محل کے باہر آیا اور ایک گھوڑے پر بیٹھ کر (کہ جس کی زین جڑاؤ تھی) بہ تجمل تمام سردار ہزاری زنانی سواریاں بھی ہونے لگیں اور پھر تو سواریوں کا غل پڑ گیا۔ سئیس گھوڑے دوڑا دوڑا لانے لگے اور مہاوت ہاتھیوں کو بتھیرا کسی نے کہا میری رتھ جلد لانا۔ کسی نے کہا میرا میانا منگانا۔ کوئی پالکی پر سوار ہوا اور پیادوں کی قطار اپنے آگے رکھ لی۔ کسی کو جو اس کثرت میں سواری جوڑا میسّر نہ ہوا۔ وہ مانگے تانگے کی سواری پر بیٹھ لیا۔ بھیڑ بھار کے سبب مونڈھے چھلنے لگے اور دھالیں قبضے کھڑکنے۔ شور و غل سے ہاتھی بھاگنے لگے اور گھوڑے بھڑکنے۔ مرسلوں کے ملائم ملائم تکوے اور دھوئسوں کی بلند صدائیں۔ اپنا اپنا سماں دکھاتی تھیں۔ وہ سہانی سہانی شہنائیوں کی دھنیں لے کر فلک کو خوش کیے جاتی تھیں۔ تمامی سے مندھے ہوئے ہزاروں تخت رواں اور جھپجھپاتی پوشاکوں سے خوبصورت خوبصورت کنچنیاں

وہ طبلوں کا بجنا وہ اُن کی صدا　　وہ گانا کہ اچھا بنا لا دلا

تو شہ کے گھوڑے کا چلنا تھرتھرا اور سنبھل سنبھل۔ دونوں طرف ہوتے ہوئے ایک اندازسے ہوا کے موربچھل از مرد و یاقوت کی فانوسیں اِدھر اُدھر۔ نور کے جلے جھمک رہے تھے جدھر ہر روشنی کے تھا تھ دوستہ ایسے تھے۔ جیسے چمن سونے کے پھولوں کے اترولیے روشنی کے جا بجا ہجوم اُن میں ہزاریوں کا خوشنما

ہوا دل جو روشن چراغان سے　　پڑھے شعر نوری کے دیوان سے

اور سوداگر والے طرح طرح کے سودے اپنے اپنے صدا سے بیچ رہے تھے۔ تماشائیوں کی کثرت

ایسی تھی جیسی چراغوں پر پتنگوں کی روشن چوکی والے کھوے کے آگے آگے اپنے طریقے سے بجاتے جاتے تھے اور اقسام اقسام کے باجے اپنے اپنے موقع اور اپنے اپنے چلن پر بج رہے تھے براتیوں کے گرد و پیش پرے کے پرے آہستہ آہستہ جاتے تھے پرے پرے روپے سونے کی جڑاؤ چھڑیاں لئے ہوئے نقیب اور چوبدار اہتمام کرتے جاتے تھے پکار پکار ان کے آگے خاص بردار مغرق غلافوں کی خاصیوں سمیت جاتے تھے قطار قطار آرائش کے تختوں کے پھول رنگ برنگ دکھلاتے تھے عجائب ہی رنگ دھنک آتشبازی کے دیو ایک طرف چھٹ رہے تھے اور ہاتھی آپس میں جٹ رہے تھے

وہ ابرک کی تتی وہ میتے کے جھار کہے تو کہ تنکے کی اوجھل بہار

تخت کوسوں تلک دورستہ برابر برابر کسی پر کنول اور کسی پر شجر شمع و چراغ سے ان میں یہ کیفیت ہوئی کہ نوباغ کے لالہ کی رنگت پھبکی پڑگئی ان کی قطار کی بہار ایسی تھی جیسے طلسمات کے باغ کی

انواروں کا دغنا پھچنپوں کا شور ستاروں کا چھتنا پتاخوں کا زور

مہتاب کی جوت چاندنی سے بہتر روشنی کے جھار نور کے بھاروں کے برابر

دھواں چھپ گیا نور میں نور ہو سیادی اڑی شب کی کافور ہو

زری پوش سردار ادھر ادھر بجلی کی طرح چمکتے ہوئے نظر آتے تھے اور اہل طرب اپنے جھمکڑے جدے ہی دکھلاتے تھے

کہے تو کہ نزدیک اور دور سے زمین و زماں بھر گیا نور سے

غرض جب برات دُلہن کے گھر پُہنچي تب پیشوا کے واسطے شہزادے امیر و زیر عُہدہ بھاري بھاري پوشاک و لباس سے آئے اور دولھہ کو بہ اِعزاز و اِکرام جہاں مجلسِ شادي آراستہ تھي لاکر بٹھایا ا ازبسکہ بہ کثرت لٹکتے جابجا روشن تھے - وہاں کي ہوا نسیم بہشت کي رشک تھي ا ہر ایک جا کہ بادلے کے خیمے بُلند بُلند کھڑے تھے ا جگمگاتے فرش تہامي کر اُن میں بچھے تھے ا شمعدانوں میں موم کا قوري کي بتیاں ایسي روشن تھیں کہ اُن کي سُفیدي سے سُفیدہ صُبح گرد تھا اور روشني کے آگے مہتاب خجالت سے زرد ا وہ چمک تھي بلوریں چھاروں کے نور کي کہ اُن کے آگے بے نور تھي روشني طور کي ا بسکہ انبوہ تھا تماشایوں کا - باہم مل گئے تھے بیگانہ و آشنا اور دولھہ کي مسند کے دائیں بائیں مُصاحب زري پوش برابر بیٹھے ایسے لگتے تھے جیسے چاند کے پاس تارے ا القصہ مجلس کے تجمّل کا بیان ہو نہیں سکتا کیوں کہ زبان قاصر ہے ا غرض ارباب نشاط میں سے ساز ملاکر ایک طایفہ مُجرے کو اُٹھا - جو نہیں سارنگي کا الاپ چھڑنے لگا وہیں اُس میں سے ایک چھوکري شوخي سے نکلي اور اپنا ہُنر جتانے لگي

اُٹھانا وہ ہاتھوں کا دے دے کے تال وہ بونتا سا قد اور وہ گھنگرو کي چال

کبھي تو بر ملا رقص کرنا رسے دکھاتي اور کبھي بجلي کي مانند لوٹ کر ہوا ہو جاتي ا اِدھر یہہ توڑت بھاؤ کا سبھاؤ دکھا رہي تھي - اُدھر نایکہ اوٹ میں اپنے تئیں بنا رہي تھي ا کبھي تو دو گھونٹ حُقّے کي لیتي اور کبھي پان چبا کر ہاتھ کي آرسي دیکھتي - کبھو آستین کا چاک اُلٹ دیتي ا کبھي مُسکرا کر انگیا دیکھ لیتي ا کبھو ناگہي سنوارتي - کاہے ابرو بناتي کبھو دراعي کي چوکي دکھا جاتي ا

اِدھر اُدھر رکھ کے کاندھے پہ ہاتھ　　چلے ناچتے آنا سنگت کے ساتھ

کبھو ناچنا اور گانا کبھی　　رجھانا کبھی اور لُبھانا کبھی

غرض ایک آن میں سیکڑوں ادائیں دکھاتی تھی اور اہلِ مجلس کے دلوں کو لُبھاتی تھی

وہ شادی کی مجلس وہ گانے کا رنگ　　وہ جی کی خوشی اور وہ دل کی ترنگ

وہ پھولوں کے گہنے کناری کے ہار　　وہ بیٹھی ہوئی رنڈیوں کی قطار

وہ بیڑوں کے پتّے پڑے ہر طرف　　غمِ دل جسے دیکھ ہو برطرف

الغرض باہر کی مجلس کا تو یہ رنگ تھا اور محل میں دومنیوں کا ایسا دھنک تھا کبھی تو شادی مُبارک کے کھرے کھرے ڈھول بجاتی تھیں۔ کبھی کہک کہک بدھاوے گاتی تھیں اِتنے میں رولا زنانی سواریوں کے اُترنے کا ہوا اور ایک غت کافت بیکٹھات کا پیشوا اِتنے گیا

اُترنے کی وہاں سیدھنوں کے پھبن　　کھلے پھول جیسے چمن در چمن

گلوں میں پنہانے وہ ہنس ہنس کے ہار　　ستاست وہ پھولوں کی چھڑیوں کی مار

دکھاتیں وہ ہنس ہنس کے اپنا بناؤ　　وہ آپس کی رسمیں وہ آپس کے چاؤ

اشارا وہ کنکھیوں کا لے لے کے ہاتھ　　چلے جانا کر کر کے چھڑیوں کے ساتھ

دم بدم ہنسی کے قہقہے۔ ہر آن نئے نئے چوچلے تس پر دومنیوں کی تالیاں اور رسہانی سہانی گالیاں

غرض کیا کہوں تاب مجھ میں نہیں　　نہ دیکھی کا عالم یہ کوئی کہیں

چھکا ہوں نشے میں بہت ساقیا　　مجھے بدلے اب مے کے شربت پلا

نہیں پر نہ ایسا ہو جو بار ہوں　　کہ بھر میں گلے کا تمہارے ہار ہوں

داستان شربت اور [illegible] کی مجلس

شادی میں اور محل میں بے نظیر کے جانے کی

پچھلی پہر رات تلک اِسی طرح مجلس نشاط گرم رہی۔ بعد اِس کے قاضی اور وکیل آن کر حاضر ہوئے اور موافق دستور شاہانہ مہر باندھ کر نکاح پڑھا۔ پھر خلعت و اِنعام لائق رتبے کے ہر ایک نے طرفین سے پایا۔ مبارک سلامت کی دھوم ہوئی۔ پھر شربت پلانے لگے اور ہار پان بانٹے جب اِس سے فراغت ہوئی دولھا کے محل میں بُلانے کا صلاح ٹھہری

چلا یوں وہ دولھا دُلہن کی طرف ۔۔۔ مُرے جیسے بُلبُل چمن کی طرف

غرض دو گھڑی سے بزم شادی تلک پہنچتے پہنچتے شگون کے واسطے تو ٹکے لاکھوں ہوئے جب دولھا اُس مکان میں آیا جہاں دُلہن تھی۔ کیا دیکھتا ہے کہ فرش نہایت پُر تکلّف بچھا ہے اور صحبت راگ ناچ کی مہیّا ہے۔ امیر زادیاں و زیر زادیاں عمدہ زادیاں بھاری بھاری پوشاکیں پہنے ہوئے بناؤ سنگار کئے صف باندھے برابر بیٹھی ہیں۔ گویا ایک تختہ گلزار کا پھول رہا ہے۔ وہاں ایک چراغ جھلمل کھت بچ ہوا ہے اور اُس کے آگے دلدار پیش کبر جھجھجھاتا ہوا موتیوں کی جھالر سے جڑاؤ استادوں پر کھڑا ہے اور ایک شہانی مسند لگی ہوئی ہے۔ اُس پر دُلہن لباس عروسی پہنے ہوئے زر تار جواہر میں غرق گھونگھٹ کاڑھے بیٹھی ہے۔ مُنہ اُس کا مہتاب سا جھلک رہا ہے اور بدن کی خوشبو سے سارا مکان مہک رہا ہے۔ یہ بھی خرامان خرامان اُسی مسند پر دُلہن کے پاس چاؤ سے بیٹھ گیا۔ گویا کہ زُہرہ و مشتری زمین پر فراں ہوا۔ بارے جس طرح خواہش تھی اُس طرح مہیّا ہوا۔ مزا جانی نشاط کا محبوب کنتھا اندو متی کے ہتھکنڈا

نہ رہا۔ جُدائی کا دھیان یک لخت اُٹھ گیا! دونوں کے بخت کُھلے بیڑیوں کے دروازے مُندے

نہ تھا وصل اِس طرح کا دھیان میں خُدا نے کیا آن کی آن میں

اِتنے میں نجمُ النسا لجائی ہوئی آنچل دولھے کے سر پر ڈال کر کھڑی ہوئی اور آرسی مُصحف نانر

و نیاز کے باہم دیکھنے لگے اور بایک دیگر محوِ جمال ہو گئے۔

عجب قدرتِ حق نمایاں ہوئی جِسے آرسی دیکھ حیراں ہوئی

پھر دُلہن کو بہ صد عشوہ و ناز جلوہ دینے لگیں اور رسمیں آپس میں چوچلوں سے ہونے لگیں!

کوئی سر و تنِ دولھہ سے پسرانے لگی۔ کوئی شرارت سے کاجل کو صندل لگانے! کوئی شوخی سے

دُلہن کی جوتی کو سر سے چھوانے! بعد اِس کے نوبات بنی کے بنے کو چُنی ہی بنی! غرض شرارتوں

سے دھکا دھکا کر اُس سے چُنواتیاں تھیں اور ہنس ہنسکر چھیڑتی جاتیاں تھیں! دولھہ اِن

بسکہ اُس کے ہر ایک عضو پر عاشق تھا۔ نیات جابجا سے چُنے لگا! آنکھوں کی دلی اُٹھا کر

کھائی اِس مزے سے جیسے کوئی بادامِ شیریں نوش کرے جب ہونٹھوں پر کی اُٹھانے کی نوبت پہنچی

تب لبوں سے لبیں یوں ملائیں کہ یا گُل و غنچہ بہم ہو گئے۔ کمر اور کولے کی بھی دلی کے اُٹھاتے

وقت ہاں ہوں کچھ نہ کی

ذرا پاؤں پر کی اُٹھاتے ذرا نہیں اور ہاں کا عجب غُل پڑا

لیکن ظاہر ہی میں یہہ تکرار تھی ورنہ اُس کی جان اُس کے قدموں پر نثار تھی! اُس وقت آپس

میں عجب طرح کی رنگ رلیاں تھیں کہ جتنی باتیں تھیں مصری کی ڈلیاں تھیں! رسموں کی

فراغت کے بعد صُبح ہوئی اور سواری کی دھوم مچی! دُلہن ماں باپ سے اور سارے گھر سے رُخصت

ہوئے لگی اور مانند شبنم کے رونے لگی لاچار سب کا منہ دیکھتی تھی اور کبھی دل میں کہتی تھی یہ واردات کیا ہی اور جہان کیا ہی کہ اس کی بات کو قیام نہیں۔ کبھی وصل جاناں ہی اور کبھی درد ہجراں

یہاں موت ہی اہل عرفان کو کہ جانا ہی ایک دن یوں ہیں جان کو

وہ جو درد مندی سے آشنا ہیں اُٹھاتے ہیں شادی میں غم کا مزا۔ قصہ مختصر دان دھیرا اور چھپرکھٹ دلدا پیش کیر سیٹ نکلنے لگا اور اُس کے نقد و جنس و ظروف کا بیان نہیں ہو سکتا کہ جس قدر تھا۔ ندان دولھے نے شاداں و خنداں دلہن کو گود میں اُٹھا چوندڑ میں بٹھایا اور کہاروں نے اللہ بسم اللہ کر اُٹھایا۔ دونوں طرف چنور جھلنے لگے اور لعل گوہر نثار کرنے

کھڑے تھے جو وہاں چشم کو تر کیے اُنھوں نے بھی موتی نچھاور کیے

اُدھر اُدھر سے سہرے کو بے نظیر نے گھیرا اور ایسا چاند سا مکھڑا دیکھا گھوڑے پر ہوں سوار ہوا کہ جیسے صبح کو آفتاب بلند ہووے۔ بہر شان و شوکت سے نوبت نشان ماہی مراتب آگے آگے اور بیچھے بیچھے چوندڑ میں دلہن اور براتی ہمراہ لیے دولتخانے کو چلا۔ ساعت ایک میں داخل ہوا اور ہم جو کچھ سہرے میں تھیں بہ خوبی بجا لا کر عشرت کدے میں آرام فرما ہوا اور سحر کو جو بیدار ہوا تو قمر رو نے شاہ کے بیاہ کی تیاری کو حکم کیا اور آپ وزیر کے باں گیا اور یہ کہا کہ میرا بھائی قمر رو نے شاہ بیرے بادشاہ کا بیٹا ہی اور عالی مرتبہ ہے [illegible]

میں قرابت ہونے میں مضایقہ نہیں ا غرض اُسے ہر طرح رضامند کر لکھنے ہاتھہ چوتھی کے ساتھہ اُسی تجمّل اور تیاری اور اُتنی ہی فوج اور براتیوں کی بھیڑ بھاڑ سے فیروزشاہ کا نجم النسا کے ساتھہ بیاہ کیا

دقیقہ نہ چھوڑا کسی بات میں ۔۔۔ برابر رکھی چھ دن رات میں

الغرض اُن کے کام تمام خدا نے اپنے فضل و کرم سے پورے کیے اور مطلب دل خواہ بر آئے ا ایسی دو شادیاں ہوئیں کہ چار گھر آباد ہوئے

پھرے دن تو اپنے وطن کو پھرے ۔۔۔ وہ آشفتہ بلبل چمن کو پھرے

حاصل یہہ ہی کہ سب مال و منال و جاہ و حشم لیکر ہر ایک نے اپنے اپنے شہر کا ارادہ کیا ا نجم النسا اور فیروزشاہ اپنے تخت رواں پر سوار ہو کر شادو خرم پرستان کو چلے اور بے نظیر و بدر منیر سے یہہ اقرار کیا کہ تو ہم اپنے ملک کو جاتے ہیں اور تم اپنے شہر کو لیکن اِس کا کچھہ غم واندیشہ اپنے جی میں نہ لائیو کہ ہم تم سے اکثر ملا کرینگے

تشفی وہ یہہ دیکے اودھر چلے ۔۔۔ یہہ ادھر لیے اپنا لشکر چلے

پھر بے نظیر مع بدر منیر چند روز کے عرصے میں قریب اپنے شہر کے پہنچا اور دریا کے کنارے خیمہ کیا

بعد اُس کے ہرکاروں کو حکم پہنچا کہ بستیوں میں خبر کردو کہ کوئی خوف و خطر نہ کرے کہ میں شہزادۂ بے نظیر ہوں غنیم نہیں ا تم خاطر جمع رکھو ا یہہ سُنکر جو لوگوں نے تفتیش حال کی اور جا کر دیکھا تو فی الواقع شہزادہ ہی ہی ا خوشی و خرمی ہر متنفس کو ہوئی اور بجا

شہرہ ہوا کہ وہی شہزادہ (جو غائب ہوا تھا) اِس جاہ وحشم سے پھر آیا۔ رفتہ رفتہ یہہ خبر باد۔
شاہ و ملکہ کو بھی پہنچی کہ شہزادہ خیر و عافیت سے قریب شہر کے آپہنچا ہی۔ سنتے ہی اِس خبر کے
وے مارے خوشی کے آپ میں نہ رہے۔ از بسکہ یاس سے جو اُن کا دل بھرا ہوا تھا اور آس ملنے
کی نہ تھی سچ نہ جانا۔ ہاتھہ پاؤں تھرتھرانے لگے اور رو رو کر آپس میں کہنے لگے کہ ہمیں اِس
بات کا اِعتبار نہیں کیوں کہ ہمارے نصیب اُسے دشمن ہیں خواب میں بھی اُسے نہ دکھائیں۔
ظاہر میں ملانا تو یک طرف۔ شاید یہہ شخص ارادہ ملک و مال کا کر کے آیا ہی۔ ہم آپ
ہی گرفتار اپنے حال میں ہیں۔ کسے دماغ ہی کہ اِس سے لڑے۔ آخر تو کوئی نہیں ہی۔ وہی لیوے
جو یہہ جھگڑا کہیں مت جاے تب سبھوں نے عرض کی کہ حضرت! اِس طرح کا دھیان آپ نہ
کیجیے۔ یہہ بیٹا وہی آپ کا ہی جو گم ہوا تھا۔ غنیم نہیں

غرض رات تو اِسی حرف و حکایات میں آخر ہوئی جب صبح ہوئی اور مکرر یہی بات سنی
تب تو بے اِختیار روتا ہوا بادشاہ اُس طرف کو چلا۔ جدھر بیٹے کا خیمہ تھا۔ اور اُدھر سے
وہ بادشاہ کے حضور میں آتا تھا کہ راہ میں یکایک دوچار ہوئے۔ باپ کو اُس نے پہچانا۔ دیکھا
کہ بیٹا پیادہ چلا آتا ہی۔ گھوڑے پر سے اُتر کر پیادہ ہوا اور قدموں پر گر کر کہنے لگا کہ ہزار
شکر خدا نے آپ کے پھر قدم دکھائے۔ یہی آرزو تھی جب آواز بادشاہ نے سنی دریافت کیا کہ میرا
بیٹا ہی۔ بے اختیار اُٹھ کر پھر قدموں پر سے اُس کے سر کو اُٹھا چھاتی سے لگایا اور گھڑی
دو گھڑی تلک خوب لپٹائے رکھا

یہہ رویا یہہ رویا کہ غش کو چلا کہے تو کہ آنسو کا لشکر چلا

فہرست نثرِ بے نظیر کی

صفحہ	کیفیت
۲	حمد و نعت میں
۴	کہانی کی ابتدا میں
۱۱	بے نظیر کے پیدا ہونے کی داستان
۱۷	بے نظیر کے لیے باغ بنانے کے احوال میں
۲۶	سواری کی تیاری میں
۲۷	بے نظیر کے حمام میں جانے کی داستان
۳۵	ماہ رخ پری کے عاشق ہونے میں بے نظیر برادر اُس کو بہستان لیجانے میں
۳۱	چوکیداروں کے خبر دینے میں بادشاہ کو کہ شہزادہ سوتے سوتے غائب ہوا
۴۴	بے نظیر کو بہستان لیجانے میں
۴۷	گذر کرنے میں بے نظیر کے کسی باغ کی طرف اور دیکھنے میں بدر منیر کے
۵۱	بے نظیر کے باغ جانے اور چرچا ہونے میں اُس کے بدر منیر تک
۶۱	وصل کے بیان میں
۷۰	ماہ رخ پری کے خبر پانے میں بے نظیر کے احوال سے اور اُسے کوے بیچ فید کرنے میں
۷۶	عشق بازی کے شانے میں
۸۲	رات کو بدر منیر کے رونے میں بے نظیر کی جدائی سے
۹۰	جواب دیکھنے میں بدر منیر کے بے نظیر کو کوے کے اندر
۹۱	ملاقات ہونے میں بہروز شاہ سے دوکن سے
۹۶	جوان کے بن دیکھے میں بہروز شاہ کے باپ کی مجلس میں
۱۰۲	بھاگ جانے میں بے نظیر کے کوے سے
۱۰۸	بدر منیر کے ساتھ بے نظیر کے ملنے میں
۱۱۶	بے نظیر اور بدر منیر کے بیاہ میں
۱	تشبیہ اور بیان بے میں اور محل بیچ بے نظیر کے جانے میں

غلط نامہ سب سے آخر

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۸	کوجے	کوچے
۸	۱۷	بھیجا	بھیجا
۹	۵	نہین	نہیں
۱۱	۱۱۶	اي	ای
۱۴	۱۶	دیرھہ	دیڑھہ
۳۲	۱۰	قایم	قائم
۳۲	۱۵	رخصت	رخصت
۳۶	۴ - ۵	جونہیں - وونہیں	جونہیں - وونہیں اور
۳۸	۲	طہاچے	طہاچے
۴۲	۱	پہی	پہری
۵۰	۹	کیفیت	کیفیت
[illegible]	۴	پیتھي	پیتھي
۵۳	۷	ھي	ھي
۶۱	۱۳	ھي	ھي
۶۷	۱۳	ھوي	ھوي
۸۳	۱۷	کھندھي	تھندھي
۸۶	۱۳	کھتے	کھتے
۹۲	۱۳	واہ واہ	واہ وا
۱۰۷	۱	لاي	لائي
۱۰۹	۹	دل	دل
۱۱۴	۳ - ۱۷	اور واضح	اور واضح
۱۱۵	۲	ھي	ھی
۱۱۶	۹ - ۱۰	جنگریں - آپتے	جنگریں آپتے

جہاں لفظوں میں نقطے یا اعراب سر کے ہوں اُنہیں چھوڑ دیا چاہیے کہ ہر ایک منشی د

00070582

Digitized with financial assistance from the
Government of Maharashtra
on 03 December, 2015